مکتوباتِ

# حضرت مسعودِ ملت

بنام

## مولانا جاوید اقبال مظہری

مرتبہ

محمد عبدالستار طاہر

مظہری پبلی کیشنز کراچی

اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۴۲۵ھ / ۲۰۰۵ء

Marfat.com

# مکتوباتِ
# حضرت مسعودِ ملّت
بنام
## مولانا جاوید اقبال مظہری

مرتبہ
محمد عبدالستار طاہر

مظہری پبلی کیشنز کراچی
اسلامی جمہوریہ پاکستان
۱۴۲۵ھ / ۲۰۰۵ء

Marfat.com

جملہ حقوق طباعت بحق میاں محمد مظہر مسعود مسعودی اور میاں محمد طٰہٰ مسعودی سلمہا اللہ تعالیٰ محفوظ ہیں

نام کتاب ــــــ حضرت مسعود ملت بنام مولانا جاوید اقبال مظہری

مکتوب نگار ــــــ پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد

مرتب ــــــ محمد عبدالستار طاہر مسعودی

پروف ریڈنگ ــــــ محمد عبدالستار طاہر مسعودی

تعداد ــــــ ۱۱۰۰

کمپوزنگ سوانح مکتوب الیہ ــــــ سید سعید حسن شاہ زیدی

کمپوزنگ مکاتیب ــــــ آکاش

باہتمام ــــــ ملک محمد سعید مسعودی مجاہد آبادی

سن اشاعت ــــــ محرم الحرام ۱۴۲۵ھ / فروری ۲۰۰۴ء

قیمت ــــــ ۶۵ روپیہ

81366

## ملنے کے پتے

۱۔ ادارۂ مسعودیہ ۲/۶،۵، ای ناظم آباد کراچی۔ فون 6614747

۲۔ ضیاء الاسلام پبلی کیشنز، ضیاء منزل (شوگن مینشن) آف محمد بن قاسم روڈ، کراچی۔
فون:2213973

۳۔ مکتوبہ رضویہ، عقب آرام باغ، کراچی۔ فون 2126464

۴۔ مظہری پبلی کیشنز، ۲۳سی، اسٹیڈیم لین ۴، فیز ۵، خیابان شمشیر، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی،
کراچی۔ فون:5840993

۵۔ دربارِ عالیہ مرشد آباد، بالمقابل سول اینڈ آڈٹ کالونی، کوہاٹ روڈ، پشاور شہر۔
فون:231165

۶۔ ادارۂ مظہر اسلام، نئی آبادی، مجاہد آباد، لاہور

Marfat.com

میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی
ذخیرہ
۵




بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ابتدائیہ

مکتوبات کے لکھنے لکھانے کا سلسلہ قدیم دور سے جاری وساری ہے۔اس کی اہمیت ہر دور میں مسلمہ رہی ہے۔—— حضرت سیدنا سلیمان علیہ السلام نے ملکہ بلقیس کو خط کے ذریعے دعوت اسلام دی تھی۔جس کا ثبوت قرآن حکیم سے ملتا ہے۔

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دعوت اسلام کے لیے مختلف سربرابان مملکت کے نام مکتوبات تحریر کروائے جوکہ آج بھی تاریخ میں محفوظ ہیں۔

خلفائے عظام رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا بھی یہی معمول رہا۔اپنے نائبین کو خطوط ہی کے ذریعے احکامات وہدایات دی جاتی تھیں۔——یوں احیائے اسلام کی ترویج واشاعت کے لیے مکتوبات نگاری کو سنت نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا درجہ حاصل ہے۔

سلف وصالحین ،اولیائے کرام وعلمائے عظام اپنے مریدین ومحبین کو اصلاح احوال کے لیے خطوط تحریر کرتے آئے ہیں۔

سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کو مکتوبات کے ضمن میں ایک خاص مقام حاصل ہے۔ چنانچہ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی علیہ الرحمہ کے مکتوبات شریف محتاج تعارف نہیں۔آپ کے مکتوبات شریف علوم اسلامیہ کا خزینہ ہیں اوران کو عالمی حیثیت حاصل ہے۔

شیخ الاسلام حضرت مفتی اعظم علامہ شاہ محمد مظہر اللہ دہلوی علیہ الرحمہ (م ۱۹۶۶ء) کا اوائل عمری سے پیرانہ سالی تک باوجود نقاہت کے یہ معمول رہا کہ اپنے نام آنے والے خطوط کے جوابات خود تحریر فرمایا کرتے تھے—— آپ کے مکتوبات عالیہ ''مکاتیب مظہری''

Marfat.com

کے عنوان سے ادارہ مسعودیہ کراچی نے بڑے دیدہ زیب انداز میں شائع کیئے ہیں۔ ''مکاتیب مظہری'' میں علم وحکمت کا ایک دریا بہتا نظر آتا ہے۔

حضرت مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد زید لطفہٗ نے اپنے والد گرامی کی اس سنت کو زندہ وتابندہ رکھا ہے۔ آپ نے اس روایت کو برقرار رکھتے ہوئے اوائل عمری سے ہی اپنے نام آمدہ ہر خط کا جواب مرحمت فرمایا—— آپ آج بھی باوجود علالت ونقاہت کے پیرانہ سالی میں اس سنت کو جاری وساری رکھے ہوئے ہیں۔ مولیٰ کریم آپ کا سایہ ہماپایہ ہمارے سروں پر قائم ودائم رکھے۔ آمین!

حضرت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مدظلہ العالی کے مکتوبات شریف میں علم وحکمت کی گہرائی، شریعت اسلامیہ کی راہنمائی، تصوف وسلوک کی باریک بینی، انسانی زندگی کا واضح نظام العمل اور عوام الناس کے مسائل کا حکیمانہ حل موجود ہے۔

ماہر مسعودیات برادرم محمد عبدالستار طاہر (والٹن) لاہور کینٹ نے حضرت مسعود ملت کے مکتوبات شریف کی چند مجلدات قلمی مرتب کی ہیں، جن میں سے ایک جلد بنام ''پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد کے اہم مکاتیب'' کی کمپوزنگ گیارہ صد (1100) صفحات پر ہو چکی ہے۔ حال ہی میں تعزیتی خطوط پر مشتمل ایک مجموعہ خطوط شائع ہوا ہے۔—— علاوہ ازیں ''حضرت مسعود ملت کے مکاتیب میں امام احمد رضا پر تحقیق ورہنمائی'' کمپوزنگ کے مراحل سے گزر رہی ہے۔ انشاء اللہ العزیز بہت جلد مکتوبات شریف کی مجلدات شائع ہوں گی۔ یہ مکتوبات شریف عالم اسلام کا ایک عظیم ورثہ ثابت ہوگا۔

زیر نظر کتاب ''مکتوبات حضرت مسعود ملت بنام مولانا جاوید اقبال مظہری'' برادرم صوفی محمد عبدالستار طاہر مسعودی نے بڑی عرق ریزی اور جانفشانی سے مرتب کی ہے۔ یہ 100 کے لگ بھگ خطوط کا بہترین مجموعہ ہے جو کہ حضرت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد مدظلہ

Marfat.com

العالی نے مولانا جاوید اقبال مظہری صاحب کو وقتاً فوقتاً تحریر کئے ہیں۔ برادرم محمد عبد الستار طاہر نے مولانا جاوید اقبال مظہری صاحب کے حالات زندگی پہلی مرتبہ انتہائی تحقیقی و جدید انداز میں تحریر کیئے ہیں، جس سے مکتوب الیہ کی شخصیت نکھر کر سامنے آتی ہے۔ نیز ان کے علمی وتحقیقی کاموں پر بھی بڑی عمدگی سے روشنی ڈالی ہے جو کہ اہل علم کے لیے ایک خاصے کی چیز ہے۔

جناب مولانا جاوید اقبال مظہری صاحب حضرت مفتی اعظم علامہ شاہ محمد مظہر اللہ دہلوی علیہ الرحمہ شاہی امام مسجد وخطیب جامع فتحپوری دہلی (انڈیا) سے بیعت وتربیت یافتہ ہیں، جبکہ **مجدد مائتہ حاضرہ سعادت لوح و قلم** حضرت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب مدظلہ العالی سے خلافت کا اعزاز رکھتے ہیں۔ اُن کی دونوں نسبتیں بڑی مظبوط تر ہیں۔ وہ مظہری ومسعودی رنگ میں رنگے ہوئے ہیں۔

**مجدد مائتہ حاضرہ** حضرت مسعود ملت اپنے مکتوب گرامی بنام محمد عبد الستار طاہر میں جناب مولانا جاوید اقبال مظہری صاحب کے متعلق یوں رقم طراز ہیں:

''مولانا جاوید اقبال صاحب کی نسبت بڑی قوی ہے۔
زندگی بھر کبھی پریشانی کا اظہار نہ کیا، نہ دنیا کی کوئی بات کہی —— صابر وقانع اور صاحب استقامت ہیں۔

(مکتوب محررہ ۱۳/ رمضان المبارک ۱۴۲۴ھ)

مولانا جاوید اقبال مظہری صاحب اس لحاظ سے پہلے خوش نصیب ہیں کہ فرد واحد کی حیثیت میں ان کے نام محررہ مکتوبات مسعودی منظر عام پر آرہے ہیں۔ اس خصوص میں اولیت کا سہرا ان کے سر ہے۔

Marfat.com

اس مجموعہ کی تدوین واشاعت سے قبلہ ڈاکٹر صاحب کے دیگر محبین ومتوسلین کو بھی ترغیب وتحریک ہوگی کہ وہ اپنے اپنے نام آمدہ مکاتیب مسعود ملت کو (جو کہ عالم اسلام کی امانت ہیں) افادہ عام کے لیے منظر عام پر لائیں یا پھر اُن کے فوٹو کاپی (عکس) درج ذیل ایڈریس پر بھجوادیں۔

محمد عبدالستار طاہر مسعودی

E-III-A- پیر کالونی۔مین روڈ والٹن۔لاہور کینٹ

پوسٹ کوڈ نمبر 54810

قارئین کرام احقر زیادہ دیر آپ اور خطوط کے درمیان حائل نہیں رہنا چاہتا۔انہی سطور پر اکتفا کرتا ہوں۔

جو کچھ تحریر کیا میرے وَلیٔ نعمت مرشد برحق مجدد مائتہ حاضرہ سعادت لوح وقلم،قبلہ و کعبہ حضرت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب مدظلہ العالی کا فیضان نظر ہے۔کوئی غلطی، کوتاہی، لغزش ہوگئی ہوتو رب العالمین جل جلالہٗ سے مغفرت کا طالب ہوں۔

اللہ کریم دنیا و آخرت میں حضرت مسعود ملت کی غلامی میں اٹھائے۔آمین!بجاہ نبی الکریم صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم!۔

احقر

**محمد سعید مجاھد آبادی**

نگران

**ادارہ مظہر اسلام**

۳/۶۴۔نئی آبادی۔مجاہد آباد

مغلپورہ۔لاہور۔54840

۱۶ ذیقعد ۱۴۲۴ھ/۹ جنوری ۲۰۰۴ء

بوقت: ۲:۰۰ بجے رات

Marfat.com

# مکتوبات شریف

از

حضرت مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

Marfat.com

۱۹۸۴ء

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج
ٹھٹھہ (سندھ)
۲۹ اگست ۱۹۸۴ء

عزیزم سلمکم!

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔ محبت نامہ موصول ہوا، شکریہ! ــــ مناقب کسی شاعر کو دکھا دیں اور تصحیح کرا کر بھیج دیں۔

سوسائٹی کا ڈائریکٹر ہونا تو اچھی بات ہے مگر سوسائٹیوں میں خلاف شرع امور کا ارتکاب ہوتا ہے۔ اور اللہ کی مخلوق پریشان ہوتی ہے ــــ اگر اس سوسائٹی میں کوئی خلافِ شرع بات نظر نہ آئے تو قبول کرنے میں مضائقہ نہیں ــــ ماشاء اللہ آپ کی نسبت کامل اور رابطہ مکمل ہے، اس لیے امید قوی ہے کہ صراط مستقیم پر قائم رہیں گے۔

قبلہ قاری سید حفیظ الرحمن صاحب ۲۶ اگست ۱۹۸۴ء شام کو بہاول پور میں انتقال فرما گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون![1] ــــ ان کے لیے ایصال ثواب کریں اور والد صاحب کو اور باڑی صاحب کو بتا دیں، اور شیخ محمد صبور صاحب کو فون نمبر ۴۳۶۷۸۶ پر بتا دیں اور یہ کہہ دیں کہ شیخ عبدالعزیز، شیخ محمد تقی، شیخ عبدالغنی اور شیخ محمد عثمان وغیرہ کو بھی بتا دیں۔ مندرجہ بالا فون نمبر گھر کا ہے۔ فیکٹری کا نمبر ۲۹۱۶۶۹ ہے۔

والد صاحب اور والدہ صاحبہ کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان کو دعائیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

---

۱۔ قاری سید حفیظ الرحمن صاحب قبلہ ڈاکٹر صاحب کے بہنوئی، پیرزادہ سید محمد طاہر مظہری، سید محمد فاخر (خلفاء مسعود ملت) اور پروفیسر ڈاکٹر سید محمد عارف کے والد گرامی تھے ــــ قاری سید حفیظ الرحمن علیہ الرحمہ کے تفصیلی حالات کے لیے ملاحظہ فرمائیں۔

''عاشق رسول'' مرتبہ پروفیسر ڈاکٹر سید محمد عارف، مطبوعہ بہاولپور ۱۹۹۷ء

Marfat.com

۱۹۸۵ء

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

یکم محرم الحرام ۱۴۰۶ھ/ ۱۷ ستمبر ۱۹۸۵ء

اخی العزیز سلّمہم وابقاکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ محبت نامہ باعث فرحت ہوا۔ احوال معلوم ہوکر مسرت ہوئی ــــ اتباع سنت میں عزت ہی عزت ہے اور محبت اس کی روح ہے۔ یہ ایسی عزت ہے جس کو کوئی نہیں چھین سکتا ــــ رجوع خلق حق تعالیٰ کی طرف سے ہے، ــــ احقر کئی روز سے سوچ رہا تھا کہ آپ کو اور دوسرے حضرات کو بیعت کی اجازت دے کہ آپ کا محبت نامہ ملا، الحمد للہ کہ آپ سبقت لے گئے۔ آپ کو فقیر کی طرف سے بیعت کی اجازت ہے۔

جو مرید ہونا چاہے اس کو اپنے سامنے بٹھائیں اور خود قبلہ رخ بیٹھیں۔ پھر اس کا داھنا ھاتھ اپنے داھنے ھاتھ میں لیں اور بایاں ھاتھ بائیں ھاتھ میں لیں۔ اس کے بعد کلمہ ردِ کفر تلقین کریں۔ تلقین کے بعد اپنے دل کی طرف متوجہ ہوکر طالب کے قلب میں خیال جمائیں کہ جو نسبت میرے قلب میں ہے وہ طالب کے قلب میں پہنچ رہی ہے۔ اور طالب سے بھی کہیں کہ آنکھ بند کر کے اپنے دل کی طرف متوجہ رہے۔ جب تک دل لگے مراقبہ اور توجہ جاری رکھیں۔ اس کے بعد ھاتھ چھوڑ کر دعا کریں ــــ طالب کو نماز کی تلقین، نیز درود شریف پڑھنے اور سنت پر عمل کرنے کی ہدایت کریں۔ اہل وعیال اور عزیزوں کے ساتھ محبت والفت کی ہدایت کریں۔

Marfat.com

جب انسان کا قلب صاف ہو جاتا ہے تو واقعات منعکس ہونے لگتے ہیں۔ اس کو مولیٰ تعالیٰ کا کرم سمجھیں اور شکر ادا کریں ——— جہاں تک ممکن ہو ظاہر نہ کریں، اور جب ظاہر کر دیں تو آیت کریمہ و اما بنعمت ربك فحدث کی طرف خیال کریں کہ تحدیث نعمت کی بھی ہدایت کی گئی ہے۔ جو وظائف آپ نے بتائے اس کی اجازت ہے۔ جو طالب آئے اس کو داخل سلسلہ کریں اور اس کی طلب کو اللہ کی رحمت سمجھیں ———

اپنے چچا صاحب کو سلام کہہ دیں۔ ان کے لیے تعویذ دیا ہے یا نہیں؟ اگر نہیں دیا تو انشاء اللہ تعالیٰ بھیج دیا جائے گا ——— دنیا کی طرف توجہ باعث اضطراب ہے اور اللہ کی طرف توجہ باعث طمانیت! ——— طمانیت کا سامان موجود ہے، پھر بھی انسان اضطراب پسند ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے ہی طرف متوجہ رکھے کہ من له المولی فله الکل

والد ماجد اور والدہ صاحبہ کو سلام کہہ دیں۔ دلہن اور بہن بھائیوں کو دعائیں۔

فقط والسلام

احقر: محمد مسعود احمد عفی عنہ

(۲)

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۵ اکتوبر ۱۹۸۵ء

برادر عزیز زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ——— امید ہے کہ مزاج بخیر ہوں گے۔

برادرم جاوید سلطان جاپان والا کے نام ایک لفافہ ارسال کر رہا ہوں۔ آپ خود مل کر یہ لفافہ

Marfat.com

دے دیں۔ اگر کوئی جواب دیں تو ارسال کر دیں۔ ملاقات ممکن نہ ہو تو بذریعہ رجسٹری ان کو بھیج دیں۔

والدین کریمین، برادران سلمھم الرحمٰن اور ہمشیرگان سلمھن الرحمٰن کو دعا کہہ دیں۔ دلہن سلمہا کو دعائیں۔

تعویذ ارسال کر رہا ہوں۔ چچا صاحب کو سلام کہہ دیں اور کہیں کہ یہ تعویذ داھنے ھاتھ پر موم جامہ کر کے باندھ لیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی مشکل آسان فرمائے۔ آمین!

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

۱۹۸۶ء

(۱)

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج
ٹھٹھہ (سندھ)
۱۰ مارچ ۱۹۸۶ء

اخی العزیز زید مجدہٗ!

وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔ آپ کے دونوں محبت نامے مل گئے تھے۔ مصروفیات نے مہلت نہ دی، خیال نہ کریں۔

(۱) "تفسیر نعیمی" (مولانا احمد یار خاں صاحب) اور "تفسیر ضیاء القرآن" (پیر کرم شاہ

Marfat.com

صاحب) کا مطالعہ مناسب ہوگا'——— مسائل کے لیے ''قانون شریعت'' (مولانا شمس الدین احمد) اور ''بہار شریعت'' (مولانا امجد علی صاحب) مطالعہ میں رکھیں۔

۲ بخاری شریف ترجمہ مولانا عبدالحکیم اختر شاہجہان پوری زیادہ مناسب رہے گی۔
''معیار السلوک'' احقر کے پاس ہے، مل گئی تو دے دی جائے گی۔ انشاء اللہ!

۳ راہِ سلوک میں زیادہ غور وفکر کی ضرورت نہیں۔ حضرت قبلہ قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ العزیز سے رابطہ قوی رکھیں۔ انشاء اللہ ساری الجھنیں دور ہو جائیں گی——— شجرہ شریف میں جو کچھ بیان کیا ہے، آپ دونوں کے لیے اتنا ہی کافی ہے۔ اصل چیز توجہ الی اللہ اور اتباع ومحبتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم وعشاقان رسول رحمھم اللہ تعالیٰ ورضی اللہ تعالیٰ عنھم ہے۔ یہ حاصل ہوگئی تو سب کچھ حاصل ہوگیا۔

۴ احمد دین صاحب کے ھاں اگر صحیح العقیدہ علماء آئیں اور محفل میں دنیوی باتوں سے اجتناب کیا جائے تو شرکت میں مضائقہ نہیں۔

۵ حضرت علامہ اختر رضا خاں صاحب ازراہ کرم غریب خانے پر ٹھٹھہ تشریف لائے۔ الحمدللہ! ملاقات ہوگئی۔ بڑا اکرم فرماتے ہیں۔

۶ حضرات اہل اللہ کے مزارات پر ضرور جائیں، اجازت ہے۔

۷ ساہیوال میں صاحبزادہ مولانا منظور احمد صاحب تھے، جن کا وصال ہوگیا۔ اب ان کے صاحبزادے خرم عتیق صاحب ہیں۔ مندرجہ ذیل پتے پر ان سے ملاقات کریں:

۱۲۰۔ سول لائینز۔ نزد گورنمنٹ کمرشل انسٹی ٹیوٹ، ساہیوال

۸ ہمشیرگان کو دعا کہہ دیں۔ اس کا بالکل خیال نہ کریں کہ جلدی میں سلام کر کے چلی گئیں۔ اللہ تعالیٰ سب کو خوش وخرم رکھے——— اہلیہ کے لیے بھی دعا گو ہوں۔ مولیٰ تعالیٰ بخیر وعافیت فارغ کر دے۔ آمین! سب کو دعا کہہ دیں۔

Marfat.com

⑨ انشاء اللہ ۲۱ مارچ کو حاضر ہوں گا۔ اسی روز بعد نماز عصر عزیزم محمد احمد (ابن برادرم ذکر الرحمٰن صاحب) کا نکاح ہے۔ وہاں سے فارغ ہو کر جلد پہنچنے کی کوشش کروں گا انشاء اللہ!

⑩ جو کتاب دی تھی، وہ کتاب اور فلمیں ساتھ لیتے آئیں۔

والدین کریمین کو سلام کہدیں۔ میاں مسرور احمد سلمہٗ سلام کہتے ہیں۔ ۲۵ مارچ سے ان کے امتحان ہیں، پڑھائی میں مصروف ہیں۔

میاں شکیل احمد کی صاحبزادی کو موتی جھرہ نکل آیا تھا۔ حالت خطرناک ہوگئی تھی۔ اب رو بہ صحت ہے۔ اس کے لیے دعا کریں۔ میاں شکیل کو فون بھی کر لیں ــــــ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنی رضا پر راضی رکھے۔ یہ بڑی دولت ہے۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۲)

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۱۲ اپریل ۱۹۸۶ء

اخی العزیز زید مجدکم[۱]!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ محبت نامہ باعث سرور وانبساط ہوا۔

---

۱۔ قبلہ ڈاکٹر صاحب کے برادر نسبتی، جو گزشتہ سال قضائے الٰہی سے انتقال فرما گئے۔ موصوف قبلہ ڈاکٹر صاحب کو بھائیوں کی طرح عزیز تھے۔ طاہر

Marfat.com

فیوض و برکات کے ساتھ واپسی مبارک ہو ـــــ مولیٰ تعالیٰ اپنے بے کراں انعامات سے نوازے، اور جادۂ شریعت پر استقامت عطا فرمائے۔ آمین! تفصیلات معلوم کر کے دلی مسرت ہوئی۔

کانفرنس کا خیال اچھا ہے لیکن یہ چیزیں حضرت علیہ الرحمہ کے مزاج گرامی کے خلاف ہیں ـــــ عرس شریف پر احقر حضرت قدس سرہٗ کے محامد و محاسن بیان کرتا تھا، خواب میں حکم ملا کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا ذکر مبارک کیا جائے ـــــ اسی طرح شمائل ترمذی شریف میں احقر نے مقدمہ لکھا تھا جس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا سراپا بیان کیا گیا ہے۔ ارشاد ہوا کہ اس کو الگ شائع کیا جائے ـــــ [1] حضرت قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ العزیز فنافی الرسول اور فنافی اللہ تھے۔ اس لیے مناسب یہ ہے کہ ۱۱ اور ۱۲ ربیع الاوّل کی درمیانی شب کو محفل میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم قائم کی جائے۔

ایک جمعہ کو آرام باغ کی جامع مسجد میں نماز ادا کی۔ تقریر میں مولانا اطہر نعیمی صاحب فرما رہے تھے کہ مسجد میں اس مبارک موقع پر کوئی اہتمام نہیں ہوتا۔ اگر واقعی اہتمام نہیں ہوتا تو حضرت علیہ الرحمہ کی یاد میں محفل پاک یہاں قائم کی جائے تو مناسب ہے۔ آپ اوقاف سے تحقیق کر کے معلوم کر لیں اور برادران طریقت سے مشورہ کر لیں۔

احقر انشاء اللہ العزیز ۱۷ اپریل کو کراچی پہنچے گا اور شاید ۲۵ اپریل تک قیام رہے۔ ۲۵ اپریل کو میاں شکیل احمد بھی اپنے ھاں میلاد کا ارادہ رکھتے ہیں۔ ۱۹ اپریل کو یوم صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے۔ اور ۲۰ اپریل کو ایک عزیز کا چالیسواں ہے ـــــ اگر کوئی امر مانع نہ ہوا تو یہی پروگرام ہوگا۔ انشاء اللہ! ـــــ جمعہ کو ماھانہ محفل میں ملاقات ہوگی اور تفصیلاً بات بھی ہو جائیگی۔ ہاں عرس شریف پر آپ بھی تقریر کریں گے۔

بھائی کی ملازمت پر لگ جانے کی خبر باعثِ مسرت ہے۔ ان کو مبارک باد کہہ دیں۔ اور نماز کی پھر تاکید کر دیں۔ خالق و رازق کو راضی کرنا ضروری ہے۔ یہ آدابِ بندگی کے

---

[1] یہ مقدمہ ''جان ایمان'' کے عنوان سے مرکزی مجلس امام اعظم، لاہور نے شائع کیا ـــــ طاہر

Marfat.com

خلاف ہے کہ رزق تو اس کا کھائیں اور حکم نہ مانیں۔ حقیقی لذت اطاعت میں ہے ـــــ اور یہی عظمت و عزت بھی اسی میں ہے۔

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان کو سلام اور دعائیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۳)

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۱۵ اپریل ۱۹۸۶ء

اخی العزیز زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ لفافے موصول ہو گئے۔ شکریہ! آپ کے محبت نامے کا جواب ارسال کیا ہے، ملا ہوگا۔

۱۴ شعبان کو مستورات کے لیے حسب معمول میاں شکیل احمد کے ہاں انتظام ہوگا۔ والدہ صاحبہ، ہمشیرگان اور دلہن کو دعوت دے دیں۔ ۵ بجے قرآن خوانی شروع ہوگی، اس کے بعد میلاد پاک اور طعام۔

والدین کو سلام کہہ دیں۔ بہنوں کو اور دلہن کو نیز برادران کو دعائیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۴)

## باسمہٖ تعالیٰ

Marfat.com

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

یکم مئی ۱۹۸۶ء

اخی العزیز سلمکم وابقاکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے کہ بخیریت ہوں گے۔ الحمدللہ عرس شریف کا پروگرام بحسن وخوبی انجام پذیر ہوا۔ آپ نے قولی اور عملی جو حصہ لیا مولیٰ تعالیٰ اس کا اجر عظیم عطا فرمائے اور مزید روحانی ترقیوں سے نوازے۔ جادۂ شریعت پر استقامت عطا فرمائے۔ آمین!

اس سال کا انکم ٹیکس شیڈول بنانا ہے۔ تفصیلات منسلک کر رہا ہوں، بنا کر بھیج دیں۔ والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان کو دعا کہہ دیں اور نماز کی تاکید کر دیں۔ گھر میں سب سلام کہتے ہیں۔ دلہن کو بہت بہت دعا کہہ دیں۔

فقط والسلام

احقر: محمد مسعود احمد عفی عنہ

(۵)

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۵ رمضان المبارک ۱۴۰۶ھ / ۱۴ مئی ۱۹۸۶ء

عزیز گرامی زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہٗ محبت نامہ باعثِ فرحت و

Marfat.com

انبساط ہوا۔شیڈول مل گیا۔شکریہ!ــــ ۵ جون سے تعطیلات ہوں گی۔

ماھانہ محفل کا دعوت نامہ مل گیا۔رمضان المبارک میں بعد نماز عصر محفل ہوتی ہے۔ آپ شاید بھول گئے۔احقر کا خیال تھا کہ آپ کو لکھ دوں مگر نہ لکھ سکا۔خیر اللہ مالک ہے!

اسلام آباد میں ڈائیریکٹری کی پوسٹ کے لیے پیشکش ملی تھی۔اس خیال سے انکار کر دیا کہ یہاں سے بہت دوری ہو جائے گی۔اور ماھانہ جو سعادت ملتی ہے، اس سے محرومی ہو جائے گی اللہ تعالیٰ بہتری فرمائے۔آمین!

والدین کو سلام کہہ دیں۔ہمشیرگان اور برادران کو دعائیں۔گھر میں سب سلام کہتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہٗ

(۲)

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۴ ستمبر ۱۹۸۶ء

عزیزم زید مجدہٗ!

وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ ۔مکتوب عزیز موصول ہوا۔یہ پڑھ کر خوشی ہوئی کہ ایک طالب کو داخل سلسلہ کیا۔اللہ تعالیٰ اور برکت فرمائے۔آمین!مخلوق کا رجوع ہونا رب کریم کا کرم خاص ہے۔شکر ادا کرنا چاہیے تاکہ باعث زیادتی نعمت ہو ــــ

پہلے خواب سے اس طرف اشارہ ملتا ہے کہ بحمد اللہ تعالیٰ رابطہ قوی ہے۔اور دوسرے

Marfat.com

خواب سے سلسلہ عالیہ کی اشاعت کی طرف اشارہ ملتا ہے۔ دونوں خواب مبارک ہیں۔

حضرت سید امام علی شاہ رحمتہ اللہ علیہ کا وصال ۱۸۶۵ء میں ہوا۔ یہ کلمات وصال سے کچھ عرصہ قبل ہی ارشاد فرمائے ہوں گے۔ حضرت قبلہ رحمتہ اللہ علیہ کا وصال ۱۹۶۶ء میں ہوا۔ گویا حضرت کی حیاتِ طیبہ میں اس ارشاد کو ایک صدی گزر چکی تھی۔ اس لیے اشارہ حضرت علیہ الرحمہ کی طرف معلوم ہوتا ہے۔ واللہ اعلم!

اس سے قبل ایک پوسٹ کارڈ بھیجا ہے، ملا ہوگا۔ والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ آپ کے والد ماجد نے فقیر کی گزارشات پر عمل کر کے بہت مسرور کیا۔ مولیٰ تعالیٰ اس حسن عمل کا اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین!

حقیقت یہ ہے کہ جو دل محبت کے لیے بنایا گیا ہو، اس میں نفرت کے خس و خاشاک اچھے نہیں معلوم ہوتے ــــــ حریم جاناں کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ حسن عمل کی مزید توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

برادران و ہمشیرگان اور دلہن کو دعا کہہ دیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۷)

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۶ ستمبر ۱۹۸۶ء

برادرم زید مجدہٗ!

Marfat.com

سلام مسنون!ـــــ فرزند ارجمند کی ولادت باسعادت باعثِ فرحت و انبساط ہوئی۔ مولیٰ تعالیٰ اس کا آنا سب کے لیے مبارک فرمائے اور دارین میں سرفراز فرمائے۔ آمین! والدین کریمین کو مبارک باد کہہ دیں۔

چار نام ذھن میں آرہے ہیں۔ جو سب کو پسند ہو، وہی رکھ دیں:

۱ محمد مظہر جمال ۲ مظہر مسعود ۳ صباح السعید ۴ محمد طاسین

مولیٰ تعالیٰ آپ سب کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ آمین! سب کو سلام کہہ دیں

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۸)

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۲۲ ستمبر ۱۹۸۶ء

عزیز گرامی منزلت سلمکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ محبت نامہ باعث فرحت و انبساط ہوا۔ نام بہت مناسب ہے۔ اللہ تعالیٰ مبارک فرمائے۔ آمین!

پھوپھی زاد بہن کے خط کا جواب الگ لفافے میں ارسال کر رہا ہوں۔ وہ ان کو دے دیں۔

برادرم جاوید سلطان جاپان والا کے نام لفافے بھیج رہا ہوں، جلد از جلد ملنے کی کوشش کریں۔ جو جواب دیں وہ فون پر بتادیں۔

Marfat.com

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ بہن بھائیوں اور دلہن کو دعائیں۔ محمد مظہر مسعود سلّمہٗ کو بہت بہت پیار ــــــ

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۹)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۳۰ اکتوبر ۱۹۸۶ء

برادرم زید مجدہ'!

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ'۔ امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔ غالباً آپ حسب وعدہ ماھانہ محفل میں کاغذات لانا بھول گئے۔ بذریعہ رجسٹری ارسال کریں۔

عرس شریف میں شرکت کا اجازت نامہ مل جائے تو مطلع کر دیں۔ اللہ تعالیٰ اس سعادت سے بہرہ ور فرمائے اور حضرت مجدد علیہ الرحمہ کے باطنی فیوض و برکات سے مستفیض فرمائے۔ آمین!

والدین کریمین کو سلام کہدیں۔ بہن بھائیوں اور دلہن کو دعائیں۔ دلہن کو نماز کی تاکید کریں۔ جتنی پڑھ سکیں، پابندی سے پڑھیں۔ مظہر مسعود کی بہت بہت پیار۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۲۶ نومبر ۱۹۸۶ء

برادرِ عزیز سلمکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ اُمید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔ مرسلہ درخواست اور خطوط مل گئے۔ آپ کی منقبت بہت خوب ہے۔ جذبات بہت ہی پاکیزہ ہیں۔ کسی شاعر کو دکھالیا کریں۔ تاکہ وزن میں خالی نہ رہے۔

یہ معلوم ہو کر مسرت ہوئی کہ حضرت پیر فضل الرحمٰن مجددی مدظلہ نے وعدہ فرمالیا ہے۔ فقیر کسی لائق نہیں۔ یہ آپ کی محبت ہے کہ فقیر کی موجودگی میں آپ مجلس میں کیف محسوس کرتے ہیں۔

دنیوی علوم واقعی بے کیف ہیں۔ طبع سلیم کا ان کی طرف متوجہ ہونا بہت مشکل ہے۔ مضامینِ تصوف اور واردات طریقت کا غالب رہنا مبارک علامت ہے۔ والدین کی خواہش ہے تو ضرور پورا کریں۔ مگر ہر علم کو شریعت کے مطابق استعمال کریں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو مزید ترقیات سے نوازے۔ آمین!

سرھند شریف کی حاضری کے متعلق معلوم نہ ہو سکا۔ اگر بلاوا نہیں آیا تو پھر یہ آپ کے حق میں بہتر ہوگا۔ مولیٰ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہیں۔ اسی میں سکون وطمانیت ہے، ورنہ اضطراب کے سوا کچھ نہیں۔

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ بہن بھائیوں کو دعائیں۔ دلہن کو دعا اور اعزی مظہر

Marfat.com

مسعود سلمہٗ کو بہت بہت پیار ـــــــ

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۱۱)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹہ (سندھ)

۳ دسمبر ۱۹۸۶ء

عزیز گرامی سلمہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ محبت نامہ پھر دعوت نامہ موصول ہوئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شرکت ہوگی۔ ممکن ہے کہ اہل وعیال بھی ساتھ ہوں۔ اللہ تعالیٰ نومولود سلمہٗ کو اپنے حفظ وامان میں رکھے اور دارین کی سعادت سے بہرہ ور فرمائے آمین!

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران وہمشیرگان اور دلہن کو دعائیں۔ مظہر مسعود سلمہٗ کو بہت بہت پیار۔ میاں مسرور احمد سلمہٗ سلام کہتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

## ۱۹۸۷ء

(۱)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

81366

Marfat.com

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۳۰ جنوری ۱۹۸۷ء

عزیز گرامی رفع اللہ قدرکم ومنزلتکم!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ محبت نامہ مسرت شمامہ موصول ہوا۔ اللہ تعالیٰ اس سوز و ساز میں اور ترقی عطا فرمائے۔ آمین! ——— ''رابطہ'' ارادت و بیعت کا حاصل ہے۔ الحمدللہ علیٰ احسانہٖ کہ یہ آپ کو بدرجہ اتم میسر ہے ——— یہ بڑی نعمت ہے جتنا شکر ادا کیا جائے کم ہے۔

لفافوں کا ممنون ہوں۔ خطوط کے جواب دینے میں جو اجر و ثواب ملتا ہے، اب آپ بھی اس میں شریک ہوگئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو دارین کی سعادتوں سے بہرہ ور فرمائے۔ آمین!

برادرم محمد یونس باڑی صاحب آجکل مالک دکان کی طرف سے سخت پریشان ہیں۔ ایک تعویذ بھیج رہا ہوں۔ اس کے نیچے دکان کے مالک کا نام مع اس کی ماں کے نام لکھ کر بند کر دیں۔ تین بار یا حل المشکلات اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھ کر دم کر کے باڑی صاحب کو دے دیں کہ اس تعویذ کو آگ کے نیچے دفن کر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ ان کے دشمنوں کو مغلوب و مقہور فرمائے۔ آمین!

گھر میں سب کو سلام و دعا کہہ دیں۔ مظہر مسعود سلمہٗ کو بہت بہت پیار۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Marfat.com

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۲۰ فروری ۱۹۸۷ء

برادرم زید مجدہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ـــــ امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔

احقر گیا ہوا تھا۔ معلوم ہوا کہ آپ کا فون آیا تھا، اور یہ خوش خبری سنائی کہ آپ ایل۔ ایل۔ بی میں کامیاب ہوگئے۔ ہماری طرف سے دلی مبارک باد قبول کریں۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو خوب خوب نوازے۔ آمین!

بھائیوں کی شادیاں بھی مبارک ہوں۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کے والدین کو بحسن وخوبی اس قرض سے سبکدوش فرمائے اور اپنے فضل وکرم سے نوازے۔ آمین!

انشاء اللہ تعالیٰ یوم صدیقِ اکبر (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) میں شرکت ہوگی۔ گھر میں فون لگ گیا ہے۔ نمبر نوٹ کرلیں، اوپر لکھ دیئے ہیں۔

والدین کریمین، برادران وہمشیرگان اور دلہن کو سلام کہہ دیں۔ عزیزم مظہر مسعود سلّمہٗ کو دعائیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۳)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

Marfat.com

۳ رمضان المبارک ۱۴۰۷ھ / ۲ مئی ۱۹۸۷ء

عزیز گرامی منزلت زید مجدکم!

وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ۔ مُرسلہ لفافہ موصول ہوا۔ سب خطوط مل گئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! حضرت مفتی صاحب کا وصال ایک عظیم سانحہ ہے۔ مولیٰ تعالیٰ ان کی قبر شریف کو نور سے معمور فرمائے۔ آمین!

حضرت قبلہ قدس سرہٗ العزیز کے مزار پُر انوار پر حاضری، تقریر اور نوازش و کرم، باعث مسرت وطمانیت ہے۔ مولیٰ تعالیٰ خوب خوب نوازے۔ آمین! حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء، خواجہ باقی اللہ، خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، حضرت شاہ محمد مسعود قدس اللہ تعالیٰ سرھم کے مزارات پر حاضری فیوض و برکات سے سرفرازی موجب صد انبساط ہے ——— الحمد للہ کہ یہ سفر کامیاب رہا۔

آپ نے بہت اچھا کیا کہ حضرت ابوالحسن زید فاروقی مدظلہ کی خدمت بابرکت میں حاضر ہوئے اور دعائیں لیں۔ وہ یادگار سلف ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ ان کا سایہ قائم رکھے۔ آمین! احقر کی خواہش تھی کہ آپ درگاہ خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ اور حضرت علیہ الرحمہ کے مزارات پر انوار پر تقریر کریں۔ الحمد اللہ یہ خواہش پوری ہوئی۔

احقر جمعہ کو صبح کراچی آئے گا، انشاء اللہ تعالیٰ۔ شام کو محفل میں حاضر ہوں گا ——— والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان اور دونوں دلہنوں بلکہ تینوں دلہنوں کو دعا کہہ دیں۔ عزیزم مظہر مسعود سلمہ کو بہت بہت دعائیں اور پیار ———

نوٹ: جو لوگ مرید ہونا چاہتے ہیں، ان کو مرید کر لیں ——— تعویذات بھیج رہا ہوں، موم جامہ کر کے گلے میں ڈلوا دیں یا داھنے بازو پر بندھوا دیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

(۴)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۲۲ ستمبر ۱۹۸۷ء

عزیز گرامی منزلت زید مجدکم!

وعلیکم السلام و رحمتہ اللہ و برکاتہٗ۔ محبت نامہ اور لفافے موصول ہوئے۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے اور درجاتِ عالیہ سے نوازے۔ آمین! آپ ثواب میں شریک ہیں۔

لوگوں کا رجوع ہونا مقبولیت ومحبوبیت کی نشانی ہے۔ اللہ تعالیٰ اور ترقی عطا فرمائے، آمین! اور تمام طالبین کو اپنی طرف متوجہ رکھے۔ اور یہ توجہ اسی وقت حاصل ہوسکتی ہے جب حضرت قبلہ قدس سرہٗ العزیز سے اپنا تعلق قوی رکھیں۔ آپ نے صحیح نصیحت وہدایت فرمائی۔

تعویذ ارسال کررہا ہوں، اس کو فریم کر کے دکان میں لگا دیں۔ مولیٰ تعالیٰ تجارت میں برکت عطا فرمائے۔ آمین! ــــ یہ تعویذ آپ نقل کرلیں، آپ کو اجازت ہے۔

''زبدۃ المقامات'' کے لیے مکتبہ نعمانیہ، اقبال روڈ، سیالکوٹ کے پتے پر صوفی محمد اکرم نقشبندی کو لکھیں۔ یہ کتاب شاید شائع ہوگئی ہے۔ ''فتاوی مسعودی'' کی طباعت میں عزیزم صبور صاحب کی علالت کی وجہ سے تاخیر ہوگئی ہے۔ اب انھوں نے پریس میں کاغذ پہنچادیا ہے۔ انشاء اللہ جلدی ہی طباعت شروع ہوجائے گی۔

آپ نے لکھا ہے کہ دفتر جاتے وقت دفتر بھول جاتے ہیں اور گھر آتے وقت گھر بھول جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اپنی طرف متوجہ رکھے اور اپنی یاد سے دل آباد رکھے۔ آمین!

Marfat.com

الحمدللہ یہ کیفیت حاصل ہے پھر کیا غم ہے! ـــــ ویسے آپ نے صحیح لکھا کہ بھول بھی نعمت ہے، مگر غفلت نعمت نہیں کہ وہ بھی بھول ہی ہے۔ مولیٰ تعالیٰ اس سے محفوظ رکھے ـــــ وہ بھول مبارک ہے جو نقش ماسوا کو دل سے مٹا دے۔ لوحِ دل پر یہ نقوش جمتے رہتے ہیں۔ مرشد کامل کی صحبت میں مٹتے چلے جاتے ہیں اور پھر قلب مزکیٰ و مصفیٰ ہو جاتا ہے ـــــ الحمد للہ مرشد کامل کی صحبت نصیب ہوئی، اور نصیب ہے کہ رابطہ قوی ہے۔

آپ کے لیے دل سے دعا نکلتی ہے، مولیٰ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین! والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ دلہن اور بھائی بہنوں اور بھاوجوں کو دعائیں صاحبزادہ سلمہٗ کو بہت بہت پیار۔ عزیز مسرور سلمہٗ کو بہت بہت پیار۔ عزیزم مسرور سلمہٗ سلام کہتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۱۴ نومبر ۱۹۸۷ء

عزیز گرامی منزلت زید مجدکم!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ دونوں نوازش نامے مورخہ ۲۲ ستمبر اور مورخہ ۱۷ اکتوبر ۱۹۸۷ء مل گئے تھے۔ آپ سے ملاقات ہو جاتی ہے، اس لیے جواب دینے میں تساہل کی وجہ سے تاخیر ہو جاتی ہے۔ خیال نہ کیا کریں۔

"رشحات عین الحیات" کے متعلق مزید معلومات کریں تاکہ معلوم ہو کہ یہ وہی کتاب

Marfat.com

ہے جس کا حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے ذکر فرمایا ہے۔

شیخ محمد اسلم صاحب کو احقر کی طرف سے سلام اور مبارک باد کہہ دیں۔ ان کی دعوت کا تہہ دل سے ممنون ہوں۔ بوجہ مجبوری شرکت نہ کرنے کا قلق ہے۔

''رسالہ تہلیلیہ'' اور ''رسالہ اثبات النبوۃ'' کے بارے میں انشاء اللہ گفتگو ہو جائے گی۔ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے اسرار و معارف کا سمجھنا آسان نہیں پھر بھی انشاء اللہ سمجھنے کی کوشش کی جائے گی۔

تعویذ میں یہی عبارت ہے۔ اس سے زیادہ احقر کے علم میں نہیں ـــــ دلہن کی طرف سے فکر ہے، مولائے کریم اپنے کرم خاص سے ان کو شفائے کاملہ عطا فرمائے۔ آمین! ۔ یہ دیکھ کر خوشی ہوتی ہے کہ آپ ہر پریشانی میں اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہتے ہیں۔ حقیقت میں یہی ہر درد کا علاج ہے۔ مولیٰ تعالیٰ اپنی رضا پر اور ثابت قدمی ارزاں عطا فرمائے۔ آمین!

شجرہ شریف عرصہ دراز کے بعد کتابت ہو کر آیا ہے۔ اس میں تین چار صفحات خالی ہیں اس لیے مناسب سمجھا کہ ان صفحات میں حضرت قبلہ قدس سرہٗ العزیز کی مختصر ترین سوانح شامل کر دی جائے، کیونکہ سائز چھوٹا ہے ـــــ جب لکھ چکا تو خیال آیا کہ یہ آپ کی طرف سے شامل ہو تو اچھا ہے۔ مسودہ ارسال کر رہا ہوں۔ آپ اپنے طور پر اس کو لکھ کر بھیج دیں۔ مضمون دو صفحات سے زیادہ نہ ہو۔ سنین وفات جو دوسرے صفحے پر ہیں وہ ہر نام کے آگے شامل کریں ـــــ آپ کی تحریر ملنے کے بعد احقر نظر ثانی کر لے گا ـــــ پھر پوری کتابت آپ لے جائیں اور پڑھ کر کاپیاں جوڑنے کے لیے کاتب کو دے دیں۔ نیز جو اضافے ہوں گے، ان کی کتابت بھی کاتب ہی کر دیں گے۔ پتہ برادرم شیخ صبور احمد صاحب سے پوچھ لیں۔ یہ کاتب ''نوائے وقت'' کے دفتر میں ہیں اور نام غالباً خالد فاروق ہے۔

نوٹ: منسلکہ تحریر کو ھبہ تصور کریں اور ھبہ میں تصرف جائز ہے، ادب کے خلاف

Marfat.com

نہیں۔

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ ہمشیرگان، برادران اور سب دلہنوں کو دعائیں۔ صاحبزادہ مظہر مسعود کو دعائیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۶)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۱۵ نومبر ۱۹۸۷ء

برادرم سلمہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ اس سے قبل دفتر کے پتے پر ارسال کیا ہے، ملا ہوگا۔ ''فتاویٰ مسعودی'' کے بارے میں لکھنا بھول گیا۔ یہ فتاویٰ چھپ چکا ہے اور جلد بندی بھی شاید ہو چکی ہوگی۔ جلد پر جو عبارت لکھنی ہے اس کی کتابت کرا کے صبور صاحب نے پبلشر کو دی تھی۔ وہ کہیں رکھ کر بھول گئے۔ اب دوبارہ کتابت کرا کے ان کو دینا ہے تاکہ وہ ڈمی تیار کرا کے جلدیں مکمل کریں۔ صبور صاحب سے مل کر مزید معلومات کرلیں، اور جو کام رہ گیا ہے وہ آپ مکمل کر دیں۔ رقم کی ضرورت ہو تو صبور صاحب سے لے لیں۔ کتاب چھپے ہوئے ایک ماہ سے زیادہ ہو گیا، صبور صاحب کی علالت کی وجہ سے تاخیر ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو شفائے کاملہ عطا فرمائے۔ آپ بھی ان کے لیے دعا کریں۔ گھر میں سب کو سلام ودعا کہہ دیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

## ۱۹۸۸ء

(۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۱۷ جنوری ۱۹۸۸ء

برادرم زید مجدہٗ!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ ملاقات سے قبل نوازش نامہ مل گیا تھا مگر جواب نہ دے سکا۔ محفل کی تفصیلات تو زبانی بھی معلوم ہوگئی تھیں۔ مولیٰ تعالیٰ برکات میں اور اضافہ فرمائے۔ آمین!

جن حضرات نے دعا کے لیے کہا ہے ان کو یہ دعا بتا دیں؛ بعد نماز عشاء ایک سو ایک بار اول و آخر تین بار درود شریف:

اللھمّ لا سھل الّا ما جعلتہ سھلاً وانت تجعل الحزن سھلاً اذا شئت

آپ کے چچا جان کے خط کا جواب لکھ دیا تھا، دریافت کرلیں۔

آج فون پر صبور صاحب سے بات ہوئی۔ ''فتاویٰ مسعودی'' آئندہ ہفتے تک چھپ جائے گی۔ انشاء اللہ! آپ نے بھی یہی اطلاع دے دی تھی ــــــ جب چھپ جائے تو مطلع کریں تا کہ ان حضرات کے پتے لکھ دیئے جائیں جن کو اعزازی کاپیاں جاتی ہیں۔

شجرہ شریف کے بقیہ صفحات کی کتابت ہوگئی ہو تو اچھی طرح نظر ثانی کر کے ٹھیک کرا لیں۔ فرید صاحب چھاپیں تو خیر ورنہ فضلی سنز کے ہاں چھپوا دیں۔ صبور صاحب سے ذکر کر

Marfat.com

دیا ہے۔ان سے بھی مشورہ کرلیں اور رابطہ رکھیں۔

والدین کی خدمت میں سلام کہہ دیں۔ اہلیہ، ہمشیر گان ، برادران اور دلہنوں کو دعائیں،عزیزم مظہر مسعود کو بہت بہت پیار۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۲۲ فروری ۱۹۸۸ء

برادرم زید مجدہٗ!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔دونوں محبت نامے مل گئے ۔یاد آوری کا ممنون ہوں۔الحمدللہ''فتاویٰ مسعودی'' سے آپ کو فیض ملا۔عالم واقعہ کی کیفیت بھی مبارک ہے۔نعت شریف بہت خوب ہے۔مولیٰ تعالیٰ اور روحانی بلندیاں عطا فرمائے۔آمین!

بفضلہٖ آپ کی مرسلہ کاپیاں پہنچنی شروع ہو گئی ہیں۔کل ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب کا مکتوب ملا ہے۔اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور اس خدمت کو قبول فرما کر اپنے انعامات سے نوازے۔آمین!

امید ہے کہ شجرہ شریف چھپ گیا ہوگا۔ برادرم حاجی مبارک علی صاحب سے بعد سلام کہیں کہ ان کی نذر قبول ہے۔اللہ تعالیٰ ان کو بھی اپنی نعمتوں اور رحمتوں سے نوازے۔ آمین!ایک عدد''فتاویٰ مسعودی''ان کو دے دیں۔

قاری مصلح الدین علیہ الرحمہ کے مرید اور مولانا رشید قادری کے مرید کے لیے

Marfat.com

تعویذات بھیج رہا ہوں ۔اول الذکر کے تعویذ پر ''م'' لکھا ہوا ہے اور مؤخر الذکر کے تعویذات پر ''ر'' لکھ دیا ہے۔ مؤخر الذکر کے دونوں تعویذ چوکھٹے میں لگا کر مکان اور گھر میں آویزاں کرنے ہیں ـــــ اول الذکر داھنے بازو پر باندھ لیں ۔ اللہ تعالیٰ دونوں کی مشکلات دور فرمائے ۔ آمین ! کھلے ہوئے تعویذوں کی آپ کو اجازت ہے۔

ختم خواجگان ضرور شروع کریں۔ چند حضرات ہوں تو مناسب ہے ـــــ جمعہ کو بعد نماز عصر یا مغرب زیادہ مناسب ہوگا ـــــ اہل خانہ شریک ہوں تو خیر ورنہ عقیدت مندوں کو دعوت دیں اور سلسلے کا آغاز کریں۔ اللہ تعالیٰ مقبول ومحمود فرمائے ۔ آمین !

ہمشیرگان کی شادی کی خبر باعث مسرت ہے ۔ انشاء اللہ اہلیہ شریک ہوں گی اور احقر بھی کوشش کرے گا ۔ ۵ ِ مارچ سے یونیورسٹی کے امتحانات شروع ہو رہے ہیں جو ۲۷ ِ مارچ تک جاری رہیں گے ۔ آپ نے جمعرات کا دن رکھا ہے اس لیے شرکت ممکن ہوگی ۔ شام کی شفٹ ۵ بجے ختم ہوتی ہے ۔ چھ بجے روانہ ہو کر آٹھ بجے تک پہنچ سکوں گا اور آپ کے ھاں ۹ بجے شب ، انشاء اللہ تعالیٰ ۔ والدہ صاحبہ کو ہم دونوں کی طرف سے دلی مبارک باد دے دیں۔

اپنی دعاؤں میں شامل رکھیں ۔ والدین کریمین ، اہلیہ ، برادران و ہمشیرگان کو دعائیں ۔ بچوں کو بہت بہت پیار ۔

نوٹ : شجرہ شریف مل گیا ، مگر اس کا اوپر والا کاغذ وہ نہیں جس کا نمونہ آپ کو دکھایا تھا۔ انھوں نے بدل دیا یا آپ نے ، سفید آرٹ پیپر دیا تھا۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Marfat.com

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۱۶ مارچ ۱۹۸۸ء

عزیز گرامی منزلت زید مجدہ'!

وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ۔ نوازش نامہ موصول ہوا۔ یاد آوری کا ممنون ہوں۔ ''رشحات عین الحیات'' کے بارے میں جو آپ نے تحقیق فرمائی، اس سے بہت ہی خوشی ہوئی۔ جزاکم اللہ!۔ احقر محترم مولانا شمس بریلوی کے نام ایک خط لکھ رہا ہے۔ اگر وہ کتاب عنایت فرمادیں تو عکس لینے کی اجازت بھی لے لیں۔ آسانی سے عکس تیار ہو جائے تو فوٹو سٹیٹ کرالیں اور اصل نسخہ واپس کر دیں۔

امید ہے کہ شجرہ شریف لے آئے ہوں گے اور دہلی بھیج دیئے ہوں گے ——— پشاور سے صوفی محمد اقبال صاحب کا فون آیا تھا، ان کو ''فتاویٰ مسعودی'' نہیں ملی، جلد ارسال کر دیں۔

علی گڑھ یونیورسٹی سے ایک اسکالر نے ''فتاویٰ مسعودی'' طلب کیا ہے۔ ان کا نام ڈاکٹر محمد اقبال انصاری ہے اور وہ انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز کے ڈائریکٹر ہیں۔ مندرجہ ذیل پتے پر ان کی کاپی پہنچادیں:

محمد معین صاحب A 24 - 6th بلاک

پی۔ای۔سی۔ایچ سوسائٹی۔کراچی

ان کا فون نمبر ۴۴۰۴۸۳ ہے۔ پہلے فون کر کے پتہ معلوم کرلیں یا آفس قریب ہو تو وھاں پہنچا دیں۔

ایک فاضل نے بدایوں سے خط لکھا ہے۔ ان کو ''تاریخ خان جہاں فخر افغانی'' مطلوب ہے۔

Marfat.com

انھوں نے لکھا ہے کہ کراچی میں مل جاتی ہے۔ تلاش کریں، اگر مل جائے تو خرید لیں اور احقر کو مطلع کریں۔

''فتاویٰ مسعودی'' کی ایک کاپی مندرجہ ذیل پتے پر اگر نہ بھیجی ہو تو بھیجدیں:

مولانا محمد رحمت اللہ صاحب (ایم۔ این۔ اے)

ناظم عمومی جامعہ محمدی شریف (ضلع جھنگ، پنجاب)

امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔ والدین کو سلام کہدیں۔ برادران و ہمشیرگان کو دعائیں۔ دلہن کو دعا، بچوں کو پیار۔ بھابیوں کو دعائیں۔ گھر میں سب کی طرف سے سب کو سلام کہہ دیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۴)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

موصولہ ۱۹ اپریل ۱۹۸۸ء

برادرم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ۔ امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔

استاد محترم پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب کا ایک مکتوب آپ کے نام آیا تھا۔ جس کا احقر نے ذکر کیا تھا، وہ بھیج رہا ہوں۔ ڈاکٹر صاحب کو مطلع کردیں۔

گھر میں سب کو سلام و دعا کہدیں۔ انشاء اللہ ماھانہ محفل میں حاضری ہوگی۔ فلم بن گئے ہوتو مطلع کردیں۔ مظہر مسعود سلمہٗ کو پیار کردیں۔

Marfat.com

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

⑤

# باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۲۰ رمضان المبارک ۱۴۰۸ھ / ۶ مئی ۱۹۸۸ء

عزیز گرامی سلمکم وابقاکم!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ۔ تینوں نوازش نامے مل گئے تھے۔آپ سے فون پر بات بھی ہوگئی تھی اور ملاقات بھی، اس لیے جواب کی طرف متوجہ نہ ہوا۔

نومولود سلمہٗ الودود کا نام محمد طٰہٰ مناسب ہے۔ اللہ تعالیٰ اس نام کو باعثِ برکت و رحمت فرمائے۔ آمین! والدین کریمین، دلہن اور سب برادران و ہمشیرگان اور بھابیوں کو مبارکباد کہہ دیں——بچہ کمزور ہے تو کوئی حرج نہیں، اس کا نگہبان تو قوی ہے——وہ تعالیٰ اس کی عمر وصحت میں برکت عطا فرمائے، اور خوب خوب نوازے۔ آمین! فیضان مظہری مبارک ہو۔

مسرور میاں سلمہٗ کے لیے آپ نے جن مخلصانہ جذبات کا اظہار فرمایا اور دعائیں دیں مولیٰ تعالیٰ قبول فرمائے، اور ان کو اپنے جدامجد کا مظہر بنائے، آمین!

جمعتہ الوداع کے بعد ہفتہ کو شب قدر کی تعطیل ہے، آپ اپنے ہاں پروگرام جمعہ یا ہفتہ کو رکھ سکتے ہیں—— لیکن امور خیر میں نیت کر لینا ہی کافی ہے۔اسی پر اجر و ثواب مل جاتا ہے۔ دلہن کے ھاں ابھی ولادت ہوئی ہے اور بھائی صاحب کی اہلیہ بھی امید سے ہیں، اس لیے یہ پروگرام آئندہ سال کے لیے ملتوی کر دیں تو مناسب ہے۔ باقی جس میں آپ کی

Marfat.com

خوشی ہے، فقیر اس میں خوش ہے ـــــ اللہ تعالیٰ آپ کو اپنے کرم سے خوب نوازے۔ آمین!

والدین کریمین، برادران و ہمشیرگان اور سب دلہنوں کو سلام کہہ دیں، بہنوئی صاحب کو بھی سلام کہہ دیں۔ ان سے تفصیلی ملاقات نہ ہو سکی۔ انشاء اللہ ملاقات ہو جائے گی۔

مظہر مسعود اور محمد طٰہٰ سلمہما کو بہت بہت دعا اور پیار۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۶)

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۶ شوال المکرم ۱۴۰۹ھ / ۲۳ مئی ۱۹۸۸ء

اخی العزیز زید مجدہٗ!

وعلیکم السلام ورحمتہ اللہ و برکاتہٗ۔ محبت نامہ مورخہ ۶ رمضان مبارک ۱۴۰۹ھ موصول ہو گیا تھا، یاد آوری کا ممنون ہوں۔ مولائے کریم آپ کو اسی طرح نوازتا رہے۔ آمین!

حضرت داتا صاحب اور حضرت بابا صاحب علیہما الرحمہ کے مزاراتِ مقدسہ پر جن فیوضات و برکات سے سرفراز کیا گیا وہ مولیٰ تعالیٰ کا خاص انعام ہے۔ وہ تعالیٰ مبارک فرمائے۔ آمین! یہ حضرات عالیہ وہ ہیں جس زمین پر قدم رکھ دیں وہ با برکت ہو جائے۔ پھر اس زمین کا کیا عالم ہو گا جہاں یہ حضرات تشریف رکھتے ہیں۔ قرآن فرقان حمید تو:

- ـــ یہ شہادت دے رہا ہے کہ حضرت جبریل علیہ السلام کے گھوڑوں کی ٹاپوں سے روندی جانے والی خاک بھی حیات آفریں ہے،

Marfat.com

●— اور یہ بھی شہادت دے رہا ہے کہ وہ تابوتِ سکینہ جس میں حضرت موسیٰ اور حضرت ھارون علیہما السلام کے آثار و برکات رکھے ہوئے تھے، میدان جنگ میں فتح و نصرت کا نقیب بن کر چلتا تھا،

●— اور یہ بھی شہادت دے رہا ہے کہ جب بعثتِ نبوی سے قبل یہود و نصاریٰ حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا واسطہ دے کر دعائیں مانگا کرتے تھے، تو کامرانیاں ان کے قدم چومتی تھیں ——

آپ کے غلاموں کی بھی شان نرالی ہے۔ جہاں وہ جاتے ہیں، زندگی ان کے ساتھ چلتی ہے۔ جو ان کے قریب آ گیا، زندہ ہو گیا —— جو ان سے دور چلا گیا، مردہ ہو گیا، مولیٰ تعالیٰ ہم کو ان حضراتِ عالیہ کے دامن سے وابستہ رکھے۔ آمین!

پیر محمد اشرف صاحب مجددی نے جس محبت و شفقت سے نوازا، وہ بھی لائق صد شکر۔ خانوادہ مسعودیہ مظہریہ کا یہ امتیاز خاص ہے کہ پیر خانے میں کمال عزت و احترام سے نوازا جاتا ہے دیگر حضرات علماء کرام اور برادران طریقت سے ملاقاتوں کی تفصیل بھی باعثِ طمانیت و مسرت ہوئی —— پروفیسر رفیق صاحب کو غالباً آپ نے پروفیسر فیاض لکھ دیا ہے۔ وہ بڑی محبت و عقیدت رکھتے ہیں۔ فقیر نے بھی ان کے ھاں طمانیت اور اپنائیت محسوس کی۔ مولیٰ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے، آمین!

امید ہے کہ کتاب "جانِ جاناں" صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم چھپ کر آ جائے گی۔ اس مرتبہ ماھانہ محفل میں اس کے لیے اعلان کر دیں کہ اہل محفل کو نصف قیمت پر دی جائے گی۔ کتاب آ جائے تو محفل میں رکھ دیں۔ یونیورسٹی کے امتحانات ہو رہے ہیں، شاید اس دفعہ فقیر حاضر نہ ہو سکے۔

پتوں کی ایک اور فہرست بھیج رہا ہوں۔ کتاب آ جائے تو پتہ نمبر ۱۹ پر ایک کتاب بمبئی

Marfat.com

بھیج دیں۔انھوں نے لکھا ہے کہ وہ بمبئی میں یہ کتاب ۵ ہزار کی تعداد میں چھپوائیں گے،انشاء اللہ!

بیرون ممالک میں جہاں SURFACE MAIL سے ڈاک جا سکتی ہے وہاں AIR MAIL سے نہ بھیجیں۔اس پر بہت خرچ آتا ہے۔البتہ بمبئی AIR MAIL سے بھیجدیں۔

حسب خواہش تعویذ بھیج رہا ہوں۔ایک بہن کے بازو پر باندھ دیں۔پھر جب ان کی شادی ہو جائے تو دوسری بہن کے باندھ دیں۔

عزیزم معین الدین صاحب کے لیے دعا گو ہوں۔مولائے کریم ان کی تجارت اور کاروبار میں برکت عطا فرمائے۔آمین! والدین کریمین، برادران،ہمشیرگان اور بھاوجوں کو سلام و دعا کہہ دیں۔دلہن کو دعائیں اور عزیزم مظہر مسعود اور محمد طٰحہ سلمہما کو بہت بہت دعائیں اور پیار۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۷)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۱۷ جون ۱۹۸۸ء

عزیز گرامی منزلت زید مجدکم!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ محبت نامہ باعثِ فرحت ہوا۔تفصیلات معلوم ہو کر اطمینان ہوا۔مولیٰ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور درجات میں ترقیاں

Marfat.com

عطا فرمائے آمین!

۲۰ جون کو آنے کا ارادہ تھا مگر حیدر آباد سے مہمان آرہے ہیں، اس لیے شاید اب جمعرات کو آنا ہو۔ ماہانہ محفل کے دعوت نامے تو امید ہے کہ بھیج دیئے ہوں گے۔ رفیق الاسلام صاحب پتے دے کر گئے یا نہیں؟

پنجاب سے ایک کرم فرما محمد صادق قصوری صاحب نے مولانا ہدایت علی جے پوری کے تفصیلی حالات طلب کیے ہیں۔ آپ کے پاس کتابوں میں ہوں تو اس پتے پر بھیج دیں:

''برج کلاں (ضلع قصور) پنجاب''

تذکرہ ''شاہ محمد غوث گوالیاری'' کی ایک کاپی مل گئی ہے، ساتھ لیتا آؤں گا۔ آپ یاد کر کے احقر سے لے لیں۔

فرزند نومولود کا نام محمد انس رکھ دیں ۱ یا جو والدین و ہمشیرگان کو پسند ہو۔ احقر کی پسند بھی ان کے ساتھ ہے۔ جو نام بھی رکھا جائے اللہ تعالیٰ اس کو اپنی رحمتوں اور برکتوں کا خزینہ بنا دے۔ آمین!

عزیزم محمد مسرور احمد سلمہٗ سلام کہتے ہیں۔ والدین کریمین و برادران، ہمشیرگان اور سب دلہنوں کو سلام کہہ دیں۔ بچوں کو دعائیں، خصوصاً عزیزم مظہر مسعود سلمہٗ کو۔

فون نمبر ۱۵۵۱۰۷ پر پروفیسر مجید اللہ قادری صاحب کو اطلاع دے دیں کہ ۲۰ جون کے بجائے شاید اب جمعرات کو آنا ہو۔

فقط والسلام

احقر: محمد مسعود احمد عفی عنہ

---

۱۔ محمد انس برادرم منیر اقبال مسعودی صاحب کے صاحبزادے ہیں ——— جاوید

Marfat.com

(۸)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۱۰ اگست ۱۹۸۸ء

عزیزی زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ ـــــ امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔

لاہور میں حضرت کے مرید وخلیفہ مجاز قاضی صفدر حسن مرحوم رہتے تھے۔ان کے صاحبزادگان حضرت علیہ الرحمہ سے بیعت ہیں۔کئی برس کے بعد ان کے صاحبزادے کا خط آیا اور سب بھائیوں کے نام معلوم ہوئے۔آپ مندرجہ ذیل پتے پر شجرہ شریف کی دس کاپیاں ارسال کر دیں؛

قاضی انتصار احمد

مکان نمبر ۹ ۔ اوم اسٹریٹ نمبر ۲۰۔ بوتا سنگھ روڈ۔ سنت نگر۔لاہور

قاضی انتصار احمد کے بھائیوں کے نام یہ ہیں؛

❶ افتخار احمد ❷ مختار احمد ❸ بختیار احمد ❹ گلزار احمد

❺ ابرار احمد ❻ ابصار احمد

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں، بہن بھائیوں کو دعائیں۔دلہنوں کو دعائیں، بچوں کو پیار، بالخصوص عزیزم مظہر مسعود سلمہٗ کو۔

فقط والسلام

احقر: محمد مسعود احمد عفی عنہ

(۹)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Marfat.com

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۲۴ اگست ۱۹۸۸ء

برادرم زید مجدہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ محبت نامہ، لفافے اور فوٹو سٹیٹ کاپیاں موصول ہوئیں۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے، اور اپنے کرم خاص سے نوازے۔ آمین!

احقر حسب پروگرام ۸۔ محرم الحرام کو بعد مغرب کراچی پہنچا۔ پھر ۹ محرم الحرام کو سہ پہر واپس آ گیا۔ یہاں کے حالات صحیح نہیں۔ سیلاب کی وجہ سے کوئی دو ہزار پناہ گزین کالج میں موجود ہیں، مزید آرہے ہیں، اللہ تعالیٰ سب کو اپنے حفظ وامان میں رکھے۔ آمین!—— ارادہ ملتوی ہو گیا تھا، فون بھی کر دیا تھا مگر پھر اللہ تعالیٰ نے پہنچا دیا اور بعض حجاج کرام سے ملاقات ہو گئی——اب انشاء اللہ تعالیٰ حالات صحیح رہے تو جمعرات کو حاضر ہوں گا۔

اس سے قبل ایک لفافہ ارسال کیا ہے، مل گیا ہو گا۔ والدین گرامی، سب بہن بھائیوں اور دلہن کو سلام کہہ دیں۔ بچوں کو دعا اور پیار، بالخصوص عزیزم مظہر مسعود کو۔

فقط والسلام

احقر: محمد مسعود احمد عفی عنہ

۱۹۸۹ء

(۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Marfat.com

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۲۰ مئی ۱۹۸۹ء

برادرم زید مجدہ'!

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ'۔ نوازش نامہ موصول ہوا۔ یاد آوری کا ممنون ہوں۔ مرسلہ مضمون سے صفحہ ۷ حذف کردیں۔ باقی مناسب ہے۔

اس سے قبل ایک رجسٹرڈ لفافہ گھر کے پتے پر بھیجا تھا۔ نہ معلوم وہ ملا یا نہیں، آپ نے ذکر نہیں فرمایا۔

امید ہے کہ ''جانِ جاناں'' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چھپ کر آگئی ہوگی ـــــ آج صادق آباد سے خط آیا ہے۔ ان کو پہلی فرصت میں بھیج دیں۔ مدیران جرائد اور بک سیلرز کو بھی بھیج دیں مدینہ پبلشنگ کمپنی، مکتبہ رضویہ اور ضیاء الدین پبلی کیشنز کو ایک ایک نسخہ دے دیں۔ پھر ۲۵ سے زائد کا آرڈر دیں تو ۴۰ فی صد ڈسکاؤنٹ دیں ورنہ ۳۳ فی صد۔ پروفیسر عبدالباری صاحب تشریف لائے تھے۔ ان کو خط لکھ کر دیا تھا۔ امید ہے کہ تین نسخے دے دیئے ہوگے۔ جس جس کو دیں، لکھتے جائیں۔

میاں مسرور احمد سلمہ' کے لیے آپ نے جو کچھ اظہار خیال فرمایا صحیح ہے ـــــ فکر ہر کس بقدر ہمت اوست۔ جزاکم اللہ! مولیٰ تعالیٰ ان کو اپنے جد امجد قدس سرہ' کا مظہر بنائے۔ آمین!

اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ ھاں یاد آیا، احقر نے فرید صاحب کو لیٹر پیڈ چھپنے کے لیے دیئے تھے۔ ابھی نہ چھاپے ہوں تو کہہ دیں کہ سیاہ چھپائی کریں۔ جلد چھاپ کر بھیج دیں۔ کیوں کہ پیڈ ختم ہورہا ہے۔

Marfat.com

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان کو دعائیں۔ بھابیوں اور دلہن کو دعائیں۔ بچوں کو بہت بہت پیار۔ بالخصوص میاں مظہر مسعود اور محمد طٰحہ سلمہما کو ـــــ میاں مسرور سلمہٗ سلام عرض کرتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۲)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ٹھٹھہ (سندھ)

۲۷ مئی ۱۹۸۹ء

اخی العزیز زید مجدکم!

السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہٗ۔ نوازش نامہ اور دونوں پارسل موصول ہوئے۔ اس مرتبہ بھی پارسل کھل گئے اور کاغذ پھٹ گیا۔ پیکنگ کا نمونہ بھیج رہا ہوں۔ آئندہ اس طرح پیکنگ کریں تاکہ کتابیں صحیح حالت میں منزل تک پہنچ جائیں۔

فرید صاحب کے والد صاحب کو بہت بہت سلام کہدیں۔ اور چار عدد کتابیں مندرجہ ذیل حضرات کے لیے دے دیں:

1. حضرت ابوالحسن زید فاروقی
2. ڈاکٹر محمد سعید احمد
3. مفتی محمد مکرم احمد
4. مفتی محمد میاں ثمر دہلوی

معلوم ہوا کہ عرس شریف کے موقع پر حیدرآباد کتابیں نہ جا سکیں۔ اگر چلی جاتیں تو اچھا ہوتا۔

Marfat.com

مجلس شریف کے احوال معلوم ہوکر روحانی مسرت ہوئی۔مولائے کریم اس کو اسی طرح قائم رکھے۔آمین! کتابوں کی تفصیلات معلوم ہوئیں۔ھاں یاد آیا کاغذ کے بارے میں ضرور تحقیق کرلیں۔نہ معلوم دھاگہ کیسا استعمال کیا ہے پڑھتے پڑھتے کتاب کھل گئی۔دیکھا تو بہت باریک اور کمزور دھاگہ لگا ہوا ہے۔فکر ہوگیا ہے۔

کتابوں کی ادائیگی مکمل ہوگئی یا ابھی کچھ رقم باقی ہے!—— مطلع کریں،کل کتنی رقم لگ چکی ہے۔

-/۵۰۰ روپے ابھی امانت رکھیں۔ایک صاحب نے لاہور سے -/۱۰۰ روپے بھیجے ہیں۔ان کو اس پتے پر -/۲۵ کے حساب سے ۴ عدد کتابیں بھیج دیں۔ڈاک خرچ ان کے ذمہ رکھیں:

محمد اقبال رضا

سکریٹری: مجلسِ گلستان رضا

۱/۱۵ ایچ۔۲۲/ایس،کینال پارک۔گلبرک نمبر۲۔لاہور

جو رقم جمع ہوگئی ہے اس کو اکاؤنٹ کھول کر جمع کرادیں—— اعزازی کاپی کی مہر مناسب ہے۔ایک مہر اور بنوالیں:

سکریٹری:

انٹرنیشنل پبلی کیشنز،کراچی برانچ

۱۳۵۔پیر الٰہی بخش کالونی۔کراچی

یہ مہر پارسل پر لگادیا کریں——

آپ نے اچھا کیا کہ قاری محمد ظفر سلمہٗ اور حضرت فضل الرحمٰن مجددی کی کاپیاں ان کو دے دیں۔سردست آپ مدیران جرائد کے پتوں پر دو دو کاپیاں بھیج دیں،اور جن کی رقم

Marfat.com

آ گئی ہے ان کو بھیج دیں ـــــ اس کے بعد دوسرے حضرات کو بھیجیں۔

مولانا رضاء المصطفیٰ صاحب کا فون نہیں آیا۔ بہر حال وہ آرڈر دیں تو ان کو کتابیں بجھوا دیں۔ ھاں کتب فروشوں کے پتوں پر بھی ایک ایک کاپی بھیج دیں۔ اور ایک خط میں ڈسکاؤنٹ کی وضاحت کر دیں۔

امتحانات ۱۸ جون تک چلیں گے۔ غالباً ۱۶ جون کو ماھانہ محفل ہے۔ اگر ممکن ہوا تو حاضر ہوں گا، ورنہ ماشاء اللہ آپ حضرات کافی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اور ترقیاں عطا فرمائے۔ آمین!

۸ کاپیاں آپ لے لیں۔ ایک والد صاحب کو دے دیں، چار بہنوں کو دے دیں۔ ۲ بھابیوں کو دے دیں، اور ایک خود لے لیں۔

برادرم محمد یونس باڑی صاحب سے کہیں کہ ایک کاپی وہ خود لے لیں، دوسری حافظ محمد یوسف صاحب کو دے دیں، اور تیسری حضرت پیر صاحب لواری شریف کی خدمت میں پیش کر دیں۔ احقر کی طرف سے وہ خود لکھ دیں۔

امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔ والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ بہن بھائیوں اور بھابیوں کو دعائیں۔ بچوں کو بہت بہت دعا۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۳)

## باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

Marfat.com

۴ جون ۱۹۸۹ء

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے کہ مزاج بخیر ہوں گے۔ مکتوب عزیز موصول ہوا۔ اسقاط کی خبر باعث رنج وملال ہوئی۔ مولیٰ تعالیٰ بہتری فرمائے اور دلہن کو بخیر وعافیت رکھے۔ آمین! ــــ سکون وطمانیت راضی برضاء الٰہی رہنے ہی میں ہے۔ وہ تعالیٰ جو کرتا ہے اپنے بندے کے لیے بہتر کرتا ہے۔ مولیٰ تعالیٰ اس کا نعم البدل عطا فرمائے۔ آمین!

یہ معلوم ہو کر اطمینان ہوا کہ کتابیں صادق آباد، لاہور اور بمبئی بھیج دی گئیں ــــ کاھنہ نو (لاہور) سے مولانا محمد الیاس زیدی کا خط آیا ہے۔ ان کو بذریعہ وی۔ پی بھیجدیں ــــ تین کتابیں ۳۳% کے حساب سے مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں، ان کے پیسے آگئے:

محمد اقبال رضا

سیکرٹری مجلس گلستان رضا

۱۵/۱ ایچ، ۳۲/ ایس کینال پارک۔ گلبرک نمبر۲۔ لاہور

دو سو اعزازی کتابوں کی کل رقم -/۴۱۷۸۱ روپے بنتی ہے۔ یہ کتاب کی لاگت میں سے منہا کرنے کے بجائے جمع کی جائے تو لاگت (۹۰۰ کاپیوں کی رقم) -/۲۷۱۶۳ روپے بنتی ہے ــــ اس لیے اب کتابوں میں زیادہ سے زیادہ ڈسکاؤنٹ ۴۰% اور کم سے کم ۳۳% دیں۔ مزید کی گنجائش نہیں ــــ البتہ جن سے ۵۰% کا وعدہ کیا ہے وہ پورا کریں۔

کالج کے لیے بھی چار کاپیاں طلب کی گئیں ہیں۔ جلد بھیج دیں اور بل ساتھ بھیج دیں۔ ۳۳% ڈسکاؤنٹ کاٹیں۔

TERIF MENUAL کے متعلقہ صفحات کے عکس بھیج رہا ہوں۔ اس کو فائل

Marfat.com

میں رکھیں ۔ اس میں فضائی ڈاک اور بری ڈاک دونوں کے ریٹ ہیں۔ نئے بجٹ کے بعد شاید بڑھ گئے ہوں مگر لفافہ اور رجسٹریشن میں اضافہ ہوا ہے۔ باقی ریٹ وہی ہیں —— مزید تحقیق کرلیں۔

اس سے قبل دو لفافے ارسال کر چکا ہوں۔ امید ہے کہ مل گئے ہوں گے۔ والدین کو سلام کہہ دیں۔ بہن بھائیوں کو دعائیں۔ سب دلہنوں کو دعائیں۔ بچوں کو پیار۔ بالخصوص عزیز ان گرامی مظہر مسعود اور محمد طٰحٰہ کو، اعزی میاں مسرور احمد سلمہٗ سلام کہتے ہیں۔

نوٹ: ''جانِ جاناں''صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک نسخہ مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔

مولانا محمد لطیف نقشبندی (خطیب)

۴۲ بلوچ رجمنٹ، سیالکوٹ کینٹ

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۴)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۲۸ جون ۱۹۸۹ء

اخی العزیز زید مجدہٗ!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔

محبت نامہ مورخہ ۱۰ جون مل گیا تھا۔ اس کے بعد ملاقات بھی ہوگئی۔ فالحمد للہ تعالیٰ —— خوابات مبارک ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ خوب خوب نوازے۔ آمین!

Marfat.com

مولانا محمد الیاس زیدی [1] کا خط آیا ہے۔ غالباً انھوں نے بل دیکھا نہیں، اس لیے بلا قیمت ارسال کرنے کا شکریہ ادا کیا ہے۔ ان کو لکھدیں کہ صرف ایک کاپی اعزازی ہے—— آئندہ بذریعہ وی۔پی ارسال کیا کریں۔

حکومت پاکستان کا ایک ادارہ کتابیں خرید کر تقسیم کرتا ہے۔ مندرجہ ذیل پتے پر دو عدد کتابیں بھیج دیں اور ایک خط علیحدہ سے لکھ دیں کہ کتابوں کی ضرورت ہے تو آرڈر بھیجدیں۔ کمیشن وہ خود طے کرتے ہیں۔ پتہ یہ ہے:

The Director
National Book Council
First floor Block D F/8
AL-Markaz, Ayyub Market
Islamabad Ph:854141

ایک کاپی مولانا عبدالستار خاں نیازی کے لیے ظہور الدین خاں صاحب (لاہور) کی معرفت بھیج دیں۔

''جاناں ایمان'' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شائع ہوگئی ہے۔ امید ہے کہ باڑی صاحب کے پتے پر کاپیاں پہنچ گئی ہوں گی۔ شائد ان کے لیے ادائیگی کرنی ہوگی۔ اگر ممکن ہو تو کتابت منگوا کر کراچی میں بھی ایک ہزار چھپوالی جائیں گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

انشاء اللہ ۲ جولائی کو کراچی حاضر ہوں گا—— ملاقات ہوگی۔ والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران وہمشیرگان کو دعائیں۔ دلہن کو بھی دعائیں اور بچوں کو پیار۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

---

[1] آپ حضرت مفتی اعظم شاہ مظہر اللہ دہلوی علیہ الرحمہ کے خلیفہ تھے۔ ۱۹ ستمبر ۱۹۹۹ء بروز اتوار کاھنہ، لاہور میں وصال فرمایا—— طاہر

Marfat.com

(۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۱۷ اگست ۱۹۸۹ء

برادرم زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ۔امید ہے کہ مزاج بخیر ہوں گے۔حسب وعدہ کاغذات بھیج رہا ہوں ۔-/۱۸۰ روپے کا چالان فارم ہے۔باقی رقم کا سرٹیفیکٹ جو ٹریژری آفس ٹھٹھہ نے جاری کیا ہے۔

آپ نے صاحبزادہ میاں مظہر مسعود سلمہٗ کی تعلیم کے بارے میں دریافت فرمایا تھا، یہی مناسب ہے کہ گھر پر کسی استاد یا استانی سے تعلیم دلوا کر گلستان اسکول میں پہلی جماعت میں داخل کرائیں۔چار سال کی عمر کے بعد قرآن کریم کی تعلیم کسی اچھے قاری سے لازماً دلوائیں۔یہ آخرت میں کام آنے والی ہے۔اس طرف توجہ نہایت ضروری ہے۔پہلی جماعت سے قبل غالباً تین چار سال بچوں کو تعلیم دی جاتی ہے۔جس میں پیسے اور وقت دونوں کا ضیاع ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم نے فرمایا:

''جس نے میانہ روی اختیار کی وہ معاشی طور پر کبھی پریشان نہ ہوگا۔''

عام رواج پر نظر نہ رکھیں۔جو مناسب خیال کریں وہی کریں۔والدین کریمین،ہمشیرگان، اہلیہ اور برادران کو سلام ودعا کہہ دیں۔بچوں کو دعائیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

(۶)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۱۹ اگست ۱۹۸۹ء

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔ اس سے قبل ایک رجسٹری بھیجی ہے، مل گئی ہوگی۔ آج پشاور سے خط آیا ہے۔ عکس منسلک کر رہا ہوں۔ ۲۰ عدد "جانِ جاناں" صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۵۰ فی صد کے حساب سے بھیج دیں، کیوں کہ یہ تقسیم کی جائیں گی —— خرچ ڈاک بذمہ خریدار۔ ادائیگی بذریعہ منی آرڈر یا ڈرافٹ (رجسٹرڈ)۔

امید ہے کہ ۶۰ کاپیاں مولانا شرف صاحب کو بھیج دی ہوں گی۔ ان سے بھی ادائیگی بذریعہ ڈرافٹ یا منی آرڈر وصول کریں —— کاوش صاحب کو ادائیگی کے لیے یاد دھانی کرا دیں۔ بسا اوقات ڈاکیے منی آرڈر استعمال کرنے کے بعد میں دیتے ہیں۔ اس کے لیے یاددھانی ضروری ہے۔

گھر میں سب کو سلام و دعا کہہ دیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۷)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

Marfat.com

ٹھٹھہ (سندھ)

۲۶ اکتوبر ۱۹۸۹ء

برادرم زید مجدہ!

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔ امید ہے کہ سفر سے بخیر و عافیت واپس آگئے ہوں گے ـــــ انشاء اللہ ملاقات پر تفصیلی حالات معلوم ہو جائیں گے۔

برادرم صبور صاحب کا فون آیا تھا۔ کتب خانہ عباسیہ والے "جانِ جاناں" صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دس کاپیاں طلب کر رہے ہیں۔ احقر نے کہا تھا کہ آپ دے دیں۔ بل بعد میں بنا کر دے دیا جائے گا۔ اگر انھوں نے کتابیں نہ دی ہوں تو آپ بل کے ساتھ دے دیں

اسلام آباد سے سید شبیر حسین شاہ زاہد نے بھی دس کاپیاں طلب کی ہیں۔ آپ ۴۰ فی صد پر مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔ خرچ ڈاک خریدار کے ذمے۔ رقم وہ بعد میں ارسال کریں گے ـــــ پتہ یہ ہے:

سید شبیر حسین شاہ زاہد

ڈائریکٹوریٹ آف ٹریننگ، نیول ہیڈ کوارٹر

اسلام آباد

چیک کرلیں کہ مندرجہ ذیل حضرات کو اعزازی کاپیاں گئیں یا نہیں:

1. سید محمد امیر شاہ گیلانی۔ پشاور
2. مولانا تاج محمد صدیقی القادری۔ پشاور
3. مولانا عبدالرحمن جڑیا صاحب۔ پشاور
4. مولانا سید زین العابدین۔ لاڑکانہ

مندرجہ ذیل پتے پر ایک اعزازی کاپی بھیج دیں:

مولانا سید عارف محمود مجہور رضوی

Marfat.com

الشریف۔علی پورہ روڈ گجرات (پنجاب)

امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔والدین کی خدمت میں سلام عرض کر دیں۔ برادران و ہمشیرگان اور بھابیوں کو دعائیں۔اہلیہ کو دعائیں۔بچوں کو بہت بہت پیار ـــــ

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۸)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

ٹھٹھہ (سندھ)

۳۱ اکتوبر ۱۹۸۹ء

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ۔ٹیلیفون پر بات ہو کر اطمینان ہوا۔فکر لگا ہوا تھا،مولیٰ تعالیٰ صحت کاملہ عطا فرمائے۔آمین!ـــــ پچھلے عنایت نامہ میں آپ نے وضع حمل کے لیے تعویذ طلب کیا تھا۔آج دوبارہ خط پڑھا تو معلوم ہوا،قلق ہوا کہ بروقت تعویذ نہ بھیجا جاسکا۔مولیٰ تعالیٰ نے یہ مرحلہ آسان فرمادیا ہوگا۔اگر ضرورت ہو تو مطلع کریں۔

سعودی عرب سے مولانا افتخار احمد قادری نے لکھا ہے کہ ان کو کتاب نہیں ملی۔حالانکہ سادہ ڈاک سے آپ نے ارسال کردی تھی،ذرا چیک کرلیں۔ایک خط احقر نے برادرم باڑی صاحب کے پتے پر ارسال کیا ہے۔اس میں بعض حضرات کے نام لکھے ہیں،چیک کرلیں۔

امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔بحمد اللہ عزیزم مسرور احمد سلمہٗ فرسٹ ڈویژن میں کامیاب ہوگئے۔اللہ تعالیٰ ان کو دارین کی ترقیاں عطا فرمائے آمین!

Marfat.com

والدین کریمین کوسلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیر گان اور دلہنوں کوسلام و دعا۔ بچوں کو پیار بالخصوص عزیزم مظہر مسعود سلمہ کو۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۹)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر

۲۴ نومبر ۱۹۸۹ء

برادرم زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔ الحمد للہ فقیر بخیریت وعافیت سکھر میں پہنچا اور ۲۳ نومبر ۱۹۸۹ء کو چارج لے لیا۔ گاڑی ڈیڑھ گھنٹہ تاخیر سے پہنچی۔ اسٹیشن پر پرنسپل صاحب خود موجود تھے کوئی تکلیف نہ ہوئی۔

آپ سے رائیٹنگ پیڈ کے لیے کہا تھا۔ نمونہ ارسال کر رہا ہوں۔ سائز یہی رہے گا۔ سیٹنگ میں تبدیلی کی جا سکتی ہے۔ پروف دکھا کر پھر چھپوائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ ماھانہ محفل میں حاضر ہوں گا۔ برادرم محمد یونس باڑی صاحب کو سلام کہہ دیں۔ والدین کی خدمت میں سلام پیش کر دیں۔ برادران و ہمشیر گان اور دلہنوں کو سلام کہہ دیں۔ بچوں کو دعائیں۔ بالخصوص عزیزم مظہر محمود سلمہٗ کو۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

(۱۰)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

اینڈ پوسٹ گریجویٹ سٹڈیز سنٹر سکھر

۲۷ نومبر ۱۹۸۹ء

برادرم مولانا جاوید اقبال مظہری زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ اس سے قبل ایک لفافہ گھر کے پتے پر ارسال کیا ہے، ملا ہوگا۔ اس لفافہ میں پیڈ کے لیے ایک نمونہ بھی ہے مگر اس میں سکھر کا کوڈ نمبر صحیح نہیں۔ صحیح نمبر ۶۵۲۰۰ ہے، ضروری تصحیح کرلیں۔

آپ کا مکتوب عزیز محررہ ۳۰ اکتوبر ۱۹۸۹ء مل گیا تھا۔ تفصیلات معلوم ہوکر سکون و اطمینان اور مسرت وخوشی ہوئی۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو باطنی ترقیات سے سرفراز فرمائے۔ اور اپنی بے کراں نعمتوں سے نوازے۔ آمین!

یہاں چارج لینے کے دوسرے روز ہی ایک روحانی محفل میں شرکت ہوئی۔ جہاں علماء کرام سے ملاقات ہوئی۔ سب مل کر خوش ہوئے، خصوصاً مفتی محمد حسین قادری زید عنایتہٗ ـــــ شہر سے اہلِ سنت ملنے آرہے ہیں ـــــ الحمد اللہ کوئی تکلیف نہیں۔

کشمیر سے مولانا محمد بشیر مصطفوی نے تحریر فرمایا ہے کہ ''جانِ جاناں'' کے آخری باب میں کاتب نے ما کان اللہ کی جگہ ماں کان اللہ لکھ دیا ہے۔ آپ دیکھ لیں اور الیاس صاحب کو بتادیں۔

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں اور سب اہل خانہ کو دعائیں ـــــ بچوں کو دعا اور پیار۔

Marfat.com

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

**سنہ ۱۹۹۰ء**

(۱)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج اینڈ

پوسٹ گریجویٹ سٹڈیز، سکھر

۲۶ جنوری سنہ ۱۹۹۰ء

اخی العزیز زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ دونوں عنایت نامے موصول ہوئے۔ یاد آوری کا ممنون ہوں۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو دارین کی ترقیاں عطا فرمائے۔ آمین! محفل مبارک کی تفصیلات معلوم ہو کر خوشی ہوئی ـــــ آپ نے اچھا کیا کہ محترم الیاس صاحب کو مطلوبہ کتابیں بھیج دیں ـــــ حسن ابدال سے ایک مخلص کا خط آیا ہے وہ حضرت قبلہ علیہ الرحمہ کے حالات مبارکہ مطالعہ کرنا چاہتے ہیں۔ ان کو اس پتے پر ''حیاتِ مظہری'' بھیج دیں:

جناب طارق سلطان پوری

معرفت ملک ضیاء الدین صاحب

محلّہ حطاراں ـــــ حسن ابدال، ۴۳۷۳۰۔ ضلع اٹک (پنجاب)

اسلام آباد نیول ھیڈ کوارٹرز سے سید شبیر حسین شاہ صاحب کا خط آیا تھا۔ پانچ کتابیں ان کو ملیں۔ آپ بقیہ پانچ کا بل ان سے وصول کرلیں اور باقی کے لیے لکھ دیں کہ وہ ہم ادا کر

Marfat.com

دیں گے۔

جنرل اسلم مرزا کے تاثرات پڑھ کر مسرت ہوئی۔ یہ مولیٰ تعالیٰ کا کرم ہے کہ وہ تصنیف وتالیف کی توفیق عطا فرماتا ہے اور دلوں کو اس طرف مائل بھی فرماتا ہے۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔ جسٹس قدیرالدین صاحب کا بھی خط آیا ہے۔ انھوں نے بھی کتاب کو پسند فرمایا ہے۔

محفل مبارکہ جس طرح منعقد ہوتی ہے اس کو اسی طرح رہنے دیا جائے۔ دعوت ناموں میں صاحبزادہ سلّمہٗ کے نام کا اضافہ ضروری ہے۔ باقی نام اس لیے ضروری ہیں کہ اس باغ کی باغبانی میں سب شریک ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ سب کو اجر عطا فرمائے۔ آمین! کاروبار اتنا ہی پھیلانا چاہیے جتنا سنبھالا جا سکے، اور سنبھالنے والوں پر گراں نہ ہو، نیز تسلسل جاری رہے۔ الحمد للہ یہ مجلس دس سال سے مسلسل ہو رہی ہے ــــــ اس کو اسی طرح قائم رکھیں۔ البتہ بھائی مقصود صاحب اپنے ھاں مجلس قائم کرنا چاہتے ہیں، ان کے ھاں سلسلے کا آغاز کریں تو جو صاحبزادہ سلّمہٗ فرمائیں اس پر عمل کیا جائے۔

اس ماہ مبارکہ کی محفل میں شرکت کا ارادہ ہے۔ مولیٰ تعالیٰ اس ارادے کو مکمل فرمائے۔ آمین! ــــــ لاہور سے ''آخری پیغام'' کا ٹائیٹل ڈیزائن مل گیا ہے ــــــ برادرم نعیم صاحب کی ہمشیرہ کے لیے تعویذ بھیج رہا ہوں۔ ان کے گلے میں ڈلوا دیں۔ احباب بالخصوص برادرم رفیق الاسلام صاحب اور بھائی یونس کو سلام کہہ دیں۔ والدین کریمین کو سلام۔ برادران و ہمشیرگان کو دعائیں۔ دلہن اور بھابیوں کو دعائیں۔ بچوں کو بہت بہت پیار۔ بالخصوص عزیزم مظہر مسعود سلّمہٗ کو۔ میاں مسرور سلّمہٗ اور سب اہلِ خانہ سلام کہتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

(۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج اینڈ

پوسٹ گریجویٹ سٹڈیز سنٹر سکھر

۲ مارچ ۱۹۹۰ء

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے سب بخیریت ہوں گے۔ مُرسلہ پارسل مل گیا۔ شکریہ! مولیٰ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین! ـــــ نسبتِ غوثیہ کے فیضان سے آپ مستفیض ہوئے۔ مبارک ہو!

حضرت شرف الدین یحییٰ منیری علیہ الرحمہ کے کلماتِ طیبات کا یہ مطلب ہے کہ:

''توحیدِ وجودی معلوم ہو یا مشہودی، دونوں صورتوں میں اتحاد و حلول سے پاک ہے ـــــ بندہ، بندہ ہے، اور خدا، خدا ہے۔''

''ندائے دین'' میں آپ کا مضمون نظر سے گزرا۔ اس میں بعض باتیں فقیر کے نزدیک مستند نہیں۔ آپ اصل مآخذ کو سامنے رکھ کر لکھا کریں۔ فقیر کی کتاب سے استفادہ مناسب ہوتا۔ آئندہ پھر لکھیں ـــــ میاں مسرور سلمہ کے مضامین بھی بھیج دیئے جائیں گے۔ انشاءاللہ!

محفل مبارک پر حضرت قبلہ علیہ الرحمہ اور بزرگان سلسلہ نقشبندیہ کا کرم ہے۔ الحمدللہ کرفیو کے دوران بھی محفل سجی رہی۔ اللہ تعالیٰ آپ سب مخلصین کو اجرِ عظیم عطا فرمائے، آمین!

فقیر کا مصمم ارادہ تھا، اچانک طبیعت خراب ہوگئی اور کراچی کے حالات بگڑ گئے، اس لیے حاضر نہ ہوسکا۔ انشاءاللہ ۹ مارچ کی محفل میں فقیر شرکت کرے گا ـــــ میاں شکیل احمد

Marfat.com

سے فون پر رابطہ نہ ہو سکا۔ آپ ان سے کہہ دیں کہ واپسی کے لیے ۲۴ مارچ کو تیز رو سے تین سیٹیں فرسٹ کلاس میں بُک کرا دیں۔

مولانا عبدالنعیم عزیزی کا خط، ایوان صدر سے ملنے والا خط اور منقبت مل گئی۔ جزاکم اللہ!

نماز کا اعادہ مناسب تھا کیونکہ امام کھڑا ہو گیا تھا۔ اگر رکوع سے پہلے بیٹھ جاتے تو سجدہ سہو کافی تھا —— یہ مسائل ''رسالہ رکن دین'' میں موجود ہیں۔ ایک نظر دیکھ لیں۔ اور ''قانون شریعت'' کے اندر بھی ہیں۔ وہ بھی مطالعہ میں رکھیں۔

فقیر کی تصانیف کا جو ذخیرہ بھائی یونس صاحب کے ھاں ہے، ان کے سرورق کے پوسٹ کارڈ سائز میں بٹر پیپر پر عکس بنوانے ہیں۔ اور کچھ ذخیرہ فقیر ساتھ لے کر آئے گا۔ اس کے بھی عکس بنوانے ہیں۔ آپ یاد کر کے لے لیں۔

زیادہ کیا تحریر کروں۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔ والدین کو سلام کہہ دیں۔ بہن بھائیوں کو دعائیں، دلہنوں کو دعائیں۔ بچوں کو بہت بہت پیار۔ عرس شریف میں مستورات کا انتظام میاں شکیل کے ھاں ہو گا۔ گھر میں سب سے کہہ دیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج اینڈ

پوسٹ گریجویٹ سٹڈیز سنٹر، سکھر

۲۰ مارچ ۱۹۹۰ء

Marfat.com

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے کہ مزاج بخیر ہوں گے۔ حسب وعدہ عزیزم مفتی محمد مکرم احمد سلمہ کا خط ارسال کررہا ہوں۔ وصول فرماکر مطلع کریں۔

الحمد للہ کہ عرس شریف بخیر وخوبی انجام پذیر ہوا۔ آپ نے جو خدمت کی مولیٰ تعالیٰ اس کو قبول فرمائے۔ اور جن جن احباب نے خدمت کی، مولیٰ تعالیٰ ان کی خدمات کو بھی قبول فرمائے۔ آمین!

جمعہ کے شمارہ جنگ میں برادرم محمد یونس باڑی صاحب کا حضرت قبلہ علیہ الرحمہ پر مضمون شائع ہوا ہے۔ آپ نے مطالعہ کیا ہوگا۔ مضمون معلوماتی ہے —— امید ہے کہ آپ نے ان کو ''مکاتیب شریف'' جلد دوم کا مسودہ دے دیا ہوگا۔ احقر نے بھی مواد جمع کیا ہے، وہ بھی بھیج رہا ہوں۔ انشاء اللہ ان کی کتاب زیادہ وقیع ہوجائے گی۔

حضرت قبلہ علیہ الرحمہ کے ایک مرید خاص غلام قادر خاں صاحب (جواب ۸۰ سال کے ہیں) کا طویل خط آیا تھا۔ باڑی صاحب کو اس کا عکس بھیجوں گا۔ آپ بھی مطالعہ فرمالیں والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران وہمشیرگان کو دعائیں۔ دلہنوں کو دعائیں۔ بچوں کو دعا وپیار۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۴)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج اینڈ

پوسٹ گریجویٹ سٹڈیز سنٹر، سکھر

Marfat.com

۳رمضان المبارک ۱۴۱۰ھ / ۳۰ اپریل ۱۹۹۰ء

اخی العزیز زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔ دونوں نوازش نامے مل گئے۔ یادآوری کا ممنون ہوں۔ ''ندائے دین'' میں آپ کے مضمون کو دیکھ کر یہی اندازہ ہوا تھا کہ وہ بہت پہلے لکھا گیا ہے۔

نماز کا اعادہ درست معلوم ہوتا ہے۔ ''رسالہ رکن دین'' میں مسئلہ اسی طرح ہوگا جس طرح ''فتاویٰ مسعودی'' میں۔

یہ معلوم ہو کر خوشی ہوئی کہ آپ سلسلے کی اشاعت فرما رہے ہیں مولیٰ تعالیٰ اور ترقی عطا فرمائے۔ آمین!۔ آپ نے جو ہدایات دیں وہ انسب واحسن ہیں۔

محفل مبارک آپ ہی حضرات سنبھال لیں۔ کیونکہ رمضان المبارک کی وجہ عزیزم قاری محمد ظفر صاحب اور صاحبزادہ صاحب مصروف ہوں گے۔ ختم خواجگان آپ پڑھایا کریں۔ صاحب اجازت کو مسند پر ہونا چاہیئے۔

عزیزم مفتی محمد مکرم احمد سلمہٗ کے تعریفی کلمات دراصل بارگاہ مظہری میں آپ کی مقبولیت کی علامت ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ اور مقبول ومحمود بنائے۔ آمین!

یہ معلوم ہو کر اطمینان ہوا کہ ''مکاتیبِ مظہری'' جلد دوم کا تقابل مکمل کر لیا ہے۔ یہ آپ نے اچھا کیا کہ کتابوں کے ساتھ ساتھ یہ اطلاع بھی مفتی محمد مکرم احمد سلمہٗ کو بھیج دی کہ مقالہ مل گیا ہے۔ فقیر ابھی تک اطلاع نہ بھیج سکا۔

برادرم محمد یونس بازی صاحب تو سوانح مرتب کر رہے ہیں،[۱] اور آپ ملفوظات۔

---

۱۔ یہ سوانح ''انوار مظہریہ'' کے عنوان سے ادارہ مسعودیہ کراچی نے اواخر ۲۰۰۲ء میں شائع کر دی ہے ـــــ طاہر

Marfat.com

یہ دونوں میدان الگ الگ ہیں۔ آپ اپنی کتاب کا عنوان ''ملفوظاتِ مظہری'' ہی رکھیں۔ یہی مناسب معلوم ہو رہا ہے ـــــ مسودہ تیار ہو جائے تو بھیج دیں۔ مقالہ تحریر کرتے وقت جو خوشبوئیں آپ نے محسوس کیں، وہ تعلق کاملہ اور محبت صادقہ کی خوشبوئیں تھیں۔ مولیٰ تعالیٰ مبارک فرمائے۔ آمین!

الحمدللہ فقیر رو بہ صحت ہے البتہ میاں مسرور احمد سلمہٗ پھر بیمار ہو گئے۔ ان کے لیے دعا کرتے رہا کریں۔ وہ بہت ہی صابر و شاکر ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ ان کو صحت و عافیت عطا فرمائے۔ آمین!

ادارۂ تحقیقاتِ امام احمد رضا کے مولانا اقبال احمد قادری انصاری نے حضرت قبلہ علیہ الرحمہ پر ایک مقالہ لکھا ہے۔ وہ اس کی ایک کاپی آپ کو بھی دیں گے۔ تصحیح کریں۔

برادرم محمد یونس باڑی صاحب کے نام ایک رجسٹری بھیجی ہے۔ معلوم کرلیں۔ سکریٹریٹ میں آپ نے جو کوشش کی مولیٰ تعالیٰ اس کا اجر عطا فرمائے۔ آمین!

مبارکباد کا ممنون ہوں۔ والدین کریمین کا سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان کو دعائیں۔ بھابیوں کو دعائیں۔ بچوں کو پیار بالخصوص عزیزم مظہر مسعود کو۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج اینڈ

پوسٹ گریجویٹ سٹڈیز سنٹر سکھر

۱۷ رمضان المبارک ۱۴۱۰ھ / ۱۳ اپریل ۱۹۹۰ء

Marfat.com

عزیز گرامی زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ۔ نوازش نامہ اور کاغذات مل گئے۔ آپ نے کوشش فرمائی۔ مولیٰ تعالیٰ اس کا اجر عطا فرمائے ـــــ آمین!

یہ معلوم ہو کر مسرت ہوئی کہ مجلس مبارک بحسن وخوبی اپنی طرز پر انجام پذیر ہوئی۔ آپ نے بہت اچھا کیا کہ ایک عارف کامل کی نعت شریف پڑھی ـــــ مناسب یہی تھا کہ صاحبزادہ صاحب سے پوچھ لیا جاتا۔ رمضان المبارک میں ان کو تکلیف دینا مناسب نہ تھا۔ بہر حال وہ آ گئے اور مجلس میں رونق ہوگئی۔

۱۹ اپریل کو روانگی کا ارادہ ہے۔ انشاء اللہ! میاں شکیل احمد سے فون پر بات ہوئی۔ وہ ۲۰ اپریل کو افطاری رکھ رہے ہیں۔ آپ اور برادرم باڑی صاحب ۲۱ اپریل اور ۲۵ اپریل کے درمیان طے کرلیں ـــــ کراچی سے ۲۹ اپریل کی صبح واپسی ہوگی۔

آپ کے پھوپھی زاد بھائی تشریف لائے تھے۔ آپ کی طرف سے تحفہ دے گئے۔ بہت بہت شکریہ! اس کی آپ نے کیوں تکلیف کی۔ اللہ تعالیٰ اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین!

''ندائے دین'' کا اداریہ بہت خوب ہے۔ جزاکم اللہ! اللہ تعالیٰ اور ترقیات سے مشرف فرمائے۔ آمین!

انشاء اللہ ملاقات پر کتاب ''خیر الانام'' دیکھ لی جائے گی ـــــ الحمد للہ میاں مسرور احمد سلمہٗ بخیریت ہیں۔ فقیر بھی بفضلہٖ تعالیٰ بخیریت ہے۔ دعاؤں میں یاد رکھیں۔ میاں مسرور سلام کہتے ہیں۔

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران وہمشیرگان، برادر نسبتی اور دلہنوں کو دعا کہہ دیں۔ بچوں کو بہت بہت پیار۔ بالخصوص عزیزم مظہر مسعود سلمہٗ کو۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

ذخیرہ کتب: جمیل احمد نقشبندی

(۶)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج اینڈ
پوسٹ گریجویٹ سٹڈیز سنٹر، سکھر
۳ مئی ۱۹۹۰ء

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔ کاغذات مل گئے۔ لیکن ان کاغذات میں کوئی ایسا کاغذ نہیں جس سے یہ معلوم ہو کہ کتابیں ''المعارف'' والوں نے وصول کرلیں۔ ان کا کوئی ایسا خط ہو جس میں وصولی کی اطلاع یا ادائیگی کا وعدہ ہو تو اس کی بھی عکس کاپی بھیج دیں۔ بہر حال آج احقر نے علامہ اقبال احمد فاروقی صاحب (مکتبہ نبویہ، لاہور) لکھا ہے کہ وہ اس طرف توجہ فرما کر معاملہ طے کرائیں۔ امید ہے کہ وہ کوشش کریں گے۔

الحمد للہ احقر کی طبیعت پہلے سے بہتر ہے۔ دعا کرتے رہا کریں —— والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران وہمشیرگان اور دلہنوں کو دعائیں۔ بچوں کو دعا اور پیار۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۷)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج اینڈ
پوسٹ گریجویٹ سٹڈیز سنٹر، سکھر

Marfat.com

۹ محرم الحرام ۱۴۱۱ھ / یکم اگست ۱۹۹۰ء

اخی العزیز زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔ یہ فقیر ۳۰ جولائی ۱۹۹۰ء کو لاہور سے واپس سکھر پہنچا۔ الحمد للہ سفر بخیر و عافیت گزرا۔ علماء و مشائخ واحباب و برادران طریقت سے ملاقاتیں رہیں۔ اور روحانی مسرت ہوئی۔ حضرت خواجہ محمد طاہر بندگی اور حضرت داتا صاحب علیہما الرحمہ کے مزارات عالیہ پر بھی حاضری ہوئی۔

''المعارف'' والوں سے ملاقات ہوئی تھی۔ انھوں نے چیک دے دیا تھا۔ جو ارسال کررہا ہوں۔ جمع کرادیں۔ پندرہ دن کے اندر نتیجہ سامنے نہ آئے تو پھر اطلاع کریں۔ امید ہے کہ انھوں نے فقیر سے معاملہ صحیح رکھا ہوگا۔ انھوں نے عقیدت سے اپنی بہت سی اہم مطبوعات بھی فقیر کو عنایت فرمائیں۔

انکم ٹیکس کے لیے دو سرٹیفکیٹ اور ارسال کررہا ہوں۔ اب آپ تیار کرلیں اور نقل فقیر کے لیے رکھ لیں۔

چھٹی کے متعلق سیکریٹریٹ میں نذیر صاحب سے دریافت کرلیں۔ کاغذات اور پتہ آپ کو دے دیا تھا۔

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان کو سلام۔ دلہنوں کو دعائیں۔ بچوں کو بہت بہت دعائیں اور پیار۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۸)

**باسمہٖ تعالیٰ**

گورنمنٹ ڈگری کالج

Marfat.com

سکھر (سندھ)

۱۵ اگست ۱۹۹۰ء

اخی العزیز رفیع اللہ قدرکم!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ۔ دونوں نوازش نامے موصول ہوئے۔ ممنون ہوں۔ ماہانہ محفل کی تفصیلات معلوم کر کے سکون واطمینان ہوا۔ مولیٰ تعالیٰ اس محفل مبارک کو قائم ودائم رکھے۔ آمین! ـــــ کتابوں کی فلمیں موصول ہوگئیں۔ اب صرف ایک کتاب کی فلم اور بنی ہے ـــــ عزیزم مظہر مسعود سلمہٗ کی بسم اللہ ضرور کریں۔ سکھر آنے کے بعد کراچی آنا جانا بہت مشکل ہو گیا۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۱۴ ستمبر کو کانفرنس میں شرکت کے لیے آؤں گا۔ پھر ۴ اور ۵ اکتوبر کو ایک شادی ہے، شاید آنا ہو۔ ماہانہ محفل میں شرکت کی حسرت رہ جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ آسانیاں پیدا فرمائے۔ آمین!۔ بہرحال آپ جس طرح مناسب خیال کریں تاریخ رکھ لیں۔

انکم ٹیکس فارم دستخط کر کے واپس بھیج رہا ہوں۔ Profit کی تفصیلات نہیں معلوم۔ معلوم کرنے میں وقت لگے لگا۔ اگر وقت کم ہو تو سردست اسی طرح بھیج دیں ـــــ آئندہ خیال رکھا جائیگا۔ ویسے دس ہزار سے کم ہی ہوگا۔

''ملفوظات'' کا مرسلہ مسودہ آج سرسری طور پر دیکھا۔ آپ نے مقدمہ بہت خوب لکھا ہے۔ جزاکم اللہ! ـــــ حضرت قبلہ علیہ الرحمہ کے حالات چوں کہ شائع ہو چکے ہیں، اس لیے مختصر طور پر بیان کر دیئے جائیں تو بہتر ہے۔ انشاء اللہ احقر نشاندہی کر دے گا۔ برادرم محمد یونس باڑی صاحب سے بھی احقر نے یہی کہا کہ سوانح میں ان باتوں کا ذکر کریں جن کا احقر نے ذکر نہیں کیا تاکہ ایک نئی تحقیق سامنے آئے ـــــ فقیر کے متعلق آپ نے خوب نکتہ بیان فرمایا۔ یہ آپ کے اخلاص کی کرامت ہے، ورنہ احقر تو سیہ کار ہے۔

Marfat.com

ماھنامہ ''ندائے دین'' ابھی نہیں پڑھا۔ ان لوگوں کو راہ راست پر لانے کی کوشش کریں تو بہتر ہے۔ اور اس کا خیال رکھیں کہ وہ اپنے مسلک کے لیے آپ سے فائدہ نہ اٹھا سکیں کیونکہ مسلک کی خدمت ہی اصل خدمت ہے ـــــ انشاء اللہ آپ کا تعارف لکھ دیا جائیگا۔ خاندان، تعلیم، ملازمت، تحریری خدمات وغیرہ کے متعلق تفصیلات بھیج دیں ـــــ مقدمہ لکھنے کے بعد آپ کی طرف سے پیش لفظ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ بلکہ پیش لفظ احقر لکھدے گا، جس میں آپ کے حالات بھی آجائیں گے۔ ھاں احقر نے آپ کو بیعت کی کب اجازت دی، مکتوب کا عکس بھیج دیں ـــــ دوسری باتیں جو قابل ذکر ہوں ان کی نشاندہی کرادیں۔

برادرم محمد یونس صاحب سے کہا تھا کہ پہلے ''جانِ جاناں'' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تبصرے مرتب کرلیں، پھر حضرت علیہ الرحمہ کی سوانح میں مصروف ہو جائیں۔ ان سے دریافت کریں کہ تبصرے مرتب ہوئے یا نہیں ـــــ ان کو سلام کہہ دیں۔

احقر کی طبیعت پہلے سے بہتر ہے۔ دوا استعمال کر رہا ہوں جو ایک دو ماہ بلکہ زیادہ عرصہ استعمال کرنی ہوگی۔ مولیٰ تعالیٰ دین کی خدمت کے لیے صحت وتوانائی عطا فرمائے۔ آمین!

شوگر کی رپورٹ برادرم صبور صاحب کو دے دیں، جب بھی سہولت ہو۔ جلدی نہیں والدین کریمین کو سلام کہدیں۔ برادران وہمشیرگان کو اور دلہنوں کو سلام ودعا۔ بچوں کو بہت بہت دعائیں۔ خصوصاً عزیزم مظہر محمود سلّمہٗ کو ـــــ مسرور میاں سلّمہٗ سلام کہتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: محمد مسعود احمد عفی عنہ

Marfat.com

۹

# باسمہٖ تعالیٰ

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۳۰ اگست ۱۹۹۰ء

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ و برکاتہٗ۔ امید ہے کہ مزاج بخیر ہوں گے۔ رجسٹری مل گئی تھی۔شکریہ!

''ملفوظاتِ مظہری'' میں اصل ملفوظات ہیں اور انھیں کی طرف قاری کو متوجہ کرنا ہے۔اس لیے اگر مقدمہ یا حیات کو مفصل لکھا جائے تو مقصود کی طرف توجہ کم ہو جائیگی —— احقر کا خیال ہے کہ ''حیات مظہری'' تقریباً نصف کر دیں۔ جہاں حاشیے میں لائنیں ڈالی ہیں، وہ عبارات مختصر کر دیں۔''اولاد امجاد'' (۵۵+۵۶) کے ذیل میں جو لائنیں ڈالی ہیں، وہ مضامین حذف کر دیں۔

''افتتاحیہ'' اور ''حیاتِ مظہری'' کو منسلکہ خاکہ کے مطابق مرتب کرلیں —— حضرت کے مکاتیب کے جہاں متعدد حوالے ہیں، وہاں ایک دو کافی ہیں —— کرامات کا باب خارج کر دیں تو بہتر ہے۔البتہ تعارفی حقائق رہنے دیں۔اصل کرامت تو اتباعِ سنتِ نبوی (صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) ہے، جیسا کہ آپ نے بھی لکھا ہے —— جو اقتباس دیں اس کا مفصل حوالہ ضرور دیں —— ''ملفوظات'' میں پہلے ملفوظ میں مفصل حوالہ دیں، پھر دیگر ملفوظات میں ملفوظ نمبر ۲ کی طرح حوالہ دیں —— جب لکھیں دونوں طرف حاشیہ دے کر لکھیں اور کاغذ کے ایک طرف جیسا کہ آپ لکھتے ہیں۔

Marfat.com

''تعارف'' کے عنوان سے آپ کے حالات لکھدیئے ہیں۔آپ نے فقیر کے حالات میں حسن ظن سے کام لیا۔مولیٰ تعالیٰ اس کا اجر عطا فرمائے۔چاھتا تھا کہ فقیر کے حالات میں بعض مضامین خارج کر دیئے جائیں، جو لوگوں کو مبالغہ نظر آئیں گے۔مگر غیبی تائید نے آپ کی تائید کی اور کل اسلام آباد سے ایک خط آیا جس کا عکس آپ کو بھیج رہا ہوں۔اس کریم کا شکر و انعام ہے کہ اس نے اس اعزاز سے نوازا۔مولیٰ تعالیٰ آخرت میں اسی طرح سرخرو فرمائے۔اس نے ہدایت فرمائی ہے کہ ''اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو'' ـــــ نیز فرمایا کہ: ''اللہ تعالیٰ وعدہ خلاف نہیں''۔یقیناً وہ مایوس نہیں فرمائے گا ـــــ اس کے کرم عمیم سے یہی امید ہے۔

آپ کے مسودہ میں بعض جگہ اضافہ کیا ہے، ایک دو جگہ نوٹ بھی لکھے ہیں، اس کے مطابق کرلیں ـــــ اگر ۱۴ ستمبر تک مسودہ تیار ہو جائے تو پھر ۱۵ ستمبر کو احقر دکھادیں ـــــ کتابت الیاس صاحب یا فاروق صاحب سے کرائیں۔آجکل ان کے نرخ کیا ہیں، معلوم کرلیں۔

امید ہے کہ ماھانہ محفل بخیر و خوبی ہوگئی ہوگی ـــــ بسم اللہ کی تقریب جب چاہیں رکھ لیں۔چاہیں تو دسمبر کے آخر میں رکھ لیں۔اس وقت تعطیلات بھی ہوں گی۔احقر کا ارادہ ۱۳ ستمبر کو شام تک پہنچنے کا ہے اور ۱۷ ستمبر کو صبح واپسی ہے۔انشاءاللہ تعالیٰ۔

احقر کے پاس چند قلمی نوادرات ہیں اور ایک انگشتری۔اگر ان کے بھی عکس تیار ہو جائیں تو مناسب ہے۔

بحمد اللہ احقر رو بہ صحت ہے ـــــ والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ہمشیرگان و برادران کو دعائیں۔بھابیوں کو اور برادر نسبتی کو سلام۔بچوں کو اور دلہن کو دعائیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

(۱۰)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۲۰ ستمبر ۱۹۹۰ء

برادرم!

السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہٗ۔ امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔ برادرم نعیم صاحب آئے تھے۔ مولیٰ تعالیٰ ان کی مشکلات آسان فرمائے۔ آمین! ''ندائے دین'' میں آپ کے مضامین مطالعہ کیے۔ اللہ تعالیٰ دین کی خدمت میں مصروف رکھے۔ آمین! ــــ صفحہ ۸ پر آیت نمبر ۱ میں ترجمہ میں فاحش غلطی ہوگئی۔ ''نہ مان'' کی جگہ ''مان'' لکھ دیا گیا ہے۔ یہ کاتب کا سہو معلوم ہوتا ہے ــــ مضامین کو مستند حوالوں سے مزّین کیا کریں۔ یا پھر جن کتابوں سے استفادہ کریں، آخر میں ان کی تفصیلی فہرست دے دیں۔ اس طرح مضمون اہل علم کی نظر میں زیادہ باوقار ہوجائے گا۔

صاحبزادہ مظہر مسعود سلمہٗ کو دیکھ کر بہت خوشی ہوتی ہے۔ ماشاء اللہ بہت سنجیدگی اور توجہ سے احقر کے ساتھ ساتھ پڑھتے رہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو دارین میں سرفراز کرے اور دین کا خادم بنائے۔ آمین!

تعویذ بھیج رہا ہوں۔ بھابی کو دے دیں۔ وہ موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لیں۔ درود شریف پڑھا کریں اور سوتے وقت تین تین بار قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں، پھر پورے بدن پر پھیر لیں۔

والدین کریمین اور گھر میں سب کو سلام و دعا کہہ دیں۔

Marfat.com

فقط والسلام

احقر: محمد مسعود احمد عفی عنہ

(۱۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج
سکھر (سندھ)
۱۲ اکتوبر ۱۹۹۰ء

برادرم زید مجدہ'!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ'۔ امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔ الحمد للہ بخیریت وعافیت سکھر پہنچا۔ کراچی کی محافل روح پرور ہیں۔ فالحمد اللہ علیٰ ذالک!

سید شبیر حسین شاہ صاحب نے اسلام آباد سے ''جان جاناں'' صلی اللہ علیہ وآلہ' وسلم کا ہدیہ مبلغ -/۳۰۰ روپے بھیج دیا ہے۔ نصر اقبال صاحب کو کل ہی خط لکھا ہے۔ آپ بھی ان کو خط لکھ دیں۔

برادرم محمد عبدالستار طاہر صاحب نے لاہور سے فقیر کی مختصر سوانح ''آئینہ ایام'' کا مسودہ بھیج دیا ہے۔ نظر ثانی کے بعد آپ کو بھیج دوں گا۔ آپ الیاس صاحب کو دے دیں۔ یہ تاکید کر دیں کہ کتابت وہ خود کریں۔

''جانِ جاناں'' کی طباعت ثانی کا انتظام کریں تو مناسب ہے۔ نصر اقبال صاحب سے یہ بھی دریافت کرلیں کہ جن صاحب نے ۲۰۰ کاپیوں کا آرڈر دیا تھا وہ کون تھے۔ ان کا پتہ معلوم کرلیں۔

دعاؤں میں یاد رکھیں۔ والدین کریمین کو سلام۔ برادران و ہمشیرگان کو دعائیں۔

Marfat.com

دلہنوں کو دعائیں۔ بچوں کو پیار۔ بالخصوص عزیزی مظہر مسعود سلمہٗ کو۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۱۲)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۱۷ اکتوبر ۱۹۹۰ء

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ اس سے قبل ایک لفافہ ارسال کی تھا، امید ہے کہ مل گیا ہوگا ــــــ لاہور سے محمد عبدالستار طاہر صاحب نے ''آئینہ ایام'' کا مسودہ بھیجا ہے، اس پر نظر ثانی کر لی ہے۔ آپ بھی دیکھ لیں، پھر کتابت کے لیے الیاس صاحب کو دے دیں۔ ''ملفوظات مظہری'' کی کتابت کے بعد اس کو شروع کریں۔

ایک لفافہ ارسال کر رہا ہوں۔ یہ برادرم محمد یونس باڑی صاحب کو دے دیں۔

والدین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان کو سلام۔ بچوں کو دعائیں بالخصوص عزیزم مظہر مسعود سلمہٗ کو ــــــ میاں مسرور سلمہٗ سلام کہتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۱۳)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

Marfat.com

سکھر (سندھ)

۲۴ اکتوبر ۱۹۹۰ء

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہٗ۔ دونوں عنایت نامے مع ''ندائے دین'' موصول ہوئے۔ آپ کا مضمون وقت کی ضرورت ہے۔ جزاکم اللہ! ــــــ مضمون میں ایسے نکات کا بیان کرنا زیادہ مفید نہیں جو عوام کی ذہنی سطح سے زیادہ بلند ہوں۔ اس کا خیال رکھیں۔ اس قسم کا صرف ایک نکتہ ہے، باقی ماشاء اللہ خوب ہے۔

حسب خواہش ٹائیٹل کا مضمون لکھ دیا ہے۔ یہ پیچھے جو تفصیلات آتی ہیں وہ احقر کی مطبوعات دیکھ کر خود لکھ لیں ــــــ ''آئینہ ایام'' میں یہ اضافے کر دیں:

1. ۱۹۵۶ء: کے ذیل میں فقیر کی بیعت کا ذکر کر دیں۔
2. ۱۹۸۵ء: کے ذیل میں اپنی خلافت کا ذکر کر دیں۔
3. ''غریبوں کے غم خوار'' کے ذیل میں مزید صراحت کر دیں کہ یہ رسالہ ''ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا'' نے بمبئی سے بھی شائع کر دیا ہے۔
4. ''حیات مولانا احمد رضا خاں'' (مطبوعہ سیالکوٹ) کے ذیل میں یہ صراحت کر دیں کہ یہ کتاب ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا'' نے بمبئی سے شائع کر دی ہے۔

''خلافت نامہ'' جب اضافت کے ساتھ آتا ہے تو ''خلافت نامے'' بھی لکھ دیا کرتے ہیں۔ اب نہ معلوم کس انداز سے یہ لفظ آیا ہے ــــــ بہر حال درست کر دیں۔

آپ کی طبیعت کی طرف سے بہت فکر ہو گیا تھا۔ الحمد للہ کہ اب آپ روبہ صحت ہیں۔ مولیٰ تعالیٰ صحت و عافیت کے ساتھ سلامت رکھے اور فیض جاری رکھے۔ آمین!

Marfat.com

کراچی کے کچھ پتے تحریر کیے ہیں، منسلک کر رہا ہوں۔ جن پتوں پر سرخ نشان ہے، ان پر کبھی کبھی بھیج دیا کریں۔

اس مرتبہ ماھانہ محفل میں شرکت نہ ہو سکے گی جس کا قلق ہے ــــــ نئے دعوت نامے ابھی نہ چھپ سکے تو پھر سہی ــــــ برادرم رفیق الاسلام صاحب ہندوستان سے آجائیں تو مطلع کریں۔

''آئینہ ایام'' میں اگر ماھانہ محفل کے اجراء کا ذکر نہ ہو تو متعلقہ سال میں ضروری اضافہ کر دیں۔

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان کو دعائیں۔ بچوں کو پیار خصوصاً عزیزم مظہر مسعود سلمہٗ کو۔

میاں مسرور حیدرآباد میں ہیں۔ والدہ کو لے کر گئے ہیں جو بیمار ہیں۔ ان کے لیے دعا کریں۔

فقط والسلام

احقر: محمد مسعود احمد عفی عنہ

(۱۴)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۱۰ نومبر ۱۹۹۰ء

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ دونوں نوازش نامے موصول ہوئے۔ آپ

Marfat.com

کی مزید علالت موجب تشویش وفکر ہے۔مولائے کریم آپ کو صحت عاجلہ وشفائے کاملہ عطا فرمائے۔آمین!۔۔۔۔۔امراض۔حسنات میں اضافہ کرتے ہیں۔یہ اس لیے کہ امراض میں اگر توفیق الٰہی شامل حال رہے تو توجہ الی اللہ میسر آجاتی ہے۔یہ اس عُسر کا حاصل ہے جو مرض کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے۔مولیٰ تعالیٰ آپ کے قلب کو ہمیشہ قوی رکھے اور اپنی طرف متوجہ۔آمین!

حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مکتوبات سے ملفوظات ضرور منتخب کریں۔جو کام پہلے ہو چکا ہے،اس پر نظر ڈال لیں۔مکتوبات شریف کی تیسری جلد سے ان مکتوبات سے ملفوظات منتخب کریں جو عام لوگوں کے لیے مفید ہوں،اور ان کے لیے قابلِ فہم ہوں۔

ماھانہ محفل کی تفصیلات معلوم کر کے مسرت ہوئی۔اصل چیز وہ کیف وسرور و روحانیت ہے،جو اس مجلس سے میسر آتا ہے۔لوگوں کا جمع کرنا مقصود نہیں بلکہ ان کا خیال بھی شرک خفی ہے۔اصل شے رُشد و ہدایت ہے۔مولیٰ تعالیٰ اس فیض کو قائم و دائم رکھے۔آمین!

جب آپکی طبیعت ٹھیک ہو جائے،اس وقت ''جانِ جاناں'' کی طرف متوجہ ہوں۔سردست رہنے دیں۔اگر موقع ملے تو ایسے کاغذوں کے نمونے بھی لے لیں جو کم قیمت ہوں۔نیوز پرنٹ اور اس سے کچھ بہتر۔تاکہ سارے نمونے ریکارڈ میں محفوظ ہو جائیں۔

''آئینہ ایام'' میں ۱۹۹۰ء کے ذیل میں تفصیلات نامکمل ہیں۔ان میں چند ماہ تک اضافہ ہوتا رہے گا۔انشاء اللہ!۔۔۔۔۔سردست ایک ضمیمہ منسلک کر رہا ہوں۔اس کو متعلقہ مقام پر شامل کر لیں۔۔۔۔۔بحمد اللہ تعالیٰ ''حیات مولانا احمد رضا خاں بریلوی'' سیال کوٹ والی اور ''غریبوں کے غم خوار'' بمبئی سے شائع ہو گئی ہیں۔اس کے نسخے مل گئے ہیں۔۔۔۔۔

Marfat.com

''حضرت مجدد الف ثانی اور ڈاکٹر اقبال'' کی ایک کاپی بھی مل گئی ہے۔ دسمبر میں ساتھ لیتا آؤں گا۔ انشاء اللہ!

عزیزم مولوی محمد معظم احمد سلّمہٗ کے زخمی ہونے کی اطلاع مفتی محمد اکرم احمد سلّمہٗ کے خط سے بھی مل گئی تھی۔ مگر انھوں نے صرف اتنا تحریر کیا کہ مسجد فتحپوری اور میاں معظم پر حملہ کیا گیا تھا۔ تفصیلات نہ معلوم ہوسکیں۔ آپ کے عزیز نے تفصیلات بتائی ہوں تو مطلع کریں۔ مولیٰ تعالیٰ سب بھائیوں کو اپنے حفظ وا ماں میں رکھے۔ آمین!—— اپنے عزیز کو فقیر کا سلام کہدیں۔

مرسلہ کتاب بہت مفید ہے۔ جزاکم اللہ!—— اس کے بعض مضامین کا خلاصہ چھپ جائے تو اصلاح حال کے لیے بہت مفید ہوگا۔ فقیر نے اسی مقصد کے لیے ایک مقالہ بعنوان ''قیامت'' مرتب کیا ہے، جو ۵۶ صفحات پر مشتمل ہے۔

محترم پروفیسر عبدالباری صاحب کو آپ خود دعوت نامہ ارسال کیا کریں۔ شرکت کے لیے خصوصی طور پر لکھ بھی دیا کریں۔

والدین کریمین کو سلام کہدیں۔ برادران و ہمشیرگان کو سلام، بچوں کو دعائیں۔ بالخصوص عزیزم مظہر محمود سلمہ کو۔ برادرم محمد یونس صاحب کو سلام کہہ دیں۔ ان کا خط مل گیا ہے۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۱۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

Marfat.com

سکھر (سندھ)

۳۰ نومبر ۱۹۹۰ء

برادرم زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ نوازش نامہ باعث فرحت وانبساط ہوا، مولیٰ تعالیٰ آپ کے درجات بلند فرمائے۔آمین!ــــ حضرت غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے ارشاداتِ عالیہ کی آپ نے خوب تشریح فرمائی۔ جزاکم اللہ!ــــ جب ایک طالب علم، طلب علم میں قدم بڑھاتا ہے تو پہلے کتاب دیکھتا ہے، اور الفاظ وحروف پہچانتا ہے۔پھر الفاظ وحروف سے پردہ اٹھتا ہے اور وہ کتاب پڑھتا ہے، معانی سمجھتا ہے ــــ پھر معانی سے پردہ اٹھتا ہے تو اصل مفہوم اس پر منکشف ہوتا ہے ــــ اس کو نہ معنی نظر آتے ہیں اور نہ مفہوم۔مگر وہ ان کا مشاہدہ کرتا ہے اور پورے یقین کے ساتھ بیان کرتا ہے۔جس کو ایک جاہل اور ان پڑھ سن سن کر حیران ہوتا ہے ــــ علم ظاہر کی طرح علم باطن کے بھی مدارج ہیں۔جب مومن باطن میں ترقی کرتا ہے تو اس کو اعلیٰ سے اعلیٰ نظر عطا فرمائی جاتی ہے تا آں کہ اس کو حضوری حاصل ہو جاتی ہے۔جس کو مشاہدے سے تعبیر کیا گیا۔کیونکہ مشاہدے کا حاصل بھی حضوری ہے۔اور یہی حضوری سیر وسلوک کا حاصل ہے۔مولیٰ تعالیٰ ہم کو اس دولت سے سرفراز فرمائے۔آمین!

جو کاغذ کے نمونے آپ نے بھیجے ہیں، ان میں منسلکہ نمونہ مناسب رہے گا۔احقر کا خیال ہے کہ پانچ سو کاپیاں اخباری کاغذ کی چھپوالی جائیں۔اس طرح طباعت میں ڈیڑھ ہزار کی بچت ہو جائے گی۔اور یہ کاپیاں مستحقین کو دی جاسکیں گی ــــ اخباری کاغذ ۵۰ گرام کا مناسب رہے گا۔سائز کے متعلق فضلی سنز والوں سے دریافت کریں۔

عزیزم نعیم احمد مظہری کو عرق گلاب اور زعفران ملا کر کاغذ پر سُورہ والتین لکھ کر

Marfat.com

دیں۔ وہ اس کو پانی میں گھول کر زمین کے چاروں طرف چھڑک دیں۔ یا سُورۃ و العصر سیاہ روشنائی سے لکھ کر دے دیں۔ وہ اس کو زمین کے کونے میں گاڑ دیں۔

والدہ صاحبہ کو سلام کہہ دیں۔ ان کے خوابات سے اندازہ ہوتا ہے کہ کوئی دشمن پیچھے پڑا ہوا ہے۔ ان سے کہیں کہ روزانہ سُورۃ حشر پڑھ لیا کریں اور یہ دعا باوضو یا بغیر وضو پڑھتے رہیں:

اللھم انا نجعلك فی نحورھم و نعوذبك من شرورھم

مولیٰ تعالیٰ دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھے۔ آمین! ——— اپنی قوتِ ایمانی سے دشمنوں کو خاطر میں نہ لانا چاہیے۔ جب اللہ حامی و ناصر ہے تو پھر دشمن کیا کر سکتے ہیں؟ ——— اس یقین کو دل میں پختہ کریں۔ انشاء اللہ محفوظ رہیں گی۔

ھاں نعیم صاحب سے کہیں کہ اتوار کو نماز فجر سے قبل دس بار سورہ کافرون پڑھ کر زمین کے لیے دعا فرمائیں۔ مولیٰ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین! ——— فقیر بھی دعا کرتا ہے مولیٰ تعالیٰ ان کی مشکل آسان فرمائے۔ آمین!

احقر نے کچھ نوادرات دیئے تھے، امید ہے کہ عکس تیار کرا لیے ہوں گے ———

آپ کی امانت -/۵۰۰ روپے احقر کے پاس ہیں، یاد کر کے لے لیں۔ تین کتابوں کے سر ورق بنوانے ہیں، وہ بھی لے لیں، اور ''جانِ جاناں'' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ٹائیٹل بھی لے لیں۔ امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے والدین کریمیں کو سلام کہہ دین۔ برادران و ہمشیر گان کو دعائیں۔ بچوں کو پیار بالخصوص عزیزم مظہر مسعود سلمہٗ کو۔ میاں مسرور سلام کہتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

۱۹۹۱ء

(۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۱۷ جنوری ۱۹۹۱ء

برادرم زید مجدہٗ!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔نوازش نامہ، دعوت نامے اور رسائل موصول ہوئے۔شکریہ! ـــــ دعوت نامے اچھے چھپے ہیں۔جزاکم اللہ! مضامین اصلاحِ احوال کے لیے مفید ہیں۔ اللھم زد فزد!

یہ معلوم ہو کر اطمینان ہوا کہ ''منزل بہ منزل'' کی کتابت ہو رہی ہے، اور ''جانِ جاناں'' صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تصحیح ہو چکی ہے ـــــ آزاد کشمیر سے سلسلہ نقشبندیہ کے شیخ طریقت خواجہ محمد صادق مدظلہ العالی نے غائبانہ محبت کی بنا پر کچھ سوغات بھیجی تھی۔آپ ان کو مندرجہ ذیل پتے پر ''جانِ جاناں'' صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ایک نسخہ ارسال فرمادیں:

معرفت پروفیسر اکبر داد صاحب

جامع مسجد شریف۔اگہار۔کوٹلی۔آزاد کشمیر

پتہ ذرا صاف لکھیں اور پیکنگ مضبوط تاکہ ضائع نہ ہو۔برادرم مولانا محمد یونس صاحب کے پاس رسائل ہیں، ایک ایک وہ بھی رکھ دیں۔

برادر طریقت سید کبیر علی صاحب کا مقدمہ ان کے حق میں فیصل ہو گیا ہے۔ـــــ

Marfat.com

فقیر نے تعویذ دیا تھا۔اب وہ نذرانہ پیش کرنا چاہتے ہیں۔وہ آپ کو چھ ہزار روپے دیں گے ۔''جانِ جاناں''صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طباعت میں لگالیں۔شاید جمعہ کو حاضر ہوں یا فون پر بار کر لیں۔اللہ تعالیٰ نے یہ غیب سے انتظام کر دیا۔مولیٰ تعالیٰ سید کبیر علی صاحب کو اور انعام واکرام سے نوازے۔آمین! آپ بھی دعا کریں۔ان کے داماد بیمار ہیں،ان کے لیے بھی دعا کریں۔ان کا فون نمبر ۲۹۱۷۸۸ اور ۲۹۴۶۱۶ ہے

لندن سے حاجی محمد الیاس صاحب کا فون آیا تھا۔ان کو''جانِ جاناں''صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی بیس کاپیاں دی تھیں۔اس کی رقم لندن میں برادرم عبدالباقی کو ادا کر دی ہے۔یہ بھی انشاء اللہ آجائے گی ـــــ نصر اقبال صاحب مولانا شرف صاحب کے دیرینہ ملنے والے ہیں۔آج مولانا شرف صاحب کو اس سلسلے میں لکھا ہے۔دیکھیے کیا جواب آتا ہے۔

برادرم محمد عبدالستار طاہر صاحب فقیر سے اتنے باخبر ہیں کہ فقیر بھی خود اتنا باخبر نہیں۔ اسی لیے وہ زیر کتابت کتاب کے لیے مواد بھجواتے رہتے ہیں،فقیر کو بھی بھیجا ہے۔۱۹۹۰ء سے متعلق جو اضافے ہوں وہ تو کیے جاسکتے ہیں۔الیاس صاحب سے کہیں کہ سنہ مذکور کے ذیل میں جگہ چھوڑ دیں۔

صاحبزادہ صاحب سلّمہٗ کی مجلس میں ضرور جائیں اور تقریر بھی کریں۔مولیٰ تعالیٰ حاضرین مجلس کی اصلاح فرمائے۔آمین! ـــــ ''ملفوظاتِ مظہری''میں آیاتِ قرآنی پر ضرور اعراب ڈلوائیں اور قرآن کریم سے خود تقابل کر لیں ـــــ اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کے عرس شریف کے سلسلے میں روٹی پیش کرنے کی اجازت ہے۔مولیٰ تعالیٰ آپ کو پردۂ غیب سے اور عطا فرمائے۔آمین! ـــــ عکس اپنے پاس رکھیں۔جب کراچی آنا ہو گا لے لیے جائیں گے۔انشاء اللہ!

فقیر کے پھوپھی زاد بھائی جناب مکرم حسین صاحب جام شورو میں ۱۰؍ جنوری کو انتقال فرماگئے۔ان کے لیے دعائے مغفرت کریں اور محفل میں دعا کرائیں۔مولیٰ تعالیٰ ان

Marfat.com

کی مغفرت فرمائے ـــــ آمین!

برادرم طریقت جناب غلام قادر خاں صاحب (راولپنڈی) کے تایازاد بھائی جناب حبیب الرحمٰن صاحب کراچی میں رہتے ہیں۔ شاید حضرت سے بیعت ہیں، مگر بیمار وضعیف ہیں۔ ان کے خاندان میں حضرت کے بہت سے مریدین ہیں۔ مندرجہ ذیل پتے پر ان کو محفل کی طرف متوجہ کریں:

مکان نمبر A ۴۴۶ ۔ بلاک نمبر ۳

گلشن اقبال۔ کراچی فون نمبر ۴۶۳۳۳۴

والدین شریفین کو سلام کہہ دیں۔ بہن بھائیوں کو سلام۔ دلہنوں کو دعائیں۔ بچوں کو دعا اور پیار بالخصوص عزیزم مظہر مسعود سلّمہٗ کو ـــــ اعزی میاں مسرور احمد سلّمہٗ سلام پیش کرتے ہیں۔ برادرم محمد یونس صاحب کو سلام کہہ دیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۲۹ جنوری ۱۹۹۱ء

اخی العزیز زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ رجسٹری موصول ہوئی مگر اس سے قبل کوئی رجسٹری نہیں ملی۔ اس میں آپ نے کیا بھیجا تھا، مطلع کریں ـــــ دعوت نامہ موصول ہوا۔ امید ہے کہ مجلس بحسن وخوبی انجام پذیر ہوگئی ہوگی۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو اور سب معاونین کو اجر

Marfat.com

عظیم عطا فرمائے۔آمین!

والدہ صاحبہ کے خواب سے اندازہ ہوتا ہے کہ کوئی بدخواہ تعاقب میں ہے۔اللہ تعالیٰ اس کے شر سے سب کو محفوظ رکھے۔آمین!—— نظر اللہ پر رکھیں، پھر کسی کی بدخواہی کارگر نہیں ہو سکتی انشاءاللہ تعالیٰ!—— جو چیز نکلا کرے، اس کو سمندر میں یا نہر وغیرہ میں ڈلوادیا کریں—— ایک تعویذ بھیج رہا ہوں۔غالباً پہلے بھی بھیجا تھا—— اس کے کئی عکس نکلوا کر ہر کمرے میں چاروں کونوں پر چھت کے قریب لگادیں

اہلیہ کا خواب اچھا ہے اور اس میں صاحبزادے کے لیے بشارت ہے مولیٰ تعالیٰ ان کو اسلام کا خادم بنائے۔آمین!—— ان سے کہیں سوتے وقت معوذتین پڑھ کر دم کرلیا کریں۔—— ہاتھ پر دم کرکے جسم پر پھیر لیا کریں۔درود شریف کثرت سے پڑھا کریں۔والدہ صاحبہ بھی یہی کریں——

عزیزم مسرور سلمہٗ سلام کہتے ہیں۔والدین کو سلام، دلہن بلکہ سب دلہنوں کو، بہنوں اور بھائیوں کو سلام و دعا کہہ دیں۔بچوں کو دعائیں بالخصوص عزیزم مظہر مسعود کو۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۵ فروری ۱۹۹۱ء

اخی العزیز زید مجدہٗ!

Marfat.com

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ دونوں نوازش نامے موصول ہوگئے۔ جزا کم اللہ!۔۔۔۔۔ یہ معلوم ہوکر اطمینان ہوا کہ ''جانِ جاناں'' صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی طباعت ثانی شروع ہوگئی۔ نمونے کی ایک جلد بندھوا کر دیکھ لیں۔ پھر اسی کے مطابق سب جلدیں بندھوائیں۔ جلدیں جز بندی کی بندھیں گی۔ یہ فضلی سنز والوں پر ظاہر کر دیں۔ ''فتاویٰ مسعودی'' میں انھوں نے نمونہ کی جلد جز بندی کی باندھی، باقی ایسی نہ تھیں۔ یہ بات نہ ہونی چاہیے۔

یہ پڑھ کر مزید اطمینان ہوا کہ محترم سید کبیر علی صاحب نے چھ ہزار روپے عنایت فرمائے۔ جو رقم بچ جائے اس کو ''منزل بہ منزل'' میں استعمال کر سکتے ہیں۔۔۔۔۔ ماھانہ محفل کی تفصیلات معلوم ہو کر خوشی ہوئی۔۔۔۔۔ ''ملفوظات مظہری'' عرس شریف کے موقع پر شائع ہو جائے تو اچھا ہے۔۔۔۔۔ کارڈ اور لفافے مل گئے۔ نیز ڈائری بھی مل تھی اور چیک بھی۔۔۔۔۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم عطا فرمائے۔ آمین!

والدین کریمین کی خدمت میں سلام عرض کر دیں۔ بہن بھائیوں اور دلہنوں کو دعائیں۔ بچوں کو پیار بالخصوص عزیزم مظہر مسعود کو۔ مسرور احمد سلمہٗ بعد سلام مسنون شکریہ ادا کرتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۴)

## باسمہٖ تعالیٰ

قصرِ الحجاز۔ ۸۰۸

مکہ المکرمہ

۲۱ ذوالحجہ ۱۴۱۱ھ / ۳ جولائی ۱۹۹۱ء

اخی العزیز زید مجدکم!

Marfat.com

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے کہ مزاج بخیر ہوں گے۔ اور سب اہل خانہ بعافیت ہوں گے۔ اس سے قبل برادرم محمد یونس باڑی صاحب کی معرفت ایک عریضہ ارسال کیا تھا، مگر اس پر ٹکٹ لگانا بھول گیا۔ نہ معلوم پہنچا یا نہیں — آپ کا پتہ یاد نہیں رہا تھا، اب یاد آیا تو اس پتے پر یہ عریضہ ارسال کررہا ہوں۔

فقیر ۱۰ جون کو رات مکہ معظمہ میں حاضر ہوا۔ بیت اللہ شریف کا طواف کیا اور عمرہ ادا کیا حرم شریف کے دیوار و در پر نور کی چادر بچھی ہوئی تھی۔ ایک عجیب کیف و مستی کا عالم طاری ہوگیا۔ سبحان اللہ سبحان اللہ! تفصیلی بیان کے لیے وقت نہیں ورنہ عرض کرتا — عمرہ کے بعد زیارات مقام مقدسہ سے مشرف ہوئے۔ پھر حج اکبر کی سعادت حاصل ہوئی — الحمدللہ ہر مقام پر مولائے کریم نے اس سیہ کار بندے کو آرام و آسائش سے رکھا — اس کے انعام و اکرام کا کیا بیان کروں!

رھائش کا انتظام اس محلے میں ہوا:

- جہاں حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کا دولت کدہ تھا۔
- جہاں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا مقدس مکان تھا۔
- جہاں سے حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت فرمائی تھی —

یہ محلہ حرم شریف سے بالکل قریب ہے۔ پانچوں وقت کی نمازیں جماعت کے ساتھ ہو جاتی ہیں۔ فالحمد للہ علیٰ ذالك!

کل جبل نور کی دوبارہ زیارت کی۔ صبور صاحب اور میاں مسرور ساتھ تھے۔ الحمدللہ اس پر چڑھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ ڈیڑھ گھنٹے میں پہاڑ کی چوٹی تک پہنچے۔ میاں مسرور ہم سے پہلے پہنچ گئے۔ غار حرا میں داخل ہوکر انھوں نے دوگانہ ادا کیا، پھر باہر آکر دوگانہ، ہم

Marfat.com

سیہ کار تھوڑی دور سے زیارت کرتے رہے۔ کہ یہ گنہ گار قدم اس لائق نہ تھے۔ دوگانہ ادا کر کے بچشم تر واپس ہوئے۔

انشاء اللہ العزیز ۶ جولائی کو مدینہ منورہ روانگی ہے۔ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ کرم خاص ہوا کہ مسجد نبوی کے قریب پہلے ہی ایک مکان مخصوص کر کے ایک عقیدت مند نے اطلاع بھیج دی۔ وہ اپنے گنہ گار مہمانوں پر بہت ہی مہربان ہیں ____

سعودی عرب میں جو احباب اور عقیدت مند تھے وہ ریاض، طائف، جدہ، تنعیم وغیرہ سے آتے رہے۔ ھندوستان اور پاکستان کے حجاج بھی آتے رہے۔ مفتی محمد مکرم سلمہٗ سے اس دن ملاقات ہوئی جب وہ مدینہ منورہ روانگی کے لیے تیار تھے۔ ایک روز فقیر کے پاس قیام کیا۔ تلاش کے باوجود ان کا پتہ معلوم نہ ہو سکا ____ حاجی ضیاء الدین صاحب کے بھائی بھی تشریف لائے تھے۔ سید ریاست علی قادری صاحب بھی تشریف لائے تھے ____ صبور صاحب نے خدمت کا حق ادا کر دیا۔ ان کی رفاقت بھی اللہ کی رحمت ہے ____ مولیٰ تعالیٰ ان کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین!

فقیر نے بیت اللہ شریف اور دیگر مقاماتِ مقدسہ پر آپ سب کے لیے دعا کی۔ مولیٰ تعالیٰ قبول فرمائے ____ مدینہ منورہ سے ۱۶ جولائی کو جدہ پہنچیں گے۔ انشاء اللہ! ____ پھر جدہ سے فلائٹ نمبر Sv۵۳۵۴ سعودی عریبین ایئر لائن کے ذریعہ ۱۷ جولائی کو رات روانہ ہو کر علی الصبح کراچی پہنچیں گے۔ اسی روز یعنی ۱۷ جولائی کو ____ پہلے دوسری فلائٹ تھی جو شاید دوپہر کو پہنچتی ____ اب فلائٹ تبدیل ہو گئی ہے۔

میاں شکیل احمد اور شاہد احمد کو الگ الگ خطوط لکھے ہیں۔ ان کو سلام کہدیں اور کہدیں کہ ۲۱ جولائی کی سکھر ایکسپریس سے سکھر کے لیے سلیپر میں سیٹ ریزرو کروادیں۔

Marfat.com

امید ہے کہ سب بخیریت ہوں گے۔ والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان اور سب دلہنوں کو سلام و دعا۔ بچوں کو بہت بہت پیار۔ خصوصاً عزیزم مظہر مسعود سلمہ کو۔ اہلیہ اور میاں مسرور سلمہٗ آپ کو اور سب کو سلام کہتے ہیں۔

برادرم محمد یونس باڑی صاحب کو بہت بہت سلام کہہ دیں۔ میاں اطہر[1] سلمہ کو دعائیں۔ الحمدللہ ان کے لیے اور میاں اطہر کے لیے بھی دعا کی۔ مولیٰ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین!

اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ حاجی ضیاء الدین صاحب، الیاس صاحب، معراج صاحب، متین صاحب، رفیق الاسلام اور احباب میں جس سے ملاقات ہو سلام کہہ دیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۵)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۷ اگست ۱۹۹۱ء

برادر گرامی زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے کہ سب بخیریت و عافیت ہوں گے۔ عنایت نامہ باعثِ فرحت وانبساط ہوا۔ یادآوری کا ممنون ہوں۔ آپ کے مشاہدات اور آپ کی وارداتِ قلبیہ، شیخ کامل قدس اللہ تعالیٰ سرہٗ العزیز سے قوی رابطہ کی دلیل ہیں۔

---

۱۔ میاں اطہر صاحب مولانا محمد یونس باڑی صاحب کے صاحبزادے اور قبلہ ڈاکٹر صاحب کے داماد ہیں ——— طاہر

Marfat.com

مولیٰ تعالیٰ آپ کے درجات اور بلند فرمائے۔ آمین! ــــــ یہی رابطہ حضور انور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے کمال عشق کا وسیلہ ہے۔ جس کا ظہور ہوا۔ فالحمد لله علیٰ ذالك! ــــــ یہ فقیر تو سیہ کار ہے، کسی لائق نہیں۔ یہ اس تعالیٰ کا کرم ہے کہ وہ اپنے گنہ گار بندوں کو بھی محروم نہیں فرماتا۔

رشتہ کے بارے میں آپ نے دریافت فرمایا ہے ــــــ یہ رشتہ مبارک ہے ــــــ خواب کے لیے صدقہ دے دیں۔

آپ کا مضمون ایک نظر مطالعہ کیا۔ اس میں بعض مضامین عوام کی ذہنی سطح سے بلند ہیں ان کی اشاعت عوام کے لیے مفید نہ ہوگی ــــــ جو مضامین فقیر کے قلب پر وارد ہوئے۔ وہ پیچھے لکھ دیئے گئے ہیں ــــــ اس مضمون کو مزید مطالعہ کر کے عوامی سطح کے قریب کریں اور پھر شائع کریں۔ سردست مضمون مختصر ہے، تفصیل کی ضرورت ہے۔

فقیر کے لیٹر پیڈ ختم ہو رہے ہیں۔ لاہور سے خورشید عالم گوہر رقم نے دو نمونے لکھ کر بھیجے ہیں، یہ منسلک کر رہا ہوں۔ ایک نمونے میں پتہ نہیں ہے، اس کو جلد چھپوا دیں۔ دوسرے نمونے میں پتہ ہے۔ اس میں تاخیر ہو جائے تو حرج نہیں۔ فلم بناتے وقت کتابت کا سائز چھوٹا کرنا ہوگا۔ برادرم فرید صاحب خود کروالیں گے۔ ان سے ملاقات ہی نہیں ہوئی۔ ان کا حصہ بھی دینا ہے۔

پچھلے سال جو انکم ٹیکس ریٹرن آپ نے بھیجا تھا، انکم ٹیکس آفس میں نہیں مل رہا، کاپی بنا کر بھیج دیں، اور اس سال کی دونوں کاپیاں فقیر کو بھیج دیں تا کہ دستی بھجوا دی جائیں۔

''منزل بہ منزل'' کی کتابت لا کر رکھ لیں۔ اس میں اضافے ہوئے ہیں۔ پروگرام کے مطابق فقیر ۲۹ اگست کو رات کراچی پہنچے گا۔ پھر ۵ ستمبر تک قیام رہے گا۔ انشاء اللہ اس پروگرام میں کوئی مانع ہوا تو تحریر کر دیا جائیگا،

Marfat.com

فقیر نے محترم سید وجاہت رسول صاحب کو لکھا تھا کہ کانفرنس کے ۲۰ عدد دعوت نامے آپ کو دے دیں۔ آپ منسلک فہرست کے مطابق تقسیم کر دیں۔

بھائی محمد یونس صاحب سے کہیں کہ ''جانِ ایمان'' لاہور سے منگوالیں۔

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ بہن بھائیوں، بھاوجوں کو سلام و دعا۔ دلہن کو سلام اور بچوں کو پیار۔ بالخصوص اعزی مظہر مسعود سلمہٗ کو۔ میاں مسرور احمد سلمہٗ سلام عرض کرتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۶)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سکھر (سندھ)

۲۰ اگست ۱۹۹۱ء

برادرم عزیز زید مجدکم!

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔ مرسلہ رجسٹری موصول ہوئی۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین!

دہلی سے بہنوئی صاحب کا خط موصول ہوا ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ مفتی مکرم صاحب ۲۸ اگست کو کانفرنس میں شرکت کے لیے کراچی پہنچ رہے ہیں، ان کے چھوٹے بھائی حافظ مبشر احمد اپنی والدہ کے ساتھ شاید آ چکے ہوں گے۔

فقیر انشاء اللہ ۲۹ اگست کو حاضر ہوگا۔ برادرم مولانا محمد یونس باڑی صاحب سے کہیں کہ علامہ اختر شاہجہان پوری سے ۵۰ عدد ''جانِ ایمان'' منگوالیں۔ ربیع الاول شریف کا مبارک مہینہ آرہا ہے -/۵ روپے فی کاپی کے حساب سے بھیج دیں۔

Marfat.com

علامہ اقبال احمد فاروقی صاحب کا خط آیا تھا۔انھوں نے نصر اقبال کو پھر یاد دھانی کرائی مگروہ برابر وعدہ کیے جارہے ہیں۔اللہ تعالیٰ ان کو ہدایت فرمائے۔آمین!

مولانا محمد الیاس زیدی کو احقر نے کتابوں کی قیمت سے آگاہ کر دیا تھا۔انھوں نے آپ کو خط لکھا ہوگا۔

الحمدللہ ۱۴ اگست کو یہاں کالج میں مسجد شریف کا سنگ بنیاد رکھا۔شاید مولیٰ تعالیٰ نے یہ سعادت حاصل کرنے کے لیے یہاں دوبارہ بھیجا ہے۔آجکل مسجد کا تعمیری سلسلہ جاری ہے۔گھر میں والدین گرامی، سب بہن بھائی، بھاوجوں اور دلہن کو سلام کہہ دیں۔ بچوں کو دعائیں خصوصاً عزیزم مظہر مسعود سلمہٗ کو میاں مسرور سلمہ سلام عرض کرتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: محمد مسعود احمد عفی عنہ

(۷)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۷ ربیع الاول ۱۴۱۲ھ/۱۷ ستمبر ۱۹۹۱ء

برادر گرامی منزلت زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔نوازش نامہ باعثِ فرحت ہوا۔خود فراموشی غفلت نہیں۔مولیٰ تعالیٰ اپنی اور اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یاد میں محویت واستغراق عطا فرمائے۔آمین!

فقیر نے فون پر عرض کیا تھا کہ حاجی ضیاء الدین اور اپنے ہاں کے لیے تاریخ کا تقرر کر کے فقیر کو بتادیں۔حاجی صاحب جمعہ ہی کو صبح آکر تاریخ لے گئے۔آپ نے کچھ نہ فرمایا، اس لیے فقیر نے اور لوگوں سے وعدے کر لیے۔پھر بھی یہ فکر رہی کہ اگر آپ نے دعوت کے

Marfat.com

لیے کہا تو پھر کونسی تاریخ دوں گا؟ــــ آپ کی بھول نے فقیر کے فکر کو دور کر دیا۔اس میں یہی حکمت معلوم ہوتی ہے۔آپ خیال نہ کریں۔بطور یادداشت ایک پرچہ پر لکھ لیا کریں۔ اس طرح ایسی صورت پیش آئے گی۔انشاء اللہ!

برادرم مظہر الدین صاحب کا محبت نامہ ملا۔شکریہ!ــــ انشاء اللہ جواب بھیج دوں گا۔اچھا ہوا کہ عزیزم مبشر احمد سلمہٗ کی شکایت دور کر دی۔

الیاس صاحب کو کتابت کے لیے مزید مواد دینا ہے۔فائل جب آئیں تو لے لیں۔ چند کتابوں کے بٹر بنوانے ہیں،وہ بھی لے لیں۔پیڈ کے لیے کتابت بھی ساتھ لیتے آئیں۔ انشاء اللہ ملاقات پر تفصیلی گفتگو ہو جائے گی۔گھر میں سب کو سلام و دعا کہہ دیں۔

فقط والسلام

احقر: محمد مسعود احمد عفی عنہ

(۸)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۱۰ اکتوبر ۱۹۹۱ء

عزیز گرامی منزلت زید مجدہٗ!

وعلیکم السلام و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔محبت نامہ اور رسالہ موصول ہوئے۔ اداریہ اور مقالے کی پہلی قسط پسند آئی۔اللھم زد فزد !ــــ ماشاء اللہ بہت خوب لکھا ہےــــ والدین کے اولاد پر بہت سے حقوق ہیں،میاں بیوی دونوں کو ایک دوسرے کے والدین کو اپنے ہی والدین سمجھنا چاہیئے۔اس طرح تلخ باتیں بھی برداشت کی جا سکتی ہیں۔

Marfat.com

اگر غیریت کا پردہ قائم رہے تو تلخی محسوس ہوتی ہے۔ ورنہ اپنے والدین بھی ڈانٹ ڈپٹ کرتے ہیں، اولاد خاموشی سے برداشت کرلیتی ہے ـــــ ساتھ رہنے میں آسانیاں بھی ہیں اور فوائد بھی ہیں۔ان پر نظر رہنی چاہیئے۔ پھر بھی اگر خدشہ ہو کہ ساتھ رہنے میں والدین کی طرف دل میں میل آنے والا ہے تو والدین کی مرضی اور خوشنودی سے الگ رہنا مناسب ہوگا ـــــ مولیٰ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے۔آمین! ـــــ شرعاً عورت یہ مطالبہ نہیں کرسکتی۔

انشاءاللہ تعالیٰ فقیر ۱۷ اکتوبر کو رات کراچی پہنچے گا۔انشاءاللہ محفل میں بھی شرکت ہوگی اور ۱۹ اکتوبر کو آپ کے ہاں بھی۔

نعت شریف کے اشعار کے مضامین خوب ہیں۔ کسی شاعر کو دکھالیں یا علامہ اختر شاہجہان پوری کو خط لکھ کر اصلاح لے لیں۔

جب سہولت ہو، لاہور کا دورہ کرلیں۔ یہ سب حضرت قبلہ علیہ الرحمہ کا کرم ہے امید ہے مسجد مقدس کی محفل روح پرور رہی ہوگی۔ مولیٰ تعالیٰ اپ کو خوب خوب نوازے۔ آمین!

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ بھائی بہنوں کو دعائیں۔ دلہن اور بچوں کو دعائیں۔ خصوصاً عزیزم مظہر مسعود کو۔ سب دلہنوں کو دعائیں۔ بچوں کو پیار۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۹)

## باسمہٖ تعالیٰ

سکھر (سندھ)

۱۳ اکتوبر ۱۹۹۱ء

Marfat.com

عزیزم زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ۔ اس سے قبل عریضہ ارسال کیا ہے، ملا ہوگا ۔محبت نامہ اور رسالہ موصول ہوئے۔ ماشاء اللہ مضمون اچھا ہے۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کی زبان اور قلم کو دین کی خدمت میں مصروف رکھے۔ آمین!

اُمید ہے کہ مسجد مقدس کی محفل پُر کیف رہی ہوگی ـــــ اپنے ھاں محفل میں مولانا عبدالباری صاحب کو ضرور بلالیں۔ مجید اللہ صاحب سے بھی پھر رابطہ کرلیں۔

انگریزی لیٹر پیڈ کے لیے نمونہ ارسال کررہا ہوں ـــــ بسم اللہ کے لیے وہی کتابت استعمال کریں جو اردو پیڈ میں کی گئی ہے ـــــ نام اور پتے چار چار لائنوں میں ہوں تو مناسب ہیں۔ حروفِ جدید آئے ہوں تو وہ استعمال کریں۔ رنگ سبز رکھیں۔ پہلے کہنا بھول گیا تھا ـــــ گہرا سبز جیسے گنبد خضرا کا ہے۔

گھر میں سب کو سلام و دعا کہہ دیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۱۰)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

یکم نومبر ۱۹۹۱ء

اخی العزیز زید لطفکم!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ۔ مرسلہ کتابت اور دونوں نوازش نامے

Marfat.com

موصول ہوئے۔مولیٰ تعالیٰ آپ کو ظاہری و باطنی ترقیاں عطا فرمائے۔آمین!—— کتابت کا حساب رکھیں تا کہ جو بقایا ہے وہ پیش کر دیا جائے——

عزیزم میاں مسرور احمد سلمہٗ پر مولیٰ تعالیٰ نے بڑا کرم فرمایا۔آپ کی مخلصانہ مبارک باد کا ممنون ہوں۔مولائے کریم ان کو انکے جدامجد علیہ الرحمہ کا نمونہ بنائے۔آمین! آپ کا عنایت نامہ ان کو دے دیا ہے۔وہ سلام کہتے ہیں اور شکریہ ادا کرتے ہیں۔

الحمدللہ آپ کی محفل روحانیت سے معمور رہی۔برادران طریقت کو آپ کے اخلاص اور محبت نے کھینچ لیا۔بفضلہٖ تعالیٰ آپ کا رابطہ قوی ہے اور حضرت علیہ الرحمہ کی آپ پر خاص نظر کرم ہے۔

واقعی اعلیٰ حضرت بریلوی علیہ الرحمہ کا کلام نہایت بلند ہے۔آپ کا خیال صحیح ہے۔ حضرت شمس بریلوی نے اس کلام کے ظاہر پر گفتگو فرمائی ہے۔جبکہ کلام کی اصل اس کا باطن ہے۔حقیقت میں اس کی شرح اہل باطن ہی کر سکتے ہیں۔مولانا نصر اللہ خاں صاحب نے اعلیٰ حضرت علیہ الرحمہ کے کلام میں احادیث کی نشاندہی کی ہے۔یہ ذخیرہ مل جائے تو شرح اور دل نواز ہوسکتی ہے—— مولیٰ تعالیٰ کوئی ایسا فرد کامل پیدا فرما دے جو اس مہم کو سر کرے۔ آمین!

''کشف العرفان'' بھی آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا کرم خاص ہے۔ اس دربارِ دُربار میں حاضر ہونے والے عاشق صادق کو حکم ہوا کہ فقیر کو اس کے سو نسخے پیش کر دیئے جائیں ڈاکٹر نور محمد ربانی صاحب حضرت علیہ الرحمہ سے بخوبی واقف ہیں، اور حضرت ہی کی نسبت سے فقیر سے ان کو خاص محبت ہوگئی۔اللہ اکبر! حضرت کا فیض کہاں کہاں ہے!

انشاء اللہ تعالیٰ ماھانہ محفل میں حاضر ہوں گا۔والدین کریمین کو سلام کہہ دیں برادران وہمشیرگان اور بھابیوں کو دعائیں۔دلہن کو بہت بہت دعا۔بچوں کو پیار خصوصاً عزیزم

Marfat.com

مظہر مسعود سلمہ، کو ـــــــ میاں مسرور احمد سلمہ، سلام کہتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۱۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۹ نومبر ۱۹۹۱ء

برادرم عزیز زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ، ۔امید ہے کہ بخیریت ہوں گے۔اس سے قبل خط ارسال کیا ہے، ملا ہوگا۔انشاء اللہ العزیز فقیر ۲۱ نومبر کو رات کراچی پہنچے گا۔۲۲ نومبر کو محفل ہے اور میاں مظہر سلمہ، کی بہن کی شادی بھی ہے ـــــــ وکیل صاحب سے کہیں کہ اپنے ہاں محفل ۲۴ نومبر کو رکھ لیں اور آپ کے چھوٹے بھائی ۲۳ نومبر کو محفل رکھ لیں۔فقیر ۲۵ نومبر کو رات واپس ہوگا۔انشاء اللہ!

امید ہے کہ مقالہ ''قیامت'' کی کتابت کی تصحیح ہو گئی ہوگی۔لاہور سے اس کا اندرونی سرورق بھی آ گیا ہے۔باہر کا ٹائیٹل آپ بنوا رہے ہیں۔کاغذ کے دام اور نمونے معلوم کر کے جمع کر لیں۔موٹا اور باریک اور رنگین تینوں قسم کے کاغذ کے نمونے لے لیں۔

''منزل بہ منزل'' کتابت کی تصحیح ہو گئی ہے، وہ لیتا آؤں گا۔مزید تصحیح و کتابت اور کاپیاں جوڑنے کے لیے الیاس صاحب کو دے دیں۔

گوجرانوالہ سے ملا علی قاری علیہ الرحمہ کی کتاب ''**المورد الروی فی المولد النبوی**'' شائع ہو گئی ہے۔مستند کتاب ہے۔اس کو سامنے رکھ کر مولود شریف کی

Marfat.com

کتاب مرتب کی جاسکتی ہے بیچ بیچ میں امام احمد رضا کی آسان نعتوں کو شامل کرلیا جائے۔
کتاب مختصر ہے مگر معلومات مستند ہیں۔ مولود شریف اتنا ہو کہ ایک گھنٹے میں پڑھ لیا جائے۔

انشاء اللہ ملاقات پر تفصیل گفتگو ہو جائیگی۔ دہلی سے شاید ۲۳ نومبر تک چھوٹی بہن بھی آجائیں۔ وہ بھی آپ کے ھاں میلاد شریف میں شریک ہو جائیں گی۔ بہنوئی صاحب بھی آرہے ہیں۔ ان کا قیام کالونی میں محمد اشرف مرزا صاحب کے ھاں رہے گا۔

صاحبزادہ زبیر صاحب کی درسی تقریر کی نقل جو آپ کو دی تھی۔ جب آئیں تو لیتے آئیں۔

زیادہ کیا تحریر کروں۔ والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان اور بھابیوں کو سلام۔ دلہن کو دعائیں۔ بچوں کو بہت بہت پیار خصوصاً عزیزم مظہر مسعود سلمہ کو۔ میاں مسرور سلمہ سلام عرض کرتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۱۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۱۴ دسمبر ۱۹۹۱ء

برادرم عزیز زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ محبت نامہ باعث فرحت ہوا۔ پروفیسر فیاض کاوش صاحب کے اشعار سے جو کیفیت حاصل ہوئی اس میں ان کے کلام کے ساتھ ساتھ آپ کا دل بھی شریک ہے۔ بارش سے وہی زمین پھلتی پھولتی ہے جس میں صلاحیت

Marfat.com

ہوتی ہے۔مولیٰ تعالیٰ آپ کو باطنی ترقیاں عطا فرمائے۔آمین!

عزیزہ تہمینہ مظہری کے ھاں صاحبزادی کی ولادت باعثِ مسرت ہے۔مبارک باد کہہ دیں۔سنا ہے آپ کے ھاں بھی اللہ تعالیٰ نے یہی کرم فرمایا ہے،آپ بھی مبارک باد قبول کریں اور والدین کریمین کی خدمت میں مبارک باد پیش کر دیں۔

فقیر نے رفیق الاسلام صاحب سے یہی بات کہی تھی،لیکن اب فقیر کا پروگرام یہ ہے کہ ۱۹ دسمبر کو رات کراچی پہنچے۔انشاءاللہ!۔پھر ۲۱ دسمبر کی صبح حیدر آباد،۲۲ دسمبر کی صبح حیدر آباد سے واپس۔پھر ۳۱ دسمبر کو کراچی سے سکھر روانگی۔انشاءاللہ!——باقی اللہ تعالیٰ علیم ہے انشاءاللہ ماھانہ محفل میں شرکت ہوگی۔

بلڈ پریشر کے لیے ڈاکٹر کی دوا مناسب ہے۔

محترم حکیم محمد عاقل صاحب کے لیے فقیر نے برادرم رفیق الاسلام سے کہا تھا کہ پیر بھائیوں سے ان کے مدرسہ کے لیے چندہ کرا دیں——نہ معلوم انھوں نے کوشش کی یا نہیں۔حکیم صاحب کا خط آیا تھا جس سے معلوم ہوا کہ وہ جا رہے ہیں۔

خواب بہن کی ساس کے لیے اچھا نہیں معلوم ہوتا۔اللہ تعالیٰ ان کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔آمین!——صدقہ دے دیں۔بہر حال آپ کے لیے فکر کی کوئی بات نہیں۔

محمد الیاس صاحبؒ کو سلام کہہ دیں۔برادران و ہمشیر گان اور دلہنوں کو دعائیں۔بچوں کو بہت بہت پیار بالخصوص مظہر مسعود سلمہٗ کو۔

الحمدللہ میاں مسرور احمد سلمہٗ بی۔ایس۔سی (سال اول) میں کامیاب ہو گئے چند روز ہوئے خیر پور یونیورسٹی کے وائس چانسلر ملے تھے۔انھوں نے فرمایا کہ:

"میں نے آپ کے صاحبزادے کے لیے امتحانات کو دس روز کے لیے آگے بڑھا دیا تھا۔"

Marfat.com

سُبحان اللہ! یہاں لوگ کہتے تھے کہ تاریخ آگے بڑھنے کی بظاہر کوئی وجہ نظر نہ آتی تھی۔ یہ راز اب کھلا۔ فالحمد لله علیٰ ذالك!۔۔۔۔ میاں مسرور احمد سلمہٗ سلام عرض کرتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

**۱۹۹۲ء**

①

بسم الله الرحمن الرحيم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۲ جنوری ۱۹۹۲ء

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے کہ بخیریت ہوں گے۔ لاہور سے برادرم عبدالسلام مظہری قریشی کا خط آیا ہے کہ سب پیر بھائیوں کو شادی شرکت کی دعوت دے دیں۔ مندرجہ ذیل پیر بھائیوں کو تاریخ اور پتہ بتا دیں۔ غالباً فقیر نے لکھوایا تھا۔ شادی ۱۰ جنوری کو ہے۔ عبدالسلام صاحب کے صاحبزادے جن کی شادی ہے فقیر سے بیعت ہیں۔ ان کی بیٹیاں بھی بیعت ہیں۔ وہ بہت محبت کرتے ہیں۔ ماھانہ محفل بھی ان کے ھاں ہوتی ہے۔ سب پیر بھائیوں سے تعارف کروائیں۔ فون نمبر ۴۱۳۸۶۵۰ پر ان سے کراچی میں رابطہ کریں۔ غالباً شادی سے دو تین روز قبل لاہور سے کراچی آئیں گے۔ معلوم کرلیں۔ جب وہ آجائیں ان کو ساتھ لے کر عزیزم قاری محمد ظفر احمد صاحب کے ھاں جائیں۔ انھیں

Marfat.com

سے نکاح پڑھوائیں۔مندرجہ ذیل پیر بھائیوں کو دعوت دے دیں:-

❶ حاجی ضیاءالدین ❷ معراج الدین ❸ محمد الیاس ❹ حاجی محمد یونس باڑی ❺ زین الدین ایڈووکیٹ ❻ مقصود خاں ❼ ذکر الرحمٰن ❽ مظہر میاں ❾ رفیق الاسلام ❿ منیر اقبال صاحب

اور جس جس کو مناسب خیال کریں اور آسانی سے اطلاع دے سکیں۔حکیم صاحب موجود ہوں تو ان سے بھی کہہ دیں ــــــ والدین گرامی اور سب برادران و ہمشیرگان اور دلہنوں کو دعائیں۔بچوں کو پیار۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۲۸ جنوری ۱۹۹۲ء

برادرم عزیز زید مجدہٗ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔دونوں نوازش نامے مل گئے تھے۔شکریہ!

آپ کی علالت کی طرف سے فکر تھا۔فون پر بات ہوئی تو کچھ اطمینان ہوا۔مولائے کریم صحت و عافیت کے ساتھ دین کی خدمت میں مصروف رکھے۔آمین!

محترم سید صاحب کی اچانک جدائی ایک عظیم سانحہ ہے۔[۱] ان کی خدمات ناقابل

---

۱۔ یہاں سید ریاست علی قادری علیہ الرحمہ بانی ادارہ تحقیقات امام احمد رضا،انٹرنیشنل کراچی کے وصال کا ذکر ہے۔
ــــــ طاہر

Marfat.com

فراموش ہیں۔ وہ فقیر سے بڑی محبت وعقیدت رکھتے تھے۔ اور زندگی کا آخری خط بھی اس فقیر کو یکم جنوری ۱۹۹۲ء کو لکھا جو انتقال کے بعد ملا۔ خط کیا ہے محبت واخلاص کا آئینہ ہے۔ مولیٰ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور خدمات قبول فرمائے۔ آمین!

یہ معلوم ہو کر اطمینان ہوا کہ ختم خواجگان کی ہفتہ وار مجلس برادرم باڑی صاحب کے ھاں شروع ہوگئی۔ مولیٰ تعالیٰ اس محفل کو بھی برکتوں اور رحمتوں سے مالا مال فرمائے۔ آمین!

نعیم صاحب کی بہن کے لیے تعویذ بھیج رہا ہوں، گلے میں ڈلوادیں۔ ایک تعویذ جس پر ''ج'' بنا ہوا ہے، آپ کے لیے ہے، گلے میں ڈال لیں۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو شفائے کاملہ عطا فرمائے۔ آمین!

والدین کریمین، برادران وہمشیرگان سب دلہنوں اور بچوں کو سلام ودعا کہہ دیں۔ خصوصاً اعزی مظہر مسعود سلمہٗ کو ــــــ برادرم باڑی صاحب سے ملاقات ہو تو سلام کہہ دیں۔

میاں مسرور احمد سلمہٗ سلام کہتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۹ فروری ۱۹۹۲ء

برادرم رفع اللہ قدرکم ومنزلتکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ پارسل موصول ہوا۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو

Marfat.com

اپنے انعام واکرام سے نوازے اور صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔آمین! ''قیامت'' چھپنے کے لیے دے دیں تو مناسب ہے لیکن صفحات چیک کر لیں جس طرح فقیر نے عرض کیا تھا اس کے مطابق الیاس صاحب نے کتابت ترتیب دے دی یا نہیں؟ـــــ ان کی بہو کے متعلق معلوم نہ ہو سکا۔مولیٰ تعالیٰ ان کو واپس لوٹا دے۔آمین! فقیر نے ان کو تعویذ بھیجا تھا۔

خواب مبارک ہے۔شافی مطلق حضرت کے پس خوردہ کے طفیل آپ کو صحت عطا فرمائے۔آمین! سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قدم بوسی ایک عظیم سعادت ہے۔یہ فقیر گنہ گار اس قابل کہاں کہ وہ رؤف ورحیم سرکار انہیں شرف باریابی عطا فرمائیں۔یہ ان کا کرم خاص ہے۔کس زبان سے وابستہ رکھے۔آمین!

انشاء اللہ تعالیٰ یہ فقیر ۱۳ فروری کو روانہ ہوگا۔فون چند روز سے ٹھیک نہیں، اس لیے رابطہ نہ ہو سکا۔عرس شریف کے سلسلے میں مستورات کا انتظام غریب خانے پر ہوگا۔گھر میں سب سے کہہ دیں۔اور دعوت دے دیں۔

والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان اور دلہنوں کو سلام، بچوں کو دعائیں۔میاں مسرور احمد سلمہٗ سلام کہتے ہیں

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۴)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج

سکھر (سندھ)

۲۷ شعبان المعظم ۱۴۱۲ھ/ ۳ مارچ ۱۹۹۲ء

برادر عزیز زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ دونوں لفافے موصول ہو گئے۔جزاکم

Marfat.com

اللہ تعالیٰ! میاں مسرور سلمہ ڈائری کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور سلام ممنون کہتے ہیں۔

''قیامت'' کی فوٹو کاپی بمبئی ارسال کردی گئی۔ وھاں ''بزم فیضان رضا'' کی طرف سے اشاعت ہوگی۔ انشاءاللہ!

آپ کی رپورٹ دیکھ کر اطمینان ہوا۔ مولیٰ تعالیٰ اپنے حفظ وااماں میں صحت وعافیت کے ساتھ سلامت رکھے۔ آمین!

یہ معلوم ہوکر اطمینان ہوا کہ رسالہ ''قیامت'' ماھانہ محفل سے قبل ہی چھپ جائیگا۔ انشاءاللہ! اگر جمعرات کو چاند ہوگیا تو یہ فقیر ۱۲ مارچ کو حاضر ہوگا ورنہ ۱۹ مارچ کو۔

دونوں کتابوں کا تخمینہ معلوم ہوا۔ دوسری کتاب عید کے بعد طباعت کے لیے دے دیں۔ ابھی کتابت نہ دیکھ سکا۔ حیدرآباد میں مولانا محمد اکرم صاحب سے ملاقات ہوئی تھی۔ انھوں نے ''جانِ جاناں'' کی دس دس کاپیاں مانگی ہیں۔ ''آخری پیغام'' کی بھی دس دس کاپیاں بھیجدیں، اور ''قیامت'' کی بھی دس کاپیاں رکھدیں۔ تینوں کا بل الگ الگ بنا دیں تاکہ ان کی ادائیگی میں آسانی رہے —— کتابیں بھیجنے کا کام برادرم یونس باڑی صاحب کے سپرد کریں۔ ڈاک خانہ ان کے گھر کے سامنے ہے اور وہ اس فن سے واقف بھی ہیں۔

رسالہ ''قیامت'' کی اصل قیمت -/۱۱ روپے ہوگی۔ -/۲۵ قیمت رکھی ہے، اس لیے ۴۰% پر دے سکتے ہیں —— ماھانہ محفل میں تقسیم کے لیے ۱۰۰ کاپیاں باڑی صاحب کے ھاں رکھوادیں۔ ۱۰۰ کاپیاں بھائی شفیق صاحب کو دے دیں —— ۱۰۰ کاپیاں برادرم معراج صاحب کو —— تقریباً ۱۲۰ عدد صبور صاحب اور محمد احمد صاحب کو —— یہ کتابیں اصل قیمت پر دی جائیں گی، یعنی تقریباً -/۱۱ روپے فی کاپی۔ کتابت وغیرہ پر تقریباً -/۲۵۰۰ روپے لگے ہیں۔ آپ خود حساب کرلیں ماھانہ محفل میں جو لینا چاہے اس کو حسب

Marfat.com

معمول ۵۰ فی صد پر دی جائیں گی۔

عزیزم سید نعیم احمد مظہری سے کہیں کہ زمین اگر کسی سندھی کے ھاتھ فروخت کر دیں۔تو زیادہ مناسب ہے۔موجودہ حالات میں زمین کا سنبھالنا مشکل معلوم ہوتا ہے۔اللہ تعالیٰ آسانیاں پیدا کرے ــــــ ان کو سلام کہدیں۔

امید ہے کہ رو بہ صحت ہوں گے۔ والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان اور سب دلہنوں کو دعائیں۔ بچوں کو دعا اور پیار۔خصوصاً عزیزم مظہر مسعود سلمہ کو۔مولیٰ تعالیٰ آپ سب کو خوش و خرم اور اپنی رضا پر راضی رکھے۔آمین!

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

⑤

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سکھر

۱۲ اپریل ۱۹۹۲ء

برادرم زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔محبت نامہ اور مرسلہ کتابیں موصول ہوئیں۔مولیٰ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور کتاب کے اجر وثواب میں شریک رکھے۔آمین!

اگر وہ ڈمی دکھا دیتے تو ان کو دوبارہ محنت نہ کرنی پڑتی۔کتاب میں بعض صفحات پر حروف پھیکے اور مٹے مٹے سے ہیں۔حالانکہ فلم بنوانے کے بعد یہ صورت نہ ہونی چاہئے تھی۔فضلی والوں سے دریافت کریں کہ ایسا کیوں ہوا؟

Marfat.com

امید ہے کہ مکتبہ نعمانیہ والوں کو کتابیں بھیج دی ہوں گی، نہ بھیجی ہوں تو یہ کتاب بھی شامل کر دیں۔ فرید میاں کو پانچ کاپیاں دے دیں ـــــ ادارے میں دس کاپیاں بھیج دیں۔ علامہ محمد نصر اللہ خاں صاحب کو پانچ کاپیاں دے دیں۔ مخصوص برادران طریقت کو ایک ایک کاپی دے دیں۔ برادرم معراج الدین صاحب کو ۱۰۰ کاپیاں اور برادرم صبور صاحب کو ۱۰۰ کاپیاں اصل قیمت پر دے دیں۔

فقیر انشاء اللہ ۱۳ مئی تک کراچی پہنچے گا۔ پاسپورٹ بنوانا ہے۔ پہلا پاسپورٹ دس برس قبل بنا تھا۔ فارم منگوالیں تاکہ جب کراچی آنا ہو بھر کر آپ کو دے دوں۔ تین چار فارم منگوائیں۔

الحمد للہ میاں مسرور سلمہ بخیریت ہیں۔ سلام عرض کرتے ہیں۔ ان کے امتحانات ۲۵ اپریل سے ہونے والے تھے۔ اب ملتوی ہو گئے، نئی تاریخ نہیں آئی۔

سرکاری دفاتر کے فون سر دست منقطع کر دیئے گئے ہیں، شاید عدم ادائیگی کی وجہ ہے۔ سرکاری فون، ایکسچینج والوں کے لیے خیانت کا ذریعہ ہیں۔ اس لیے بلوں کی رقم ناقابل برداشت ہو جاتی ہے۔ بہر حال کوشش ہو رہی ہے۔ ہمارا دفتر برابر ادا کر رہا ہے۔

انشاء اللہ فقیر ۳۰ اپریل کو ریٹائر ہو رہا ہے ـــــ مولیٰ تعالیٰ کا کرم و انعام ہے کہ اس نے اتنی طویل مدت ملک و قوم اور مسلک کی خدمت کی توفیق عطا فرمائی، انشاء اللہ آئندہ بھی اس کا کرم شامل حال رہے گا۔

اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں۔ والدین کریمین کو سلام کہہ دیں۔ برادران و ہمشیرگان اور دلہنوں کو دعائیں۔ بچوں کو دعا اور پیار بالخصوص عزیزم میاں مظہر مسعود سلمہ کو۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

(۶)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سکھر (سندھ)

۲۳ جون ۱۹۹۲ء

برادرم زید مجدہٗ!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ آج محبت نامہ موصول ہوا، عکس بھی مل گئے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو خوب نوازے۔ آمین! ـــــ انشاء اللہ ۵ جولائی کو سکھر ایکسپریس سے کراچی پہنچوں گا، خود جا کر پاسپورٹ لے لوں گا۔ رسید وغیرہ کی ضرورت ہوگی۔

زیارت حرمین شریفین کی نیت سے سعودی عرب جانا سعودی عرب جانا تو بہت ہی اچھا ہے۔ وھاں ملازمت میں مالی منافع زیادہ ہیں۔ ریاض [1] غالباً مدینہ منورہ سے ایک ہزار میل دور ہے اور وھاں کا ماحول بھی بگڑا ہوا ہے۔ وھاں جا کر عقائد کو سنبھالنا مشکل ہو جاتا ہے اور بدعقیدہ اماموں کے پیچھے نمازیں پڑھنی پڑتی ہیں ـــــ اگر والدین نے اجازت دے دی ہے تو فقیر کی طرف سے بھی اجازت ہے۔ لیکن اگر ملازمت نہ ملے تو زیادہ عرصہ کسی کے مہمان نہ رہیں، عمرہ کر کے واپس آجائیں۔ یہاں سے ملازمت چھوڑ کر نہ جائیں بلکہ چھٹی لے کر جائیں۔ ممکن ہے ریاض میں آپ کا قیام والد صاحب کے سر سے قرض کا بوجھ اتار دے ـــــ مولیٰ تعالیٰ آپ کی مدد فرمائے اور آپ کی روحانی کمائی نہ صرف محفوظ رکھے بلکہ اس میں ترقیاں عطا فرمائے۔ آمین!

ریاض، طائف اور مدینہ منورہ میں فقیر کے احباب ہیں۔ جب کراچی آؤں تو پتے وغیرہ نوٹ کر لیں ـــــ میاں مسرور کے امتحانات ۲۴ جون کو شروع ہو کر ۲ جولائی کو ختم ہوں گے۔ ان کے لیے دعا کرتے رہیں۔

---

۱۔ ریاض، شہر نجد کا جدید نام ہے۔ ایک وفد بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا، اس نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نجد کے لیے دعا کے لیے عرض کیا، دو تین بار کہا، مگر آقا علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نجد کے لیے دعا نہیں فرمائی۔ بلکہ نجد کو "فتنوں کی سرزمین" فرمایا۔ نجد شہر سے بے ادبوں اور گستاخوں نے عالم اسلام میں فتنہ و انتشار پھیلایا ـــــ یہ شہر آج بھی شورشوں کی آماجگاہ ہے ـــــ طاہر

Marfat.com

والدین کو سلام کہہ دیں۔ برادران وہمشیرگان کو سلام، دلہنوں کو سلام و دعا۔ بچوں کو دعا و پیار ۔ بالخصوص عزیزم مظہر مسعود سلمہٗ کو۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

(۷)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لاہور

۴ نومبر ۱۹۹۲ء

برادرم زید مجدہٗ!

السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہٗ۔ نوازش نامہ اور سرٹیفکیٹ موصول ہوا۔ دستخط کر کے واپس بھیج رہا ہوں۔ یہ معلوم ہو کر اطمینان ہوا کہ آپ نے دہلی ٹیلکس کر دیا ہے۔ آج لیاقت صاحب فون بھی کر رہے ہیں۔

یہ اچھا ہوا کہ برادرم عزیز الدین مظہری بھی ۵ نومبر تک دہلی پہنچ جائیں گے۔ انشاء للہ ملاقات ہوگی۔ آپ ساتھ ہوتے تو اور خوشی ہوتی۔ الحمد للہ لاہور اور اسلام آباد میں بکثرت احباب سے ملاقاتیں ہوئیں اور محافل بھی ہوئیں۔ اسلام آباد کی کانفرنس بہت کامیاب رہی ۔فالحمد للہ علیٰ ذالک!

برادرم صبور صاحب، حاجی محمد یونس باڑی اور اہل مجلس کو سلام۔

والد صاحب کی طرف سے فکر ہے۔ مولائے کریم شفائے کاملہ عطا فرمائے۔ آمین! ان کو سلام کہہ دیں۔ والدہ صاحبہ، دادی صاحبہ اور سب برادران وہمشیرگان کو سلام و دعا۔ فقیر کو دعا میں یاد رکھیں۔ سب دلہنوں کو اور بچوں کو دعائیں۔ خصوصاً صاحبزادگان سلمھم الرحمٰن کو۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سنہ ۲۰۰۲ء کراچی ۹ ربیع الثانی ۱۴۲۳ھ

اخی الکریم زید مجدکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ امید ہے کہ مزاج گرامی بخیر و عافیت ہوں گے۔ آپ نے فقیر کو ''مجدد مأۃ حاضرہ'' کے خطاب سے نوازا اور اعلان بھی کر دیا۔۔۔۔۔ فقیر اس منصب عالی کا نہ مستحق ہے اور نہ اہل۔۔۔۔۔ فقیر تو گنہ گار و سیہ کار ہے۔ گنہ گار ہی اپنے گناہوں کو اور سیہ کار ہی اپنی سیہ کاریوں کو خوب جانتا ہے۔۔۔۔۔ رب کریم کرم فرماتا ہے اور چھپاتا رہتا ہے، اور اپنے بے کراں انعام و اکرام سے نوازتا ہے۔۔۔۔۔ لوگوں کو حُسنِ ظن ہو جاتا ہے۔ آپ کو بھی حسنِ ظن ہے۔ مولائے کریم اس کا اجر عطا فرمائے، اور ہم سب کو اپنی اور حبیب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت و اطاعت کی دولت سے مالا مال فرمائے، اور اسی پر خاتمہ بالخیر فرمائے۔ آمین!

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

## ایک مکتوب گرامی مولانا جاوید اقبال مظہری کی اہلیہ صاحبہ کے نام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گورنمنٹ ڈگری کالج ٹھٹھہ (سندھ)

عزیزہ سلمہا!

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ مکتوب عزیز موصول ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو خوش و خرم رکھے۔ آمین!۔۔۔۔۔ آپ کے بابا صاحب نے جو ادب سکھایا ہے، طریقت کا یہی ادب ہے۔ زندگی بغیر ادب کے زندگی نہیں۔

اپنی آرزوؤں اور تمناؤں کو اللہ اور رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کے فرمان کے تابع رکھنا چاہئیے، اور جو آرزو اُن کے فرمان کے تابع ہو اس کو پورا کرنا چاہئیے۔ رشتہ داروں سے

Marfat.com

ملنے کی حضور صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ہدایت فرمائی ہے۔ مگر یہ ملنا صرف رضائے الٰہی کے لیے ہو، کسی ذاتی غرض کے لیے نہ ہو ـــــ

رہا سیر کرانے کا مسئلہ تو آپ نے خود تحریر کیا ہے کہ صبح نو بجے نکلتے ہیں اور رات کو گھر میں داخل ہوتے ہیں۔ اب آپ خود ہی فیصلہ کریں کہ کس وقت سیر کرائیں ـــــ ہاں جمعہ کو سیر کرائی جاسکتی ہے مگر جیسی آجکل سیر ہوتی ہے، اس میں شریعت کے خلاف بہت سی باتیں ہوتی ہیں، اس لیے ایسی سیر کے لیے کیسے حکم دے سکتا ہوں ـــــ سب سے بڑی سیر یہ ہے کہ

- ـــ میاں بیوی خوش ہوں،
- ـــ ایک دوسرے پر اعتماد کرتے ہوں،
- ـــ ایک دوسرے سے محبت کرتے ہوں۔

یہ چیز اگر حاصل ہے تو بڑی دولت حاصل ہے ـــــ سکونِ قلب سب سے بڑی دولت ہے۔ جو قسمت والوں کو ملتی ہے۔ اس کی قدر کریں ـــــ آپ دنیا والوں کو نہ دیکھیں، آپ تو دنیا بنانے والے کو دیکھیں۔ بالآخر اسی کے پاس جانا ہے۔ تو جس کے پاس جانا ہے اس کی رضا و خوشنودی حاصل کرنا دانائی ہے، یا جس کو چھوڑ کر جانا ہے اس کا خیال رکھنا ضروری ہے؟ ـــــ انشاء اللہ جو آپ کی جائز شکایت ہے، اس کو دور کرا دیا جائیگا ـــــ گھر میں سب کو سلام کہہ دیں۔ صاحبزادہ سلمہٗ کو پیار۔ اہل خانہ سلام کہتے ہیں۔

فقط والسلام

احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

Marfat.com

# فیضانِ مظہریہ

جیسا کہ آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ حضرت قبلہ مسعود ملت نے اپنے مکاتیب میں یہ ارشاد فرمایا ہے کہ مولانا جاوید اقبال مظہری پر حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ کی خاص نظر ہے۔ چونکہ موصوف کی علمی و روحانی شخصیت فیضانِ مظہریہ کی مرہون منت ہے، اس لئے ہم جانشین مفتی اعظم، مفتی اعظم ہند حضرت مولانا مفتی ڈاکٹر محمد مکرم احمد صاحب شاہی امام مسجد فتحپوری دہلی کے چند مکتوبات کے اقتباسات پیش کر رہے ہیں۔ تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ موصوف پر حضرت مفتی اعظم کی کتنی نظر ہے۔ یہ مکاتیب اس اعتبار سے بہت اہم ہیں کہ جامع مسجد فتحپوری دہلی کی اس مسند سے تحریر کئے گئے ہیں جہاں حضرت مفتی اعظم جلوہ افروز ہو کر عرفان کی دولتیں لٹایا کرتے تھے اور اب اسی مسجد کے صحن میں آرام فرما ہیں۔ (طاہر)

(۱)

۱۷/نومبر ۱۹۹۰ء **عزیزم جاوید اقبال مظہری** سلمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

یہ معلوم ہو کر بہت مسرت ہوئی کہ آپ مرشدی مخدومی قبلہ جد امجد علیہ الرحمہ کے ملفوظات شریفہ کو جمع کر رہے ہیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کی اس محنت کو قبول فرما کر آپ کے درجات کو بلند فرمائے۔ آمین!

کیا بتاؤں الفاظ نہیں ملتے جن سے حضرت قبلہ کے ملفوظات شریفہ کی جامعیت اور خصوصیات کا بیان کروں۔ احقر نے عمر کا ایک لمبا عرصہ حضرت علیہ الرحمہ کی خدمت میں اور آپ کی مشفقانہ تربیت میں گزارا ہے۔ سالہا سال تک حضرت نے اپنے ساتھ صبح بعد نماز فجر چائے سے لے کر عشاء کے کھانے تک توجہات اور انمول نعمتوں سے نوازا ہے۔ اور اسی کا فیض آج ہر لمحہ میرے ساتھ ہے۔

حضرت علیہ الرحمہ ہمیشہ بہت آہستہ تخاطب فرماتے تھے۔ اس قدر آہستہ کہ جس سے

Marfat.com

بات کی جارہی ہے وہی سُنے اور برابر والے کو پتہ نہ لگے۔اکثر مشفقانہ انداز میں مسکرا کر بات فرماتے تھے۔اگر کبھی طبیعت میں جلال ہوتا تو صرف چہرہ انور کے تیور ہی کسی سرکش کی اصلاح کیلئے کافی ہوجاتے تھے۔یہ توجہات اور نظرہائے کرم کا اثر تھا کہ شقی القلب بھی نیک بخت اور سعید بن جاتا تھا۔اُس کی اصلاح کیلئے کسی لمبی تقریر اور نصیحت کی ضرورت نہ ہوتی تھی بلکہ صرف چند الفاظ کا مجموعہ ایک دو جملے ہی اپنا کام کرجاتے تھے۔میری نظر میں یہ فیض محمدی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہے جو جوامع الکلم کی صورت میں آپ کے ساتھ تھا۔

اللہ تعالیٰ فیض مظہری سے ہم سب کو بہرہ ور فرمائے۔آمین ثم آمین! میں دعاگو ہوں اور آپ کو نیک خواہشات پیش کرتا ہوں۔وہاں سب محبین اور مخلصین کو سلام کہہ دیں۔عمی قبلہ پروفیسر صاحب کی خدمت عالمانہ میں باادب سلام پیش فرمادیں۔والسلام

احقر

محمد مکرم احمد عفی عنہ

(۲)

۲۳/مارچ ۱۹۹۱ء **برادرم جاوید اقبال مظہری** سلمہٗ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کی مرتبہ ''ملفوظاتِ مظہری'' کتاب دیکھ کر بہت خوشی ہوئی۔اس میں آپ نے جو محنت کی ہے وہ قابل تعریف ہے۔کتابت اور طباعت بھی حسین اور دلکش ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کی اس دینی خدمت کو قبول فرمائے اور فیضِ مرشد سے بھرپور دولتیں عطا فرماکر دارین میں بلندیوں سے سرفراز فرمائے۔

''ابتدائیہ'' بہت جامع ہے۔حقیقت میں وہی اس کتاب کی جان ہے۔اللہ تعالیٰ فیض مسعودی اور مظہری کو جاری ساری مدام رکھے۔آمین ثم آمین!

ان شاء اللہ تفصیل سے اس کتاب کا مطالعہ کرنے پر کچھ اپنی رائے ضرور لکھوں گا۔

آج کل مصروفیات زیادہ ہیں۔

Marfat.com

کراچی اور اسلامی جمہوریہ پاکستان میں سب ہی محسنین اور متوسلین کو جن سے آپ کا رابطہ ہو سلام کہہ دیں۔ گھر میں بچوں کو اور اہلیہ کو بھی سلام کہہ دیں۔

والسلام
احقر
محمد مکرم احمد، دہلی

۲۷ مئی ۱۹۹۴ء (۳)

## عزیزم جاوید اقبال مظہری سلمہٗ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

ماشاء اللہ! قبلۂ سعادت لوح وقلم، مسعود ملت دامت برکاتہم کی صحبت میں آپ خوب ترقی کر رہے ہیں، اس سے خوشی ہوئی۔ ماشاء اللہ ہر روز آپ کی ترقی میں اضافہ کا شاہد ہے۔ **اللّٰھم زدفزد۔**

آپ کو معلوم ہوگا کہ ہمارے ہاں نقشبندیہ، چشتیہ، قادریہ سلسلہ کی اجازت ہے۔ قبلہ سید عبدالغنی نقشبندی مجددی رحمۃ اللہ علیہ تقریباً پچاس برس متواتر حضرت امام ربانی رحمۃ اللہ علیہ کے عرس مبارک کے حاضر باش تھے۔ جب بھی دہلی تشریف لاتے تھے تو حضرت قبلہ جد امجد علیہ الرحمہ سے ضرور فیض یاب ہوتے تھے۔

ایک روز حضرت کے وصال کے بعد مزار مبارک پر حاضر تھے اور حالت مراقبہ میں تھے کہ حضرت نے ان کو حکم دیا کہ میاں مکرم کی تربیت میں کر چکا ہوں، آپ ان کو خلافت دے دیں۔ وہ فرمارہے تھے: ''میں نے اس کو بے ادبی سمجھا کہ آپ کے پوتے جانشین کو میں خلافت دوں'' تو حضرت نے تاکید فرمائی۔ اور حضرت نے اجازت دی کہ آپ اپنے خانقاہی سلسلہ سہروردیہ کی اجازت بھی دے دیں۔ اس طرح یہ چار سلسلے ہمارے ہاں آئے اور احقر نے انہی چار سلسلوں کی اجازت مسرور میاں کو بحکم جد امجد دی ہے۔

احقر کو حضرت علیہ الرحمہ سے مرید ہونے کا شرف حاصل ہے اور راہِ سلوک کی منازل بھی حضرت نے خود طے کرائی تھیں اور دہلی کے سب ہی مزارات پر اور حضرت امام ربانی علیہ

Marfat.com

الرحمہ پر حضرت نے خود ہی پیش فرمایا تھا وصال سے پانچ ماہ قبل، آج بھی وہی فیض جاری ہے اللہ تعالیٰ تا قیامت جاری و ساری رکھے۔ آمین!

والسلام

(۴)

۱۷/۱ اکتوبر ۱۹۹۶ء

## برادرم جاوید اقبال صاحب مظہری سلمکم اللہ تعالیٰ

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ!

آپ کا محبت نامہ ملا۔ پڑھ کر بے حد خوشی ہوئی۔ ''سوئے جاناں'' صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو بھی پڑھا۔ ماشاء اللہ نہایت مدلّل انداز میں آپ نے اپنی بات کو اچھے انداز میں پیش کیا ہے۔ تحریر سے قبلہ مسعود ملت کی تربیت خاصہ اور تحریروں کی جھلک ظاہر ہے۔ آپ نے قبلہ جدامجد رحمۃ اللہ علیہ کا دامنِ مقدس و منور عقیدت و خلوص سے تھاما ہے تو یہ سب نعمتیں ظاہر ہو رہی ہیں۔ یہ کمالات تو آپ کے اندر تب ہی پیدا ہو گئے تھے لیکن اس طرح جیسے کہ آم کا درخت اور پھل آم کی گٹھلی میں مضمر رہتا ہے۔ احقر العباد نے حضرت قبلہ جدامجد علیہ الرحمہ کے ساتھ بچپن گزارا اور آپ ہی کی تربیت میں قرآنِ کریم پڑھا، حفظ کیا۔ اردو عربی اور فارسی پڑھی، فتاویٰ کی مشق بہت بچپن سے ہی حضرت نے شروع کرادی تھی۔ اپنے پاس آنے والوں کو گاہے بگاہے تعویذ کیلئے اس ناچیز کے پاس بھیج دیا کرتے تھے، مرچوں پر پڑھ کر دم کرنے کی دُعا تو بہت بچپن میں یاد کرادی تھی اور حضرت کے پاس مرچیں میں ہی پڑھتا تھا۔ جمعہ کو حجرۂ شریفہ میں حضرت قبلہ علیہ الرحمہ کی موجودگی میں ختم خواجگان حضرت علیہ الرحمہ کے داہنے برابر میں بیٹھ کر میں ہی پڑھاتا تھا۔ فتویٰ کی مہر مفتی بننے سے بہت پہلے حضرت نے ناچیز کو عطا فرمادی تھی۔ ۱۹۶۵ء میں پاکستان میں قیام کے دوران حضرت نے نازلی ہوٹل میں، لاہور اور راولپنڈی احقر کو ساتھ رکھا اور وہاں تعویذات دینے کا حکم دیا۔ ۱۹۶۶ء میں حضرت علیہ الرحمہ نے خود حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ میں اور حضرت امام ربانی علیہ الرحمہ کے آستانہ پر احقر کو پیش کیا اور دورانِ سفر میری اقتدا میں نمازیں ادا فرمائیں۔ آستانہ محبوبِ الٰہی علیہ الرحمہ

Marfat.com

اور حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی علیہ الرحمہ میں تو متعدد بار گئے۔ گویا ہر پہلو سے تربیت فرمائی اور تربیت کے کمال کا امتحان بھی لیا۔ لاہور سے واپسی پر حضرت نے ہوائی جہاز سے اپنی معیت میں سفر کرایا۔ میری عمر کے بہترین چودہ سال حضرت کی خصوصی تربیت میں گزرے۔ مجھے ان پر ناز ہے اور قیامت کیلئے وہی مبارک لمحے میرے لئے سرمایۂ نجات ہیں۔ آپ پر بھی وہی نظرِ فیض اثر ہے۔ میں کس قابل! آپ بہت خوش نصیب ہیں کہ مسعود ملت مدظلہٗ کی صحبت میں ہیں۔ اللھم زد فزد۔

سعد میاں سلمہٗ کی کل (۱۶؍اکتوبر) سالگرہ تھی۔ اُن کو یاد تھی۔ کچھ دل میں شوق تھا کچھ امنگیں تھیں۔ ہم تو سالگرہ مناتے نہیں لیکن اُن کے دوستوں کی سالگرہ دھوم دھام سے ہوتی ہے۔ وہ بھی بچے ہی تو ہیں۔ آپ کی نذر نے اُن کی خوشیوں کو دوبالا کر دیا۔ اس حسنِ اتفاق کو نسبتوں کا عروج نہ کہا جائے تو پھر کیا کہا جائے؟ وہ بھی آپ کو سلام کہہ رہے ہیں۔ میں نے کہا تم جاوید صاحب کو دعا میں یاد رکھنا تو انہوں نے زبان سے اور چہرہ ہلا کر وعدہ کیا ہے۔ خط بہت لمبا ہو گیا۔ لہٰذا اب اجازت دیں۔ وہاں سب محبین کو درجہ بدرجہ سلام اور دعا کہہ دیں۔ مسرور میاں سلمہٗ کو بعد مزاج پرسی سلام کہہ دیں۔ گھر میں اہلیہ اور بچوں کو، اہل مجلس اور رفقاء ادارہ کو سلام کہہ دیں۔

والسلام

دعا گو

محمد مکرم احمد مظہری

۱۸؍ستمبر ۱۹۹۷ء

(۵)

مظہر فیوض مرشد عزیزم **جاوید اقبال مظہری** سلمہٗ الولی

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

آپ کا محبت نامہ بدست عزیزی مولوی مفتی محمد معظم احمد صاحب سلمہٗ ملا، بے حد مسرت ہوئی۔ آپ کی مصنفہ کتب بھی موصول ہوئیں۔ الحمدللہ آپ مرشد برحق کے فیوض ظاہریہ و باطنہ سے فیضیاب ہو رہے ہیں اس پر مجھے خوشی ہوتی ہے۔ میری طرف سے اس

Marfat.com

سعادت پر مبارک باد قبول کیجئے۔آپ کے سفرِ لاہور و پاکپتن شریف کی روئیداد سن کر روحانی کیف و سرور حاصل ہوا۔**اللھم زد فزد۔**

پیاری ہمشیرہ سلمہا کے نکاح کی تقریب کے دوران آپ کی آواز کیسٹ میں سنی، بہت اچھی لگی۔عزیزم سعد میاں سلمہٗ سے بھی میں نے آپ کی آواز کا تعارف کرادیا اور آپ کا سلام بھی پہنچادیا۔اُن کی معصوم دعائیں اور نیک خواہشات آپ کے ساتھ ہیں۔ابھی حال میں معلوم ہوا کہ مسعود ملت مدظلہ العالی اچانک علیل ہو گئے تھے۔اس خبر نے دل دہلا دیا۔مخدوم ومکرم کی خیریت سے مطلع فرمائیں۔عزیزم معظم میاں سلمہٗ نے کراچی کے پُرکیف روحانی مناظر کی تفصیل سنائی۔ماشاء اللہ یہ قبلہ دادا علیہ الرحمہ کی دعاؤں کا ثمرہ ہے۔تقریر بھی بہت موزوں اور مناسب رہی، یہ فیضِ مسعود ملت اور حضرت قبلہ مدظلہ کی زندہ کرامت ہے۔**اللھم زد فزد۔**آمین!"

قبلہ مسعود ملت مدظلہ العالی کی خدمت بابرکت میں ہدیۂ سلام پیش کردیں۔عزیزم ابوالسرور محمد مسرور احمد سلمہٗ اور سب مخلصین اہلِ سلسلہ کو سلام اور دعائیں پیش کردیں۔محترمہ والدہ ماجدہ مدظلہا آپ کو دعائیں کہہ رہی ہیں۔

والسلام۔دعا گو:

محمد مکرم احمد

(٦)

ای میل:۱۱/مارچ ۲۰۰۴ء　　　بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جنابِ محترم **جاوید اقبال مظہری** صاحب زید لطفہٗ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

مزاجِ گرامی!

آپ کا خط مل کر مسرت ہوئی۔اللہ تعالیٰ آپ کے درجات کو مزید ترقی عطا فرمائے۔آمین!

یہ معلوم ہو کر خوشی ہوئی کہ آپ دہلی کے مشائخ نقشبند علیہم الرحمۃ الرضوان کے حالات

Marfat.com

قلمبند فرما رہے ہیں۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔ احقر اگست، ستمبر ۲۰۰۱ء میں بغداد شریف حاضر ہوا تھا وہاں کے سجادہ نشین سید احمد ظفر ایم ایچ آل الگیلانی خادم سجادۃ جدہ قطب دائرۃ العرفان حضرت الشیخ السید عبدالقادر الگیلانی ومتولی الاوقاف القادریہ صاحب اور نائب سجادہ نشین عبدالرحمٰن ظہیر الدین عبداللہ الگیلانی نے احقر کو حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آستانہ عالیہ پر خصوصی نوازشات سے نوازا تھا۔ مزار منور کی چادر شریف اور تسبیح عنایت فرمائی تھی، سلسلہ عالیہ قادریہ کی اجازت ۲؍ستمبر ۲۰۰۱ء میں دی اور ظاہری و باطنی فضائل کی ترقی کے لئے دعاؤں سے سرفراز فرمایا تھا۔ اسی نسبت سے احقر آپ کو سلسلہ قادریہ کی اجازت اور خلافت دے رہا ہے۔ نیز احقر کو سلسلہ سہروردیہ کی بھی اجازت اور خلافت حاصل ہے لہذا اس کی بھی یہ احقر آپ کو خلافت اور اجازت دے رہا ہے۔ اس کے آگے سلسلہ چشتیہ اور نقشبندیہ، مجددیہ کی بھی آپ کو اجازت ہے۔ آپ نے احقر کے خلفاء کے نام دریافت کئے ہیں۔ احقر کے خلفاء کے نام جو مجھے یاد ہیں وہ یہ ہیں ان کے علاوہ بھی ایک دو ہو سکتے ہیں:

| | |
|---|---|
| مولوی محمد معظم احمد صاحب، دہلی | ڈاکٹر محمود احمد صاحب، دہلی |
| محمد مسرور احمد سلمہٗ، پاکستان | صوفی قیام الدین مظہری، علی گڑھ |
| نذرالاسلام صافی، اودے پور | ڈاکٹر انیس الزماں، ڈھاکہ۔ بنگلہ دیش |
| ایم اے رزاق، ڈھاکہ۔ بنگلہ دیش | محمد اسعد صدیقی، اندور۔ ہندوستان |
| ڈاکٹر غلام مصطفےٰ نورالقادری نقشبندی مجددی، کشن گنج، بہار۔ بنگلہ دیش | |

احقر کو پی ایچ ڈی کی ڈگری ۹؍اگست ۱۹۹۴ء کو ملی ہے۔ آپ نے صاحبزادگان کے نام دریافت کئے ہیں لہذا وہ اسماء اس طرح ہیں:

| | |
|---|---|
| ❶ حافظ مولوی قاری محمد انس احمد | ❷ قاری حافظ محمد سعد احمد |
| ❸ محی الدین عرف حماد احمد | |

سلمہم ہیں۔ ان تینوں سے بڑی ایک بیٹی مونسہ بیگم ہے۔ اللہ تعالیٰ سب کو اسلاف کا پیروکار بنائے۔ آمین!

Marfat.com

**برادران کے نام:**

❶ حافظ قاری مولوی محمد معظم احمد۔ بی کام، ایم بی اے

❷ حافظ قاری محمد مبشر احمد۔ بی اے

❸ حافظ قاری ڈاکٹر محمد بشیر احمد۔ بی یو ایم ایس، جرنلزم کورس

❹ حافظ قاری ڈاکٹر محمد محمود احمد۔ بی اے، بی یو ایم ایس

احقر کو بیعت اور زبانی اجازت کا شرف حضرت قبلہ جد امجد علیہ الرحمۃ والرضوان سے ہے۔ اویسی نسبت الحمدللہ قائم ہے۔ دو تین ماہ میں ایک مرتبہ ضرور زیارت ہوجاتی ہے اور حضرت قبلہ مسائل کو رہنمائی فرما کر حل فرما دیتے ہیں۔ وصال کے بعد بھی وہ عنایتیں جاری ہیں جو حیاتِ ظاہری میں فرماتے رہے ہیں۔ فالحمدللّٰہ علی ذلک۔

حضرت مجددمأتہ حاضرہ مسعود ملّت مدظلہٗ العالی صاحبزادہ صاحب، سب مخلصین اور اہل خانہ کی خدمت میں میرا سلام پیش کر دیں اور دعائیں۔ والسلام

دعا گو

محمد مکرم احمد

Marfat.com

# اظہار تشکر

## از جاوید اقبال مظہری

بی اے۔ایل ایل بی

احقر سب سے پہلے خالق کائنات کی حمد و ثنا بیان کرتا ہے۔ کہ جس کے فضل و کرم سے ماہر مسعودیات، شارح مسعودِ ملت برادرم صوفی محمد عبدالستار طاہر مسعودی نے احقر کے نام حضرت قبلہ مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد صاحب کے مکتوبات کو مرتب فرمایا۔ بلاشبہ یہ ایک عظیم سعادت ہے جو برادرم صوفی محمد عبدالستار طاہر زید مجدہٗ کے حصے میں آئی ہے۔

برادرم صوفی محمد عبدالستار طاہر کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے تحقیق و تجسّس کا بیش قیمت خزانہ عطا فرمایا ہے اور اُن کے قلب کو اُلفت مُرشد سے آباد فرمایا ہے——انہوں نے اپنے پیر و مرشد حق طریقت پناہ حضرت مولانا پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب کی علمی و روحانی شخصیت پر جو کارنامے انجام دیئے ہیں اس کی ایک جھلک اُن کی تصانیف اور تالیفات کی صورت میں ملاحظہ فرمائیں:

| نمبر شمار | عنوان | ناشر | سن اشاعت |
|---|---|---|---|
| ۱ | منزل بہ منزل | انٹرنیشنل پبلی کیشنز حیدرآباد، سندھ | ۱۹۹۱ء |
| ۲ | تخصصات مسعود ملت | ادارہ مظہر اسلام، لاہور | ۱۹۹۳ء |
| ۳ | مرادِ رسول (مرتبہ) | انٹرنیشنل رضا اکیڈمی، صادق آباد | ۱۹۹۳ء |
| ۴ | آئینہ رضویات (جلد دوم) | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا انٹرنیشنل، کراچی | ۱۹۹۳ء |
| ۵ | رونق حیات (مرتبہ) | بزم رضویہ، لاہور | ۱۹۹۴ء |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶ | مسعودِ ملت اور رضویات | رضا اکیڈمی، لاہور | ۱۹۹۴ء |
| ۷ | آئینہ حقائق | ادارہ مظہر اسلام، لاہور | ۱۹۹۷ء |
| ۸ | آئینہ رضویات (جلد سوم) | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا انٹرنیشنل، کراچی | ۱۹۹۷ء |
| ۹ | سفرنامہ ٹھٹھی (مرتبہ) | ادارہ مظہر اسلام، لاہور | ۱۹۹۸ء |
| ۱۰ | خلفائے اعلیٰ حضرت | رضا اکیڈمی، لاہور | ۱۹۹۸ء |
| ۱۱ | تذکار مسعودِ ملت | رضا دار الاشاعت، لاہور | ۲۰۰۰ء |
| ۱۲ | باقیاتِ مظہری | ادارہ مسعودیہ، کراچی | ۲۰۰۱ء |
| ۱۳ | مکتوباتِ مسعودی میں اظہارِ غم | ادارہ مسعودیہ، کراچی | ۲۰۰۳ء |
| ۱۴ | امام احمد رضا مطلعِ تاریخ پر | ادارہ تحقیقات امام احمد رضا انٹرنیشنل، کراچی | ۲۰۰۴ء |
| ۱۵ | اہم مکاتیبِ مسعودی (جلد اول) | ادارہ مسعودیہ، کراچی | زیرِ طبع |
| ۱۶ | مکاتیبِ مسعودی میں امام احمد رضا پر تحقیق و رہنمائی | ادارہ مسعودیہ، کراچی | زیرِ طبع |
| ۱۷ | اقبال شناسی | ادارہ مسعودیہ، کراچی | زیرِ طبع |
| ۱۸ | مسعودِ ملت بحیثیت مجدد | ادارہ مظہر اسلام، لاہور | زیرِ طبع |
| ۱۹ | خلفائے مسعودی | ادارہ مسعودیہ، کراچی | زیرِ طبع |
| ۲۰ | آئینہ رضویات (جلد چہارم) | ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا انٹرنیشنل، کراچی | زیرِ طبع |

Marfat.com

**قلمی:**

۱ آئینہ سیرت (سیرت پاک کے حوالے سے محررہ مقدمات کا مجموعہ)

۲ جمال سیرت (سیرت پاک کے حوالے سے محررہ مقالات کا مجموعہ)

۳ سخنور کیسے کیسے (مختلف شعراء کا پہلی بار تعارف)

۴ حضرت مسعود ملت کی تحریروں میں تعارف رسائل رضویہ

۵ امام احمد رضا پر تحقیق کا آغاز اور اس کا ارتقاء

۶ چوہدری عبدالعزیز بنام ڈاکٹر محمد مسعود احمد

۷ اللہ کے دوست

۸ پریشاں خیالیاں

۹ جانِ نعت (پہلا مرتبہ خطاب)

اور اپنے دادا مرشد حضرت مفتی اعظم ہند شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ کے حضور یوں خراج عجز و نیاز پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے:

| نمبر شمار | عنوان | ناشر | سن اشاعت |
|---|---|---|---|
| ۱ | مفتی محمد مظہر اللہ کے ماہ و سال (مشمولہ "پردے کا شرعی حکم") | ادارہ مظہر اسلام، لاہور | ۱۹۹۷ء |
| ۲ | صحیفۂ ادب و محبت (مرید صادق الحاج غلام قادر مظہری کے مشاہدات) | ادارہ مظہر اسلام، لاہور | زیر طبع |
| ۳ | خورشید جہاں تاب | ادارہ مسعودیہ، کراچی | زیر طبع |
| ۴ | خلفائے مظہری | ادارہ مسعودیہ، کراچی | زیر طبع |

بلاشبہ موصوف کی ذات گرامی "ادارہ تحقیقاتِ حضرت مسعود ملت" ہے۔ جیسا کہ عرض کیا گیا کہ برادرم صوفی محمد عبدالستار طاہر نے احقر کے نام حضرت قبلہ مسعود ملت کے مبارک مکتوبات کو مرتب کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔ یہ مبارک مکتوبات رشد و ہدایت،

Marfat.com

شریعت وطریقت کے آداب اور حقیقت کے رموز واسرار سے مجلّی ومرصع ہیں، یہ مکتوبات بیمار دلوں کی دوا اور سعادت دارین حاصل کرنے کا مجرب نسخہ ہیں، انشاء اللہ ان مکاتیب گرامی کے مطالعہ سے طالبین طریقت اور تشنگانِ معرفت کیف وسرور محسوس کریں گے اور بارگاہِ مسعودیہ کی طرف رجوع ہوکر کہیں گے کہ:

کس قیامت کی کشش اس جذبۂ کامل میں ہے
تیر اُن کے ہاتھ میں ہے، پیکان میرے دل میں ہے

اس موقع پر اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتا چلوں کہ حضرت قبلہ مسعود ملت بحیثیت **''مجدد مأۃ حاضرہ''** کی جو تاریخ مرتب ہو رہی ہے اس میں حضرت مسعود ملت کے حوالے سے برادرم صوفی محمد عبدالستار طاہر زید مجدہٗ کی تصانیف اور تالیفات کا بڑا حصہ ہے۔

برادرم صوفی محمد عبدالستار طاہر نے احقر کے نام حضرت مسعود ملت کے ۴۷ مکتوبات مرتب فرمائے ہیں جن کے اعداد:

۴+۷=(۱۱) یعنی ۱+۱=۲ بنتے ہیں جو حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم معظم **محمد** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عدد کی مناسبت سے ہیں۔ بلا شبہ یہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا بڑا کرم ہے۔

اعداد اسم معظم **محمد** صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم:

۲+۹=(۱۱) یعنی ۱+۱=۲

دوسری قابل غور بات یہ ہے کہ احقر کی ولادت بوقت اذان فجر لاہور میں ہوئی، اور یہ مبارک مکتوبات بھی حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمہ کے شہر لاہور میں مرتب ہوئے، اس سے ان مکتوبات کی فضیلت کا اندازہ ہوتا ہے —— برادرم صوفی محمد عبدالستار طاہر نے احقر کے حالات زندگی اور علمی خدمات پر بڑی تفصیل کے ساتھ اپنے گرانقدر خیالات کا اظہار فرمایا ہے اور وہ سب کا سب اُن کا حسن ظن ہے۔ احقر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا انتہائی عاجز بندہ ہے اور دین ومسلک کی خدمت میں محض فضل الٰہی اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لطف وکرم سے مشغول ہے۔ سچی بات تو یہ ہے کہ احقر کے پاس سوائے مرشد برحق حضرت قبلہ عالم قطب عالم

Marfat.com

مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ قدس سرہٗ کی محبت کے اور کوئی عمل ہی نہیں۔

احقر برادرم ملک محمد سعید مجاہد آبادی کے لئے دُعا گو ہے کہ انہوں نے بڑی محبت سے کتاب کا ابتدائیہ تحریر کیا اور یوں وہ بھی اس عظیم سعادت میں شریک ہو گئے، اللہ سبحانہ وتعالیٰ موصوف کو شفائے کاملہ عطا فرمائے —— آمین!

احقر برادرم صوفی محمد عبدالستار طاہر زید مجدہٗ کے لئے دُعا گو ہے کہ مولائے کریم اپنے حبیب لبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے صدقے اور طفیل اُن کی عمر، صحت، وقت اور رزق میں برکت عطا فرمائے، ان کے قلب کو عشقِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے منور فرمائے اور ان کے ہر وصف کو اُلفتِ مرشد سے آباد رکھے۔ آمین!

خاکپائے خانوادہ مظہریہ مسعودیہ

۱۶ر فروری ۲۰۰۲ء

احقر

**جاوید اقبال مظہری**

Marfat.com

# تعارف ،حالات و افکار

# مولانا جاوید اقبال مظہری

مرتّبہ

**محمدعبدالستارطاہر**

Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱ | آباء واجداد | ۱۷ |
| ۲ | والدین گرامی | ۱۷ |
| ۳ | ولادت اور بشارت | ۱۷ |
| ۴ | تعلیمی مراحل | ۱۸ |
| ۵ | چند شخصی خوبیاں | ۱۸ |
| ۶ | بیعت طریقت | ۱۹ |
| ۷ | خلافت واجازت | ۱۹ |
| ۸ | دیگر اجازات | ۲۰ |
| ۹ | سندات اجازات | ۲۱ |
| ۱۰ | ترجمہ سند اجازت وخلافت | ۲۴ |
| ۱۱ | اویسی نسبت | ۲۵ |
| ۱۲ | نسبت مسعودیہ کا تصرف | ۲۵ |
| ۱۳ | شیوخ طریقت | ۲۶ |
| ۱۴ | سلسلۂ طریقت نقشبندیہ مجددیہ | ۲۶ |
| ۱۵ | القابات | ۲۷ |
| ۱۶ | بزرگانِ دین کے مزارات سے فیوض وبرکات | ۲۷ |
| ۱۷ | مسجد فتحپوری میں قیام کا اعزاز | ۲۹ |
| ۱۸ | خطابت | ۳۰ |
| ۱۹ | سلسلۂ معاش | ۳۱ |
| ۲۰ | شادی خانہ آبادی | ۳۱ |
| ۲۱ | اولاد امجاد | ۳۱ |
| ۲۲ | دیگر مشاغل | ۳۱ |
| ۲۳ | بانی: امام ربانی فاؤنڈیشن، کراچی | ۳۲ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۴ | زیارات مشائخ کرام | ۳۲ |
| ۲۵ | زیارت حرمین شریفین | ۳۶ |
| ۲۶ | ذوقِ سخن | ۳۶ |
| ۲۷ | تحقیق کے سلسلہ میں اہل علم وفضل کا رجوع | ۳۷ |
| ۲۸ | شیخ مجاز کی نظر میں | ۳۷ |
| ۲۹ | علماء ومشائخ کی نظر میں | ۳۸ |
| ۳۰ | برادران طریقت کی نظر میں | ۵۳ |
| ۳۱ | عوام اہل سنت کی نظر میں | ۵۶ |
| ۳۲ | مرید طریقت کی نظر میں | ۵۶ |
| ۳۳ | دانشوروں کی نظر میں | ۵۸ |
| ۳۴ | اربابِ اقتدار کی نظر میں | ۷۰ |
| ۳۵ | سرکاری افسران کی نظر میں | ۷۷ |
| ۳۶ | سلسلۂ نگارش | ۷۸ |
| ۳۷ | **خزینہ تبرکات مبارکہ** | ۸۶ |
| ۳۸ | **نمونہ تحریر** | ۸۸ |
| ۳۹ | **خُلفائے کبار** | ۹۱ |
| ۴۰ | **دورۂ ہندستان** | ۹۳ |
| ۴۱ | **عکس تصانیف اور تالیف** | ۹۴ |


Marfat.com

# مولانا جاوید اقبال مظہری

بی۔اے۔ایل۔ایل۔بی

## آباء و اجداد

آپ کے جد اعلیٰ اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ کے زمانے میں مشرف با اسلام ہوکر سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ میں بیعت ہوئے ــــــ پنجاب سے رام پور آئے، پھر دہلی آکر مستقل سکونت اختیار کی۔ تقسیم ہند کے بعد یہ خاندان دہلی سے کراچی منتقل ہوگیا۔

جاوید اقبال مظہری صاحب کے جد امجد ڈاکٹر محمد احمد علیہ الرحمہ سلسلۂ قادریہ میں بیعت تھے اور نیک و صالح، عابد و زاہد۔ ڈاکٹر صاحب مرحوم حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ سے خاص الفت و محبت رکھتے تھے۔ خانوادہ مظہریہ کا علاج معالجہ زیادہ تر ڈاکٹر صاحب ہی کرتے تھے۔ گویا آپ مفتی صاحب کے فیملی ڈاکٹر تھے۔

## والدین گرامی

آپ کے والد ماجد جناب عبدالستار مظہری حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ سے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں بیعت ہیں اور قوی نسبت رکھتے ہیں۔ موصوف کی والدہ ماجدہ بھی حضرت مفتی اعظم سے بیعت ہیں، موصوف کے والد ماجد نے تحریک پاکستان سے لے کر اب تک پاکستان کی تاریخ مرتب کی ہے جو کئی سو صفحات پر مشتمل ہے ــــــ موصوف کے والدین نے طالب علمی کے زمانے میں تحریکِ پاکستان میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، اور قائداعظم علیہ الرحمہ کو بہت قریب سے دیکھا۔

## ولادت اور بشارت

مولانا جاوید اقبال مظہری ۵ رنومبر ۱۹۴۷ء کو لاہور میں پیدا ہوئے۔ اُس وقت اذانِ فجر ہورہی تھی۔ ان کی ولادت سے آٹھ ماہ قبل ان کی والدہ ماجدہ نے خواب میں چاند دیکھا، جس کے برابر نہایت روشن حروف میں کلمہ طیبہ لکھا ہوا تھا، آنکھ کھلی تو اذان فجر ہورہی تھی۔ اسی دن ایک صالحہ تشریف لائیں جنہوں نے ایک سعادت مند فرزند کی بشارت دی۔

Marfat.com

## تعلیمی مراحل

موصوف نے والدین اور بزرگوں کے زیر سایہ تربیت پائی۔انہوں نے:

- ★ ——— ۱۹۶۷ء میں میٹرک کیا،
- ★ ——— ۱۹۶۸ء میں ایف۔ایس سی،کیا،
- ★ ——— ۱۹۸۲ء میں بی۔اے کیا،اور
- ★ ——— ۱۹۸۷ء میں ایل۔ایل۔بی کیا۔

## چند شخصی خوبیاں

موصوف مولانا جاوید اقبال مظہری زید مجدہٗ بڑی خوبیوں کے مالک ہیں۔ان کی سیرت کے امتیازات حضرت مسعود ملت نے بیان فرمائے ہیں،ملاحظہ فرمایئے:۔

- ——— پہلا امتیاز ادب ہے،اور تصوف سراسر ادب ہے۔جس نے جو پایا ادب سے پایا۔
- ——— دوسرا امتیاز اللہ تعالیٰ پر کامل بھروسہ ہے کہ پریشانیوں میں بھی ان کے فکر و خیال میں غیر کا تصور نہیں آتا اور وہ گھبراتے نہیں۔راقم نے کبھی ان کو پریشان نہ پایا اور نہ کبھی انہوں نے دنیاوی امور کے سلسلے میں کوئی شکایت کی۔الحمد للہ وہ قلب مطمئنہ رکھتے ہیں۔
- ——— ان کی سیرت کا تیسرا امتیاز یہ ہے کہ وہ اپنے مرشد کامل شیخ الاسلام مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ قدس سرہٗ العزیز کی طرف بھرپور توجہ رکھتے ہیں اور کبھی غافل نہیں رہتے۔وہ اپنے مرشد کے غیور مریدین میں ہیں جو مرشد یا مرشد خانے کی تحقیر برداشت نہیں کر سکتے۔
- ——— امور خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں اور نام و نمود سے دور رہتے ہیں۔ان کے اعمال میں اخلاص ہے۔جب راقم کے پاس آتے ہیں،خاموش رہتے ہیں، لایعنی باتوں میں وقت ضائع نہیں کرتے بلکہ اللہ و رسول کے ذکر یا حضرات اہل اللہ کے اذکار اور دینی خدمات کے سلسلے میں گفتگو کرتے ہیں۔

Marfat.com

## بیعت طریقت

۱۹۶۴ء میں حضرت مفتی اعظم قدس سرہ العزیز سے کراچی میں بیعت ہوئے۔[1]

حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ نے ۱۹۶۱ء میں آپ کے والد گرامی کے نام ایک مکتوب میں آپ کو "بلند اقبال" فرمایا ہے ــــــ جبکہ بیعت سے ۱۹۶۴ء میں سرفراز فرمایا۔

## خلافت واجازات

یکم محرم الحرام ۱۴۰۶ھ/۱۷ ستمبر ۱۹۸۵ء میں جانشین شیخ الاسلام حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد دامت برکاتہم العالیہ نے ان کو سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ میں بیعت کی اجازت دی۔ آپ نے اجازت نامہ میں رقم فرمایا:

"اتباع سنت میں عزت ہی عزت ہے اور محبت اس کی روح ہے۔ یہ ایسی عزت ہے جس کو کوئی چھین نہیں سکتا ــــــ رجوع خلق حق تعالیٰ کی طرف سے ہے۔"

آپ کو فقیر کی طرف سے بیعت کی اجازت ہے۔ جو مرید ہونا چاہے اس کو اپنے سامنے بٹھائیں اور خود قبلہ رخ بیٹھیں۔ پھر اس کا داہنا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیں اور بایاں ہاتھ بائیں ہاتھ میں لیں۔ اس کو کلمہ ردکفر تلقین کریں۔ تلقین کے بعد اپنے دل کی طرف متوجہ ہو کر طالب کے قلب میں خیال جمائیں کہ جو نسبت میرے قلب میں ہے، وہ طالب کے قلب میں پہنچ رہی ہے اور طالب سے بھی کہیں کہ آنکھ بند کر کے اپنے دل کی طرف متوجہ رہے۔ جب تک دل لگے مراقبہ اور توجہ جاری رکھیں اس کے بعد ہاتھ چھوڑ کر دعا کریں ــــــ طالب کو نماز کی تلقین نیز درود شریف پڑھنے اور سنت پر عمل کرنے کی ہدایت کریں۔ اہل و عیال اور عزیزوں کے ساتھ محبت و الفت کی ہدایت کریں۔"[2]

حضرت قبلہ مسعود ملت کے علاوہ موصوف کو سلسلہ عالیہ چشتیہ میں صاحبزادہ ابوالخیر ڈاکٹر محمد زبیر صاحب سے بھی اجازت و خلافت حاصل ہے۔ حضرت صاحبزادہ صاحب

---

۱۔ محمد مسعود احمد، پروفیسر ڈاکٹر: تعارف مرتب "ملفوظات مظہری" مطبوعہ کراچی ۱۹۹۰ء

۲۔ مکتوب محررہ یکم محرم الحرام ۱۴۰۶ھ/۱۷ ستمبر ۱۹۸۵ء از ٹھٹھہ بنام مولانا جاوید اقبال مظہری

Marfat.com

حضرت شاہ محمد رکن الدین الوری علیہ الرحمہ کے پوتے ،حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ کے نواسے اور حضرت شاہ محمد محمود الوری علیہ الرحمہ کے فرزند دلبند اور جانشین ہیں۔

## دیگر اجازات

موصوف کو مختلف شخصیات نے اوراد و وظائف ،تعویذات اور عملیات کی اجازت مرحمت فرمائی:

● — حضرت مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب نے ۱۹۹۹ء میں اپنے خاندانی عملیات اور تعویذات کے علاوہ حصن حصین اور دلائل الخیرات شریف کی اجازت عطا فرمائی۔

● — حضرت مولانا ضیاء الدین مدنی علیہ الرحمہ کے خلیفہ حضرت مولانا شیخ محمد عارف قادری ضیائی نے مدینہ منورہ میں بعض عملیات کی اجازت حضرت مسعود ملت کو عطا فرمائی — ان عملیات کی اجازت سے مولانا جاوید اقبال مظہری کو بھی سرفراز کیا گیا۔

● — خانوادہ مجددیہ کے چشم و چراغ اور حضرت شاہ ابوالخیر علیہ الرحمہ کے پوتے اور حضرت مولانا ابوسعد سالم علیہ الرحمہ کے فرزند دل بند اور جانشین حضرت مولانا ابوحفص عمر آغا نے ۲۰۰۰ء میں کوئٹہ میں بعض عملیات کی اجازت عطا فرمائی۔ (آپ مولانا موصوف سے بڑی محبت فرماتے ہیں۔)

● — خانوادۂ غوث الاعظم کے چشم و چراغ حضرت مولانا سید اقبال احمد اشرفی الجیلانی علیہ الرحمہ نے بہت چھوٹی عمر میں سورۂ اخلاص کے ساتھ دم کرنے کی اجازت عطا فرمائی — حضرت علیہ الرحمہ آستانہ عالیہ کچھوچھہ شریف کے سجادہ نشین سید محمد مختار اشرف الجیلانی علیہ الرحمہ کے خلفاء میں سے ہیں۔

● — محسن اہل سنت حضرت علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری نے قادریہ سلسلہ کے مشائخ کے معمولات کی اجازت عطا فرمائی۔

● — حضرت ضیائے معصوم علیہ الرحمہ کے پوتے اور حضرت پیر غلام محمد مجددی کے فرزند دلبند حضرت پیر فضل الرحمٰن آغا مجددی نے اپنے بعض خاندانی عملیات کی اجازت عطا فرمائی۔

● — شہزادۂ مفتی اعظم حضرت مولانا مفتی ڈاکٹر محمد مکرم احمد مظہری صاحب نے ۱۱ر مارچ ۲۰۰۴ء کو سلاسل عالیہ قادریہ، سہروردیہ چشتیہ، نقشبندیہ مجددیہ کی اجازت وخلافت سے سرفراز فرمایا۔

Marfat.com

PROFESSOR
Dr. MUHAMMAD MASOOD AHMED
M. A., Ph. D.
2/17-C, FIRST FLOOR
P. E. C. H. SOCIETY
KARACHI-29

Phone: 429-678
PRINCIPAL
گورنمنٹ ڈگری کالج
ٹھٹھہ (سندھ)

یکم محرم الحرام ۱۴۰۶ھ
۱۸ ستمبر ۱۹۸۵ء

بسمہٖ تعالیٰ

اخوالعزیز سلمکم و ابقاکم

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ ۔ مبشر نامہ پہنچا ، فرحت ہوئی ۔ احوال معلوم ہو کر مسرت
ہوئی ۔ راہِ عشق میں ہجرت ہی ہجرت ہے اور محبت رسول کی سعادت پر جتنی بھی مسرت
ہو کم ہے کہ کوئی بیان نہیں کر سکتا — وہ جو خلقِ عظیم کی ذات سے ہے —
— [illegible] آپ کو ایسے حضرات کی بیعت
کی اجازت ہے کہ آپ کا تعلق رہا ۔ الحمد للہ کہ آپ بیعت لے سکتے ہیں ۔
آپ کو فقیر کی طرف سے بیعت کی اجازت ہے ۔ جو مرید ہونا چاہے اس کو
اپنے سامنے بٹھائیں اور خود قبلہ رُخ بیٹھیں پھر اس کا داہنا ہاتھ اپنے
داہنے ہاتھ میں لیں اور [illegible] اس کے بعد کلماتِ تلقین
کریں ۔ تلقین کے بعد اپنے دل کی طرف متوجہ ہو کر سالک کے قلب میں خیال
جمائیں کہ میری نسبت میرے قلب سے سالک کے قلب میں پہنچ رہی ہے
اور سالک سے یہ کہیں کہ تم اپنے دل کی طرف متوجہ رہو جب تک
دل لگا رہے [illegible] اس کے بعد [illegible] دعا کریں
سالک کو نماز کی تلقین ، نیز درود شریف پڑھنے [illegible]
ہدایت کریں ۔ [illegible] اور عزیزوں کو سلام [illegible]

جب انسان کا قلب رقیق ہو جاتا ہے تو دانستہ منکشف ہونے لگتے ہیں۔ اس کو ہر لمحہ حال
لازم سمجھیں اور شکر ادا کریں۔ جہاں تک لکھتے ہیں کہ ہر نماز میں رونا آتا ہے جب [illegible] تلاوت کرتا ہوں
دراصل نعمت رب العزت کی طرف خیال کریں کہ یہ نعمت کا [illegible] ہے۔ اگر لوگ
جو دل لگی آپ سے [illegible] اس کی اجازت ہے جو طالب رشد آپ سے
داخل سلسلہ کریں اور اس کی طلب کو اللہ کی رحمت سمجھیں ۔

اپنے چچا صاحب کو سلام کہیں۔ الحمدللہ [illegible] دنیا چاہیے یا نہیں؟ —
اگر نصیب ہو تو [illegible] اور حق تعالیٰ [illegible] — دنیا کی طرف توجہ باعث
اضطراب ہے اور اللہ کی طرف توجہ باعث طمانیت ہے — طمانیت کی [illegible]
[illegible] ہر انسان اضطراب لیتا ہے حق تعالیٰ اپنے [illegible] توجہ
رکھے کہ [illegible] ذالک —

والدہ ماجدہ اور والد صاحب کو سلام کہیں۔ [illegible] اور [illegible] کو
دعا [illegible] فقط والسلام

[illegible]

عکس اجازت و خلافت بنام مولانا جاوید اقبال مظہری، کراچی

بسم الله الرحمن الرحیم
نحمده ونصلی ونسلم علی رسوله الکریم

پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد
ایم۔ اے، پی۔ ایچ۔ ڈی، امتیاز فضیلت

حوالہ نمبر ________ تاریخ: ۱۲ ذی الحجه ۱۴۱۹ھ

الحمد لله الذی نزّل علینا کتاب مبین، والصلوٰة والسلام علی رسوله رحمة للعالمین ومراد المشتاقین وعلی آله وازواجه واصحابه اجمعین۔ اما بعد فقیر سراپا تقصیر محمد مسعود احمد بن مفتی اعظم شاه محمد مظهر الله نقشبندی مجددی قدس سره السامی العزیز امام شاہی مسجد و خطیب مسجد جامع فتحپوری دہلی که بعد از وی مولانا ... اولاد مظهری نقشبندی مجددی ... سالها فقیر نشست و برخاست کرده، فقیر او را ... و مانند او یافتم ... خدمتش اعطا والدی و مرشدی مفتی اعظم شاه محمد مظهر الله نور الله مرقده نهایت قوی و مستحکم است۔ چند سال گذشت که در یکم محرم الحرام ۱۴۰۶ھ مطابق ۱۷ ستمبر ۱۹۸۵ع فقیر ایشان را اجازت و خلافت از سلسله عالیه نقشبندیه مجددیه مظهریه داده‌ام۔ الحمد لله او در کمالات است۔ اکنون فقیر اجازت دلائل الخیرات و حصن حصین شریف و عملیات مسعودیه مظهریه هم دادم۔ نصیحت کرده که آنچه در دل ... باشد سنت سنیه و خدمت خلق را لازم گیرند۔ از زیارت احوال بسیار ... باشند ... کمالات دل و عیال را نصیحت کنند که مخزن ازواج و اصحاب رسول کریم صلی الله علیه وسلم ... پیش خود دارند و یک سو باشند و سنت را بر ... مقدم دارند و تخفیف سنت نکنند۔ دعا می کنم که حق جل مجده ایشان را مطابق بر صراط مستقیم گامزن دارد و کمالات و منتسبان از ایشان مستفید و مستفیض گرداند۔ بجاه و کرم تعالیٰ وتقدس۔

احقر محمد مسعود احمد عفی عنه
۹ ذی الحجه ۱۴۱۹ھ
۱۷ اپریل ۱۹۹۹ء

۱۶/۴۔ سی۔ پی۔ اے۔ سی۔ ایچ سوسائٹی کراچی۔۔۔ ۷۵۴۰۰۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان۔
فون نمبر: 455 24 68 فیکس: 92-21-2561574 ای میل: 786kci@cyber.net.pk

# ترجمہ سنداجازت و خلافت[1]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے جس نے ہم پر کتاب مبین نازل فرمائی، صلوٰۃ وسلام ہو اللہ تعالیٰ کے رسول، رحمۃ للعالمین اور مرادالمشتاقین پر اور آپ کی آل پاک، ازواج مطہرات اور تمام صحابۂ کرام پر۔

اما بعد!

فقیر سراپا تقصیر محمد مسعود احمد بن مفتیٔ اعظم شاہ محمد مظہر اللہ نقشبندی مجددی قدس سرہٗ العزیز، امام شاہی وخطیب جامع مسجد فتحپوری، دہلی کہتا ہے: برادر عزیز مولانا جاوید اقبال مظہری نقشبندی مجددی زید مجدہٗ کی فقیر کے ساتھ سالہا سال نشست و برخاست رہی، فقیر نے انہیں ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ پایا، ان کا رابطہ اپنے مرشد گرامی یعنی راقم کے والد و مرشد مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ نور اللہ مرقدہٗ سے انتہائی قوی اور مستحکم ہے، چند سال پہلے یکم محرم الحرام ۱۴۰۶ھ مطابق ۱۷ ستمبر ۱۹۸۵ء کو فقیر نے انہیں سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ مظہریہ میں اجازت و خلافت دی۔

الحمدللہ! وہ طالبوں کے مربی ہیں، اب فقیر نے انہیں دلائل الخیرات شریف، حصن حصین شریف اور عملیاتِ مسعودیہ مظہریہ کی اجازت بھی دے دی، انہیں نصیحت کی جاتی ہے کہ:

☆ ظاہر و باطن میں سنت مبارکہ کی پیروی اور مخلوق کی خدمت کو لازم پکڑیں۔

☆ ہمیشہ زیور اخلاص سے مزین رہیں کہ اخلاص اللہ تعالیٰ کے محبوبوں کا زیور ہے۔

☆ طالبوں اور اہل وعیال کو نصیحت کریں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات اور صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا نمونہ اپنے سامنے رکھیں، اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ رہیں، اور سنت مبارکہ کو ہر چیز پر مقدم رکھیں اور سنت کو ہلاکامت جانیں۔

دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے انہیں ہمیشہ صراطِ مستقیم پر گامزن رکھے، طالبین اور منتسبین کو ان سے فیض یاب فرمائے۔ آمین!

۲۹ ذوالحجہ ۱۴۱۹ھ / ۱۷ اپریل ۱۹۹۹ء — احقر: **محمد مسعود احمد** عفی عنہ

---

۱۔ مترجم علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری، شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ، لوہاری دروازہ، لاہور

Marfat.com

## اویسی نسبت

مرشد کریم کی نسبت کے صدقے میں مزید عنایات ہوئیں:

● — ۱۹۸۷ء میں حضرت شیخ نظام الدین اولیاء محبوبِ الٰہی علیہ الرحمہ کے مزار شریف سے سلسلہ عالیہ چشتیہ میں اویسی نسبت سے سرفراز فرمایا گیا۔

● — ۱۹۸۶ء یا ۱۹۸۷ء میں دہلی میں خانوادہ مجددیہ کے چشم و چراغ اور حضرت شاہ ابوالخیر علیہ الرحمہ کے فرزند دل بند اور جانشین حضرت مولانا ابوالحسن زید فاروقی علیہ الرحمہ نے مولانا جاوید صاحب کے سر کو اپنے سینۂ مبارک سے تقریباً دو منٹ تک لگائے رکھا اور اپنی خاندانی نسبت شریفہ کے فیض سے مالا مال فرمایا —— آپ راوی ہیں کہ احقر کو نسبت فاروقی اور نسبت مجددی سے سرفراز فرمایا گیا۔ ان دو منٹوں کے دوران ایسا محسوس ہوا کہ احقر کا وجود اس دنیا میں نہیں ہے۔

## نسبت مسعودی کا تصرف

جس روز حضرت نعمت مسعود ملت نے احقر کے لیے اجازت نامہ تحریر فرمایا، اس روز حضرت ٹھٹھہ میں تھے۔ اسی روز احقر نے خواب میں حضرت مفتی شاہ محمد محمود الوری کی زیارت کی کہ احقر حیدرآباد حاضر ہوا ہے، حضرت شاہ محمد محمود الوری احقر کو اپنے ہاتھوں سے قلاقند کھلا رہے ہیں —— صبح احقر کو خیال ہوا کہ کوئی روحانی ترقی ہوئی ہے۔ اسی روز جب گھر سے نکلا تو جہاں بھی گیا سب ہی نے عزت و تکریم کی۔

● —— کوئی ادب سے کھڑا ہو جاتا،

● —— کوئی ہاتھ چومتا،

● —— کوئی دعا کے لیے کہتا۔

● —— کوئی کہتا کیا آپ پیر ہیں، کیا آپ کو خلافت ہے۔

غرض ہر طرف سے عزت و شرف عطا ہوئے —— رات ۹ بجے احقر نے حضرت کو ٹھٹھہ فون کیا، حضرت نے فرمایا:

”میں نے آپ کو خط بھیجا ہے، ملا کہ نہیں۔“

Marfat.com

احقر نے عرض کیا: "نہیں ملا۔"

اس سے پہلے کہ احقر پہلے اپنا خواب سناتا، حضرت نے فرمایا:

"میں نے آپ کو اجازت دے دی ہے۔"

یہ حضرت کی نسبت کا اعجاز ہے کہ ابھی خلافت نامہ تحریر فرمایا، اور احقر تک پہنچنے سے پہلے پہلے ہی اس کے فیوضات و برکات کا ظہور شروع ہو گیا۔

## شیوخ طریقت

**● ——سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ:**

❶ حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ

❷ حضرت مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد

❸ شہزادۂ مفتی اعظم ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد

**● ——سلسلہ عالیہ چشتیہ اویسیہ:**

❶ حضرت صاحبزادہ ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر

**● ——سلسلۂ عالیہ قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ**

❶ شہزادۂ مفتی اعظم ڈاکٹر مفتی محمد مکرم احمد

## سلسلہ طریقت (نقشبندیہ مجددیہ)

ڈاکٹر محمد مسعود احمد، شاہ محمد محمود، شاہ محمد مظہر اللہ، شاہ محمد رکن الدین، سید صادق علی شاہ، سید امام علی شاہ، شاہ حسین، حاجی احمد متقی، شاہ محمد زمان، خواجہ محمد مظہری، خواجہ محمد راز داں، خواجہ محمد حنیف، خواجہ عبدالاحد، خواجہ محمد معصوم، حضرت مجدد الف ثانی، خواجہ باقی باللہ، خواجہ امکنگی، خواجہ محمد درویش، مولانا محمد زاہد، خواجہ عبداللہ احرار، شیخ یعقوب چرخی، شاہ بہاء الدین نقشبند، سید امیر کلال، بابا سماسی، خواجہ عزیزاں رامتینی، خواجہ محمد ابوالخیر فغنوی، خواجہ محمد عارف ریوگری، عبدالخالق غجدوانی، خواجہ محمد یوسف ہمدانی، خواجہ بوعلی فارمدی، خواجہ ابوالحسن خرقانی، حضرت بایزید بسطامی، حضرت امام جعفر صادق، خواجہ قاسم، حضرت سلمان فارسی، حضرت سیدنا ابوبکر صدیق، حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

Marfat.com

## القابات

- ــــ مظہر فیوضِ مرشد ــــ (مفتی ڈاکٹر محمد مکرم احمد، دہلی)
- ــــ گل گلستانِ مظہری ــــ (مفتی محمد مکرم احمد، دہلی)
- ــــ فخر اہل سنت، عطائے مفتی اعظم ــــ (پروفیسر عبدالرحمٰن، میر پور خاص)

## بزرگان دین کے مزارات سے فیوض وبرکات

مولانا جاوید اقبال مظہری صاحب راوی ہیں کہ احقر نے بکثرت مزارات پر حاضری دی ہے۔ یہاں صرف ان مزارات کا ذکر کیا جارہا ہے جہاں سے روحانی طور پر نوازا گیا:

## دهلی

1. پیر ومرشد برحق مفتی اعظم ہند شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ
2. حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ
3. والدہ ماجدہ حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہما
4. حضرت شاہ محمد مسعود محدث دہلوی علیہ الرحمہ
5. حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی علیہ الرحمہ
6. حضرت شیخ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی قدس سرہٗ العزیز
7. حضرت فخر الدین فخر جہاں علیہ الرحمہ
8. حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ الرحمہ
9. حضرت شاہ ابوالخیر علیہ الرحمہ

## اجمیر شریف

حضرت خواجہ معین الدین چشتی علیہ الرحمہ

## آگرہ

حضرت شیخ سلیم چشتی علیہ الرحمہ

## لاهور

- حضرت داتا گنج بخش علیہ الرحمہ

Marfat.com

❷ حضرت مخدوم طاہر بندگی علیہ الرحمہ (خلیفۂ حضرت مجدد الف ثانی)

## پاک پتن

❶ حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر علیہ الرحمہ [۱]

## اسلام آباد

❶ حضرت بری امام علیہ الرحمہ

## کوئٹہ

❶ حضرت شاہ بلال مجددی (ابن شاہ ابو الخیر علیہ الرحمہ)

حضرت شاہ ابو سعد سالم (ابن شاہ ابو الخیر علیہ الرحمہ)

## حیدرآباد

❶ حضرت سید عبد الوہاب جیلانی علیہ الرحمہ (نبیرۂ غوث پاک)

❷ حضرت مُل محمود (شیر سوار) مکی شاہ بابا علیہ الرحمہ

❸ حضرت شاہ محمد محمود الوری علیہ الرحمہ

## ٹھٹھہ

❶ حضرت سید عبد اللہ اصحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

❷ حضرت شاہ فضیل علیہ الرحمہ [۲]

❸ حضرت مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی علیہ الرحمہ

## کراچی

❶ حضرت سید عالم شاہ بخاری علیہ الرحمہ

---

۱۔ پاکپتن شریف میں سب سے پہلے حاضری ہوئی تو ایک بزرگ سے ملاقات ہوئی انہوں نے اپنا حجرہ دکھایا اور مزار شریف کی چادر عطا کی، پھر فرمایا: ''آپ سے کل ملاقات ہوگی۔'' دوسرے دن نہ وہ جگہ ملی نہ وہ حجرہ۔ گویا بابا صاحب نے پردۂ غیب سے چادر عطا فرمائی۔

پاکپتن میں حضرت مخدوم صابر کلیری علیہ الرحمہ کے حجرے میں مراقبہ کی سعادت حاصل ہوئی، اور وجدانی کی کیفیت طاری ہوئی۔ حضرت مخدوم کے لنگر خانے سے لنگر بھی تقسیم کیا —— جاوید

۲۔ سلسلہ عالیہ قادریہ میں حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے پردادا پیر۔

Marfat.com

② حضرت شہید اللہ فریدی علیہ الرحمہ[۱]

③ بی بی نور محمدی مائی صاحب سلام اللہ علیہا[۲]

④ حضرت پیر غلام محمد مجددی علیہ الرحمہ[۳]

## ملتان

① حضرت بہاء الدین زکریا ملتانی علیہ الرحمہ۔[۴]

② حضرت شاہ رکن عالم علیہ الرحمہ

## ساھیوال

① حضرت مولانا سید منظور احمد (مکان شریفی)۔[۵]

## سیدوشریف

① حضرت عبد الغفور مجددی علیہ الرحمہ۔

## مسجد فتحپوری ،دھلی میں قیام کا اعزاز

۱۹۹۲ء میں حضرت مولانا مفتی محمد مکرم احمد صاحب کی اجازت سے مسجد فتحپوری، دہلی میں قیام کی سعادت حاصل ہوئی، حضرت مولانا حافظ قاری محمد احمد علیہ الرحمہ امام مسجد فتحپوری

---

۱۔ موصوف حضرت ذوقی شاہ صاحب علیہ الرحمہ کے خلیفہ ہیں۔ پاکپتن میں حضرت بابا صاحب سے براہِ راست فیض یافتہ ہیں ـــــ احقر کو اپنی قبر شریف سے دوبار باطنی تصرفات سے سرفراز فرمایا۔ حضرت شہید اللہ فریدی علیہ الرحمہ انگریز تھے۔ کشف المحجوب کا مطالعہ کیا اور اس سے متاثر ہو کر کلمہ شریف پڑھا ـــــ ظاہری طور پر حضرت ذوقی شاہ چشتی صاحب علیہ الرحمہ کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا۔ ان سے بیعت ہوئے، اور اجازت و خلافت پائی ـــــ احقر نے بچپن میں ان کی زیارت کی تھی۔ بڑے صاحبِ تصرف ہیں، ان کی قبر شریف سے کبھی کبھی مشک کی خوشبو بھی آتی ہے۔

حضرت شہید اللہ فریدی علیہ الرحمہ کے پیر و مرشد حضرت سید ذوقی شاہ علیہ الرحمہ نے میدانِ عرفات میں عین حج والے روز وصال فرمایا، اور تصوف کی اصطلاحات پر بڑی جامع اور بے نظیر کتاب ''سِرِّ دلبراں'' تصنیف فرمائی۔

۲۔ آپ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ سے فیض یاب ہیں۔ حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ کے مزار شریف سے سرفراز کی گئیں۔

۳۔ موصوف حضرت شاہ ضیائے معصوم علیہ الرحمہ کے فرزند دلبند اور جانشین ہیں۔

۴۔ جب پہلی بار حاضری دی تو مراقبہ کے دوران یہ دیکھا کہ مدینہ منورہ کے شہر میں بیٹھا ہوں، اس طرح اس سوال کا جواب مل گیا کہ ملتان کو مدینۃ الاولیاء کیوں کہتے ہیں ـــــ جاوید

۵۔ آپ احقر کے دادا مرشد حضرت سید صادق علی شاہ علیہ الرحمہ کے پوتے ہیں ـــــ جاوید

Marfat.com

کے فرزندِ دلبند صاحبزادہ محمد مبشر احمد صاحب کے حجرے میں بعد نماز عشاء تا نماز فجر قیام کیا۔
رات تقریباً 11 بجے صاحبزادہ محمد مبشر احمد صاحب نے مولانا جاوید اقبال مظہری سے فرمایا کہ:

''اگر آپ کسی کی آہٹ سنیں یا کوئی دروازے پر دستک دے تو دروازہ نہ کھولیں بلکہ بتی روشن کر دیں۔''

اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ مسجد فتحپوری میں اب بھی حضرت مفتی اعظم کے معتقدین اجنہ کا قیام ہے ——— اجنہ کے قیام کے واقعہ ''تذکرہ مظہر مسعود'' مرتبہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد میں مبلغ اسلام حضرت مولانا عبدالعلیم صدیقی میرٹھی کے واقعہ میں ہے۔ جنہوں نے حضرت مفتی اعظم کی حیاتِ طیبہ میں مسجد فتحپوری میں قیام فرمایا تھا۔

## خطابت

تقریر و خطابت کا آغاز ۱۹۸۵ء میں ہوا ——— موصوف زید مجدہٗ تقریر کا خاص ملکہ رکھتے ہیں۔ ان کی تقریر تاثیر سے خالی نہیں۔ وہ بزمِ اربابِ طریقت، کراچی کی ماہانہ محفلوں میں اور اعراس و محافل میلاد النبی ﷺ میں تقریریں کرتے ہیں جو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں۔[1]

نیز ان تمام محافل میں نظامت کی سعادت موصوف کو حاصل ہوتی ہے۔ حضرت مسعودِ ملت نے آپ کی کمپیئرنگ کو فقیرانہ اور حضرت مفتی محمد مکرم احمد صاحب نے عارفانہ قرار دیا۔

ان کی تقریر کو ان کے پیر خانے (مسجد فتحپوری، دہلی) میں مقبولیت حاصل ہوئی اور درگاہ حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمہ میں بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا گیا، اور حضرت امام علی شاہ علیہ الرحمہ کے شہزادوں کے دولت کدہ پر بھی ان کو مقبولیت حاصل ہوئی۔[2]

جبکہ ۲۰۰۳ء میں دورۂ مٹھی (تھرپارکر، سندھ) کے دوران ان کی تقریر پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھی گئی، اس دورہ میں صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد کے دست حق پرست پر بکثرت حضرات مرید ہوئے جبکہ حضرت مسعود ملت کے خلیفہ مولوی عطا محمد درس نے میزبانی کی۔

---

[1,2] تعارف مؤلف ''ملفوظات مظہری'' محررہ ۹ رصفر المظفر ۱۴۱۱ھ/ ۳۰ راگست ۱۹۹۰ء

Marfat.com

## سلسلۂ معاش

آپ نے چونکہ وکالت کا امتحان ایل۔ایل۔بی پاس کر رکھا ہے۔اس مناسبت سے بہت سے اداروں کے قانونی مشیر ہیں۔

## شادی خانہ آبادی

آپ کی شادی ۱۹۸۱ء میں ہوئی۔حضرت قبلہ مسعود ملت نے اپنے دستِ مبارک سے دولہا بنایا—— آپ کی اہلیہ بھی تعلیم یافتہ ہیں۔انہوں نے گریجویشن کیا ہے—— سلسلہ عالیہ چشتیہ صابریہ میں حضرت آغا شاہ محمود یوسفی تاجی صاحب سے بیعت ہیں۔آپ کے خسر جناب افتخار احمد صدیقی مرحوم اعلیٰ سرکاری افسر تھے،وہ چیف آفیسر ڈسٹرکٹ کونسل حیدر آباد تھے،ڈپٹی کمشنر کراچی کا تقرر ہو گیا تھا کہ سینکڑوں افسران کے ساتھ جبری ریٹائر کر دیئے گئے، موصوف حضرت آغا شاہ محمود یوسفی تاجی کے مرید اور خلیفہ تھے اور خطاب ''مخلص شاہ'' تھا۔

## اولاد امجاد

آپ کے دو صاحبزادے ہیں:

❶ محمد مظہر مسعود مسعودی ❷ محمد طٰہٰ مسعودی

دونوں صاحبزادوں کی بسم اللہ حضرت مسعود ملت نے کرائی،دونوں صاحبزادے حضرت مسعود ملت سے بیعت ہیں۔محافل میلاد النبی اور عرس کے موقع پر نعت پڑھتے ہیں،دونوں میٹرک (سائنس) کے طالب علم ہیں۔

## دیگر مشاغل

مولانا جاوید صاحب معاشی و خانگی مصروفیات کے ساتھ ساتھ ترویج و اشاعتِ دین میں بھی مشغول رہتے ہیں۔سلسلہ مظہریہ مسعودیہ کی ترویج و اشاعت کے لیے یہ ادارہ قائم کیا:

● —— مظہری پبلی کیشنز،کراچی

علاوہ ازیں ان اداروں کے لیے بھی خدمات انجام دے رہے ہیں:

● —— فنانس سیکرٹری:ادارہ مسعودیہ،کراچی

Marfat.com

- ———ایکس وائس پریذیڈنٹ: ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا، کراچی
- ———چیف ایگزیکٹو: امام ربانی فاؤنڈیشن، کراچی
- ———مدیر ماہنامہ ''المظہر''، کراچی

## بانی امام ربانی فاؤنڈیشن، کراچی

مولانا جاوید اقبال مظہری صاحب امام ربانی فاؤنڈیشن، کراچی کے بانی و منتظم اعلیٰ ہیں۔ حضرت مسعود ملت قبلہ پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب کی سرپرستی میں ۳۰ر مئی ۲۰۰۲ء بروز جمعرات ایک اجلاس ہوا۔ اس اجلاس میں امام ربانی فاؤنڈیشن کے قیام کا اعلان کیا گیا، حاضرین کو اس کے اغراض و مقاصد سے آگاہ کیا گیا——— متفقہ طور پر جانشین مسعود ملت حضرت صاحبزادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد صاحب کو چیئرمین چن لیا گیا۔ فاؤنڈیشن کے سرپرست اعلیٰ حضرت مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب ہیں۔

یہ ایک میگا پراجیکٹ ہے، جس کے قیام کا مقصد حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی نگارشات کی ترویج و اشاعت اور آپ کے بارے میں مختلف زبانوں میں لٹریچر کی اشاعت ہے۔ اس پروگرام کو دنیا بھر میں تحسین کی نظر سے دیکھا گیا، اور دنیا بھر سے سکالرز نے رابطہ و تعاون کیا۔ ۴ جلدوں کا مجوزہ پروگرام اب بڑھ کر چھ تا سات جلدوں پر پھیل چکا ہے۔ اس سلسلہ میں بکثرت مکتوبات موصول ہوئے ہیں۔ سردست دو مکتوبات پیش ہیں:

(۱)

''یہ جان کر مسرت ہوئی کہ امام ربانی فاؤنڈیشن کا قیام عمل میں لایا گیا ہے اور جہاں امام ربانی مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ پر کام شروع ہو گیا ہے لٹریچر میں یہ گرانقدر اضافہ ہوگا۔ آپ کی کامیابی کیلئے دعا گو ہوں، انشاء اللہ حضرت مسعود ملت مدظلہ کی سرپرستی میں فاؤنڈیشن اہم کام سرانجام دے گی اور دنیا بھر میں امام ربانی مجدد الف ثانی پر ہونے والے علمی تحقیقی کام کو منظر عام پر لائے گی۔ آپ کو اس اہم کام پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔''[۱]

---

۱۔ مکتوب از راجہ محمد طاہر خان رضوی بنام جاوید اقبال مظہری محررہ ۲۶ر مئی ۲۰۰۳ء

Marfat.com

۲

''جہاں امام ربانی مجدد الف ثانی کی چار جلدوں کے مضامین کی فہرست پڑھ کر امام ربانی فاؤنڈیشن کے عظیم علمی و تاریخی منصوبے کا اندازہ ہوا، اور بے حد خوشی ہوئی کہ فاؤنڈیشن ایک عظیم کارنامہ سرانجام دے رہی ہے، اور حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمہ اللہ تعالیٰ کی ہمہ جہت شخصیت کے مختلف پہلوؤں اور کارہائے نمایاں کو یکجا کرے امت مسلمہ پر بالعموم اور متوسلین سلسلہ عالیہ نقشبندی مجددیہ، قادریہ، چشتیہ اور سہروردیہ پر بالخصوص احسان عظیم کر رہی ہے۔ بندہ ناچیز دل کی گہرائیوں سے سرپرستِ اعلیٰ سمیت تمام عہدیداروں اور اراکین کو مبارکباد پیش کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل عمیم سے آپ کی اس کوشش اور کارِ خیر کو قبول فرمائے اور اس عظیم منصوبے کو اپنے حبیب پاک صاحب لولاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچائے۔ آمین!''[۱]

## زیارات مشائخ کرام

۱. حضرت شاہ ابوالحسن زید فاروقی علیہ الرحمہ، دہلی
۲. آغا ابوحفص عمر المجددی، کوئٹہ
۳. حضرت اچھن میاں نیازی، کراچی
۴. حضرت سید اچھے میاں چشتی اشرفی علیہ الرحمہ، کراچی
۵. ابومحمد شاہ سید احمد اشرف اشرفی الجیلانی، کراچی
۶. حضرت کنور اصغر علی یوسفی علیہ الرحمہ، کراچی
۷. حضرت سید اقبال اشرف چشتی اشرفی الجیلانی علیہ الرحمہ [۲]

۱۔ مکتوب از حضرت صوفی غلام سرور نقشبندی، لاہور بنام جاوید اقبال مظہری محررہ ۱۱ رجولائی ۲۰۰۳ء

۲۔ حضرت سید اقبال احمد اشرفی الجیلانی علیہ الرحمہ حضرت سیدنا غوث صمدانی محبوب سبحانی حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد امجاد سے ہیں، آپ نسبتِ چشتیہ اشرفیہ کچھوچھہ شریف رکھتے ہیں۔

آپ بڑے صاحب تقویٰ تھے۔ دہلی میں ان کے خاندان کا حضرت پیر و مرشد سے انتہائی قریبی تعلق تھا۔ حضرت پیر و مرشد کی بہت تکریم فرماتے تھے۔ ان کی عظمتوں کا ذکر کرتے تھے۔

آپ نے وصال سے پہلے لوگوں کی امانتیں واپس کرنا شروع کر دی تھیں۔ احقر کے والد کی کتاب ''نفحات الانس'' ان کے پاس تھی، احقر ملنے گیا تو احقر کو دیکھتے ہی کتاب واپس کر دی۔ کچھ دن بعد وصال فرما گئے۔

احقر سے اس وقت سے پیار کرتے تھے جبکہ احقر سات سال کا تھا۔ حضرت نے بہت چھوٹی عمر میں احقر کا تعارف ایک جن سے کرایا جو بڑھیا کی شکل میں تھا۔ جب احقر کو خوف آنے لگا تو جن سے فرمایا:

''اب تم جاؤ، بچہ ڈر جائے گا۔''

چنانچہ وہ جن غائب ہو گیا۔ حضرت نے بہت ہی بچپن میں سورہ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر اپنے سر پر دم کرایا اور اجازت عطا فرمائی ——— جاوید

Marfat.com

۸ پیر ایوب جان سرہندی، سامارو، سندھ

۹ میاں جمیل احمد شرقپوری، شرقپور شریف

۱۰ بی بی جی حاجرہ مرحومہ، کراچی

۱۱ حافظ جی (مجذوب) علیہ الرحمہ، کراچی

۱۲ مولانا حبیب اللہ علیہ الرحمہ، کراچی [1]

۱۳ مولانا حبیب الرحمٰن، عیدگاہ راولپنڈی

۱۴ مائی صاحب جن بی بی مرحومہ، کراچی

۱۵ صاحبزادہ حفیظ البرکات شاہ ابن پیر کرم شاہ، لاہور

۱۶ صاحبزادہ خرم عتیق نبیرہ سید صادق علی شاہ، ساہیوال

۱۷ علامہ ریاض الدین سہروردی علیہ الرحمہ

۱۸ مولانا سید زوار حسین شاہ علیہ الرحمہ، کراچی

۱۹ صاحبزادہ سید سرمد الحسینی نبیرہ سید امام علی شاہ، لاہور

۲۰ مولانا سید سعادت علی قادری، کراچی

۲۱ حضرت سومار بابا (مجذوب)، ٹھٹھہ سندھ

۲۲ آغا شاہ محمود یوسفی، کراچی

۲۳ مفتی سید شجاعت علی قادری علیہ الرحمہ، کراچی

۲۴ حضرت شہید اللہ فریدی چشتی علیہ الرحمہ، کراچی

۲۵ مولانا مفتی ظفر علی نعمانی علیہ الرحمہ، کراچی

۲۶ حضرت مولانا مفتی عبد القیوم ہزاروی علیہ الرحمہ، لاہور

۲۷ صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی، لاہور

۲۸ حضرت مولانا غلام قادر کشمیری علیہ الرحمہ، کراچی

---

[1] آپ حضرت پیر و مرشد کے چچا تھے۔ بڑے نورانی تھے۔ احقر کو کافی عرصے کے بعد پتہ چلا کہ حضرت مرحوم قبلہ پیر و مرشد کے چچا تھے ——— جاوید

Marfat.com

۲۹. پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں مجددی، حیدرآباد سندھ

۳۰. پیر فضل ربی آغا مجددی، کراچی

۳۱. پیر فضل الرحمٰن آغا مجددی، کراچی

۳۲. حضرت گل بھائی وارثی علیہ الرحمہ، کراچی

۳۳. حضرت مولانا حافظ محمد احمد علیہ الرحمہ، دہلی

۳۴. ابوالخیر ڈاکٹر محمد زبیر، حیدرآباد سندھ

۳۵. مولانا مفتی محمد جان نعیمی، کراچی

۳۶. حضرت مولانا ڈاکٹر محمد سعید احمد علیہ الرحمہ، دہلی

۳۷. شیخ الحدیث والتفسیر علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری، لاہور

۳۸. تاج العلماء مولانا مفتی محمد عمر نعیمی علیہ الرحمہ، کراچی

۳۹. پیرومرشد برحق حضرت شاہ محمد مظہر اللہ قدس سرہٗ العزیز، دہلی

۴۰. حضرت مولانا مفتی محمد محمود الوری علیہ الرحمہ، حیدرآباد سندھ

۴۱. حضرت مولانا مفتی محمد مظفر احمد علیہ الرحمہ، کراچی

۴۲. حضرت سید مختار اشرف الجیلانی، کچھوچھہ شریف، بھارت

۴۳. حضرت مولانا محمد میاں ابن مولانا حامد علی خان نقشبندی، ملتان

۴۴. حکیم قاضی مشتاق احمد حیدری علیہ الرحمہ، کراچی

۴۵. پیر نثار جان سرہندی، میرپور خاص سندھ

۴۶. ابوالفتح مفتی نصر اللہ خاں افغانی، کراچی

۴۷. پیر نور احمد آغا مجددی، کراچی

۴۸. ڈاکٹر نور محمد ربانی علیہ الرحمہ، مدینہ منورہ [۱]

۴۹. پیر ہاشم جان سرہندی علیہ الرحمہ، کراچی

---

[۱] مؤلف "کشف العرفان" نے مدینہ منورہ میں خصوصی لطف و کرم فرمایا، ان مقامات مقدسہ کی زیارت کرائی جو بہت کم لوگوں کو معلوم ہیں اور غار سجدہ لے گئے، وہاں نوافل پڑھے اور اس غار کا پتھر عطا کیا، اس پتھر کی خوشبو قابل رشک ہے۔

Marfat.com

## زیارت حرمین شریفین

دسمبر۱۹۹۳ء میں عمرہ کی سعادت حاصل ہوئی ——— مولانا جاوید اقبال مظہری صاحب بیان فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ میں حاضری کے دوران حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا لطف وکرم ابرِ بہاری کی طرح برستا رہا ——— قبر شریف کی زیارت کے بعد بابِ جبریل سے باہر آیا تو چہرے پر پانی کی دو بوندیں ٹپکیں، جس سے قبولیت کا اشارہ ملا۔ ہاں

یہ بڑے کرم کے ہیں فیصلے　　یہ بڑے نصیب کی بات ہے

قطب مدینہ حضرت ضیاء الدین مدنی علیہ الرحمہ کے خلیفہ حضرت شیخ محمد عارف قادری ضیائی نے خصوصی کرم فرمایا۔ مدینہ شریف میں مقاماتِ مقدسہ کی زیارت کرائی۔ حضرت مولانا فضل الرحمٰن قادری (ابن حضرت ضیاء الدین مدنی) کے مکان شریف پر لے گئے۔ جہاں محفلِ میلاد ہوئی اور پُر تکلف کھانا عطا ہوا ——— شیخ محمد عارف صاحب نے حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم کے روضۂ مبارک کے گنبد شریف کا رنگ بھی عطا کیا۔ جبکہ حضرت مسعود ملت کے لیے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور کے تبرکات اس احقر کی وساطت سے بھیجے۔ جن کا قبلہ حضرت صاحب نے ''انتخاب حدائق بخشش'' میں ذکر فرمایا ہے۔ ڈاکٹر نور محمد ربانی علیہ الرحمہ نے خوب خوب کرم فرمایا۔ جس کا گزشتہ سطور میں ذکر ہو چکا ہے۔

## ذوق سُخن

مدینہ منورہ میں قیام کے دوران جبکہ احقر مسجد نبوی میں بیٹھا ہوا گنبد شریف کی زیارت کر رہا تھا، حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا کرم ہوا اور احقر کی زبان سے عالم جذب ومستی میں یہ قطعہ جاری ہوا:

آنکھوں میں چھپا لوں نظر آئے جو وہ گنبد
اس دل میں بسا لوں نظر آئے جو وہ گنبد
سرکارِ دوعالم کا کرمِ خاص ہے اقبال
میں جاں لٹا دوں نظر آئے جو وہ گنبد

مدینہ منورہ سے واپسی پر ایک نعت کہی تھی، اس کا صرف ایک شعر یاد رہ گیا:

Marfat.com

اقبال تم کیوں آ گئے ان کے حریمِ ناز سے
فرحاں تھی زندگی کی ضو، کیا کیا کہوں کیا کیا لکھوں

## تحقیق کے سلسلہ میں اہل علم وفضل کا رجوع


### میاں محمد صادق قصوری

ناظم مرکزی مجلس امیر ملت، مرکزی مجلس مجاہد ملت
برج کلاں، قصور


(۱)

احقر کو حضرت مولانا شاہ ہدایت علی جے پوری علیہ الرحمہ کے تفصیلی حالات کی اشد ضرورت ہے۔ جس میں تاریخ ولادت، نام والدین، خاندانی تعارف، تعلیم وتربیت، مذہبی ملی خدمات، تصانیف، طریقت کی خدمات، وفات جائے مدفون اولاد کا مختصر ذکر، قطعہ تاریخ وفات وغیرہ وغیرہ۔ اس سلسلہ میں میں نے حضرت قبلہ ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب مدظلہ کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ وہ میری دستگیری فرمائیں۔ انہوں نے آپ کا پتہ ارسال فرما کر عریضہ لکھنے کا حکم دیا ہے۔[۱]

(۲)

مرسلہ پارسل باصرہ نواز ہوا۔ شکر گزار ہوں کہ آپ نے میری گزارشات پر حضرت شاہ ہدایت علی جے پوری رحمۃ اللہ علیہ کے حالات مبارک ارسال فرمائے اور مزید ضروری معلومات فراہم فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر سے نوازے اور دین ودنیا میں خوش وخرم رکھے۔ آمین ثم آمین![۲]

## شیخ مجازکی نظرمیں

حضرت مسعود ملت قبلہ پیرومرشد پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب زید فیوضہم نے اپنے مکتوبات شریف میں کئی مقامات پر مولانا جاوید اقبال مظہری صاحب کے بارے میں اظہار خیال فرمایا ہے جس سے قلبی وابستگی اور قربت ومودت کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے، آپ

۱۔ مکتوب محررہ ۲ رجولائی ۱۹۸۸ء از برج کلاں، قصور
۲۔ مکتوب محررہ ۹ رجولائی ۱۹۸۸ء از برج کلاں، قصور

Marfat.com

فرماتے ہیں:

۱ ''مولانا جاوید اقبال صاحب کی نسبت بڑی قوی ہے۔زندگی بھر کبھی پریشانی کا اظہار نہ کیا نہ دنیا کی کوئی بات کہی، صابر و قانع اور صاحب استقامت ہیں۔''[۱]

۲ ''مولانا جاوید اقبال فقیر کے اخص الخواص محبین میں ہیں۔آپ نے ان کے بارے میں جو کچھ فرمایا، حق ہے۔مزید ترقیات کی دعا فرمائیں۔''[۲]

۳ ''عزیزم جاوید اقبال مظہری سلمہٗ کا رابطہ بڑا قوی ہے اور باطنی حالت بہت ہی اچھی ہے۔''[۳]

۴ ان کے باطنی احوال بہت ہی خوب ہیں، اور ظاہری اعمال سنت کے مطابق ہیں۔ بحمد للہ تعالیٰ انہوں نے جوانی میں وہ پالیا ہے جو بڑھاپے میں کم میسر آتا ہے— ان کی صحبت فیض سے خالی نہیں۔مولیٰ تعالیٰ ان کو ظاہری و باطنی ترقیوں سے سرفراز فرمائے۔اپنی اور اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں استغراق اور دین و مسلک کی خدمت میں استقامت عطا فرمائے۔آمین![۴]

## علماء و مشائخ کی نظر میں:

| نمبر شمار | اسمائے گرامی | از |
|---|---|---|
| ۱ | شاہ ابوالحسن زید فاروقی | دہلی |
| ۲ | سید حسام القیوم | بھلیر، شیخوپورہ |
| ۳ | پروفیسر ڈاکٹر سلطان علی | کوئٹہ |
| ۴ | مولانا عاشق حسین چشتی | جھنگ |
| ۵ | مفتی عبدالقیوم ہزاروی | لاہور |

۱۔مکتوب بنام محمد عبدالستار طاہر محررہ ۱۳؍رمضان المبارک ۱۴۲۴ھ

۲۔مکتوب بنام صوفی غلام سرور نقشبندی، لاہور محررہ ۲؍اگست ۲۰۰۳ء

۳۔مکتوب بنام پروفیسر قاری محمد رفیق مسعودی، لاہور، محررہ ۲۵؍مئی ۱۹۹۹ء

۴۔تعارف مؤلف ''ملفوظات مظہری'' مطبوعہ کراچی ۱۹۹۰ء

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | صاحبزادہ عزیز محمود الازہری | حیدر آباد، سندھ |
| ۷ | صوفی غلام سرور نقشبندی | لاہور |
| ۸ | صوفی غلام قادر عابد معصومی | تحصیل کروڑ لعل عیسن، لیہ |
| ۹ | پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں | حیدر آباد سندھ |
| ۱۰ | پیر محمد اشرف مجددی | لاہور |
| ۱۱ | خواجہ محمد صادق | اگہار، کوٹلی آزاد کشمیر |
| ۱۲ | شیخ الحدیث محمد عبدالحکیم شرف قادری | لاہور |
| ۱۳ | ابوالخیر خواجہ محمد عبداللہ جان | مرشد آباد، پشاور |
| ۱۴ | شاہ محمد محمود الوری | حیدر آباد، سندھ |
| ۱۵ | سید محمد مختار اشرف الجیلانی | کچھوچھہ شریف |
| ۱۶ | مولانا محمد منشا تابش قصوری | لاہور |
| ۱۷ | مولانا نقیب الرحمٰن | راولپنڈی |
| ۱۸ | ڈاکٹر نور محمد ربانی | مدینہ منورہ |

## حضرت مولانا شاہ ابوالحسن زید فاروقی علیہ الرحمہ

ابن حضرت شاہ ابوالخیر مجددی علیہ الرحمہ

سجادہ نشین آستانہ عالیہ مرزا مظہر جانِ جاناں و درگاہ حضرت شاہ ابوالخیر، دہلی

(۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میاں جاوید اقبال سلمک اللہ تعالیٰ۔ السلام علیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

عاجز خیریت سے ہے۔ اپنے کام میں مصروف ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ہر وقت کرم ہو رہا ہے۔ عاجز بندہ شکر ادا کرنے سے قاصر ہے۔ تمہارا خط تمہارے چچا لائے۔ پڑھا۔

Marfat.com

العزیز جتنا تعلق ہوتا ہے، اسی مناسبت سے نسبت شریفہ اثر دکھاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ تم کو مزید توفیق اور اپنی محبت اور معرفت عنایت کرے۔

ایک نسخہ اسماء حسنٰی اور درود مبارک کا ارسال ہے۔ پڑھو۔ لطف اُٹھاؤ اور دعا کرو۔ والسلام

(مکتوب مورخہ ۲۳ را کتوبر ۱۹۸۱ء)

(۲)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

میاں جاوید اقبال۔ السلام علیک ورحمۃ اللہ۔

تمہارا اور تمہارے والد صاحب کا خط ملا تھا۔ اللہ تم سب کو خیریت سے رکھے اور اپنی محبت و معرفت عنایت کرے۔ اللہ تعالیٰ اپنے لطف وکرم سے میاں ڈاکٹر شاہد احمد کی مشکل آسان کرے۔ میں دعا کرتا ہوں۔

دیکھو تم اور تمہارے والد اللہ تعالیٰ کے پاک نام پڑھا کرو۔ ہر روز ایک بار پڑھ لیا کرو۔ برکت شامل حال رہے گی۔ اور خیر سے رہو گے۔

تم دونوں کے خط کافی دن پہلے آئے تھے اب یاد نہیں تم نے کیا لکھا تھا۔ اللہ کے فضل سے یہاں خیریت ہے۔ والسلام۔

(مکتوب مورخہ ۱۰ ر نومبر ۱۹۸۳ء)

## سید حسام القیوم

خلف سید محفوظ حسین نبیرہ حضرت سید صادق علی شاہ

(۱)

''آپ کی کتاب ''شمسِ معرفت'' ہم تک پہنچی جس میں قطب الزماں حضرت سید امام علی شاہ صاحب قدس سرہٗ العزیز کے حالات زندگی بہت خوبصورت انداز میں بیان کئے گئے ہیں، اس لئے ہم نے ارادہ کیا ہے کہ اس کتاب کو عوام الناس میں عام کیا جائے۔ اس مقصد کو پورا کرنے کیلئے ہمیں فی الفور ایک ہزار کاپی کی ضرورت ہے۔''

(مکتوب ستمبر ۱۹۹۵ء از بھلیر شریف ضلع شیخوپورہ، پنجاب)

Marfat.com

(۲)

''آپ کا مکتوب ملا۔حالات سے آگاہی ہوئی۔آپ نے جو اشاعت کا سلسلہ کیا ہے،قابل تحسین ہے۔خصوصاً مجدد صاحب کی تعلیمات کی اشاعت کی اس دور میں از حد ضرورت ہے۔آپ کو''احسن تقویم'' سے جو اقتباس بھیجا ہے اس اقتباس کو''شمس معرفت'' میں شامل فرمائیں تو بہت ہی بہتر ہوگا۔قیوم العالم سیدنا امام علی شاہ علیہ الرحمہ کے متعلق ایک شعر ہے اس کو''شمسِ معرفت'' کے صفحہ اول کے اوپر تحریر فرمائیں:

نیّر آفتاب لم یزلی          خواجہ خواجگان امام علی

(مکتوب مورخہ ۹راپریل ۱۹۹۶ء از بھلیر ضلع شیخوپورہ)

## پروفیسر ڈاکٹر سلطان علی

نبیرہ حضرت سلطان باہو، کوئٹہ

آپ نے بڑی مہربانی فرمائی کہ اپنی گرانقدر تالیف ''نزہت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم'' سے نوازا۔کتاب میں قرآنِ حکیم کی محکم آیہ کریمہ سے آنحضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوصاف وشمائل کو ترتیب کے ساتھ جمع فرمایا اور پھر ہر صفت سے متعلق عاشقانِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پر تاثیر شعر شامل کر دیئے۔یہ کہنا حد درجہ درست ہوگا کہ آپ نے دریائے رحمت کے جواہر کو ایک معطر کوزے میں بند کر دیا۔جزاک اللہ،مبارک باشد۔یہ کاوش اشاعت اسلام کے لئے عمدہ قرآنی نصاب ہے۔جو محققین وطلباء کے لئے یکساں طور پر مفید ہے،اس کا پھیلانا اور عام کرنا کار ثواب ہے۔اس انداز میں ایسی تدوین بامختصر کتاب کی صورت میں پہلی بار سامنے آئی ہے۔

(مکتوب محررہ ۱۵رنومبر ۲۰۰۳ء، حق باہو ہاؤس، کوئٹہ)

## مولانا عاشق حسین چشتی

جامعہ غوثیہ مہریہ نوریہ، جھنگ

آپ کی نوازشوں اور محبتوں بھری تحریر کے ساتھ کتاب ''صلوٰۃ وسلام'' آج مورخہ ۶راپریل ۱۹۹۵ء کو دوپہر موصول ہوئی اس کتاب کا مطالعہ شروع کیا۔آپ کا مکتوب گرامی بھی

Marfat.com

دلنشین ہے اور کتاب میں عشقِ سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی جھلک نمایاں ہے۔ وہ مزید عشق سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جلا بخشتی ہے۔

اللہ تعالیٰ آپ کو مزید انتخاب ذوالجلال محسن کائنات حضور تاجدار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی لازوال عشق و محبت کی لازوال دولت سے مالا مال فرمائے۔ ان میں سے ہم فقیروں کو بھی قطرہ نصیب فرمائے۔" (آمین!)

(مکتوب محررہ ۶؍اپریل ۱۹۹۵ء)

مفتی اعظم پاکستان **حضرت مولانا مفتی محمد عبدالقیوم ہزاروی**

مؤسس دارالعلوم جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور/شیخوپورہ

"آپ کی عطا کردہ دونوں کتابیں لائبریری میں شامل کر دی گئی ہیں۔ دونوں کتب ظاہری اور باطنی حسن سے مرصع ہیں۔ چونکہ دونوں کا موضوع ایمان اور صاحب ایمان، مدار ایمان صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور اس سے عقیدت و محبت ہے۔ لہٰذا کتب کی مقبولیت میں کیا شک ہو سکتا ہے۔"

(مکتوب محررہ مورخہ ۱۱؍اگست ۲۰۰۳ء از لاہور)

**حضرت صاحبزادہ عُزیر محمود الازہری**

ابن صاحبزادہ ڈاکٹر ابوالخیر محمد زبیر، پرنسپل رکن الاسلام اورنٹیل کالج، حیدرآباد

"آپ کا خط اور کتابوں کا تحفہ ملا پڑھ کر بہت خوشی ہوئی اور دل سے دعا نکلی کہ اللہ تعالیٰ آپ کو مزید ترقی عطا فرمائے اور تبلیغ اسلام اور نشر و اشاعت کا سلسلہ اسی طرح جاری و ساری رہے۔" (آمین!)

(مکتوب محررہ ۹؍ستمبر ۲۰۰۳ء از حیدرآباد، سندھ)

**صوفی غلام سرور نقشبندی مجددی**

مجدد الف ثانی سوسائٹی، سمن آباد، لاہور

"آپ سے ملاقات کر کے روحانی تسکین ہوئی اور آپ کی تحریر و گفتگو میں آپ کے

Marfat.com

پیرومرشداور ہمارے محسن ومربی ومکرم حضرت علامہ مولانا پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب نقشبندی مجددی مظہری کی جھلک نظر آئی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے فضل عمیم سے آپ کے علم اور عمل میں مزید ترقی عطا فرمائے اور مسلک حقہ اہل سنت وجماعت بالخصوص تعلیمات حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد فاروقی سرہندی علیہ الرحمہ کی نشر واشاعت کی مزید توفیق عطا فرمائے۔"

(مکتوب محررہ ۲۳ر جولائی ۲۰۰۳ء، سمن آباد، لاہور)

۲

"محبت رسول اسلام کی اساس ہے۔ ایمان کامل کی دلیل ہے۔ اور جذبہ عشق رسول کی بنیاد ہے۔ اس کے بغیر کوئی عمل بارگاہِ رب العزت میں قابل قبول نہیں ہے۔ آپ کا رسالہ "نزہت مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم" پڑھا، آپ نے قرآن وسنت کی روشنی میں اوصاف رسول پر گراں مایہ مواد مہیا کیا ہے۔ اور محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اجاگر کرنے کی سعی فرمائی ہے۔"

(مکتوب محررہ ۸ر دسمبر ۲۰۰۳ء از سمن آباد، لاہور)

## حضرت صوفی غلام قادر عابد معصومی نقشبندی مجددی

(آستانہ عالیہ قصر معصوم، تحصیل کروڑ لعل عیسن، لیہ)

آپ کی کتاب "صلوٰۃ وسلام" موصول ہوئی۔ آپ کی اس مہربانی سے عاجز بہت ہی مشکور ہے، اور طالب دعا ہے۔ عاجز فقیر کا یہ محبوب مشغلہ ہے کہ آپ جیسی عظیم ہستیوں سے رابطہ خط وکتابت کرتا رہے شاید کہ کوئی لفظ مقبولیت کا باعث ہو اور احقر کا کام بن جائے۔

آپ صاحب شان وعرفان ہیں اور اپنے ہی سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے چمکتے ستارے ہیں۔

(مکتوب مورخہ ۷ر ستمبر ۱۹۹۳ء)

Marfat.com

## پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں

حیدرآباد، سندھ

سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے معروف شیخ طریقت

متعدد کتابوں کے مصنف و مؤلف

اور حضرت مسعودِ ملت کے اُستاذِ محترم

(۱)

حضرت مکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

گرامی نامہ ملا بڑی خوشی ہوئی۔

حضرت مفتی مظہر اللہ صاحب علیہ الرحمہ سے مجھے بہت عقیدت تھی۔اُن کے صاحبزادے ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب میرے شاگرد ہیں۔جن پر مجھے ناز ہے۔

سورۃ مُزّمّل شریف ۳ مرتبہ ہر صبح پڑھ کر دعاء فرمالیا کریں۔انشاء اللہ ہر طرح عزت وعافیت اور ترقی درجات حاصل ہوگی۔دوسرے وظائف کا مجھے علم نہیں۔

فقط والسلام۔

(مکتوب محررہ ۲۴ ستمبر)

(۲)

محترم ومکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

گرامی نامہ ملا۔بڑا کرم فرمایا کہ آپ وہاں فاتحہ پڑھنے کیلئے تشریف لے گئے۔

حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہٗ اور حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کے نام پاک کے آتے ہی آپ پر لرزہ طاری ہوگیا اور آنسو جاری ہوگئے،تو یہ آپ کی نسبتِ خاصہ کی دلیل ہے کہ آپ کو بھی اُن سے بہت تعلق ہے اور صاحبِ مزار کو بھی بہت تعلق ہے۔اللہ پاک آپ کے درجات خوب بلند فرمائے اور سب بزرگوں کے صدقے میں آپ کا اور ہم سب کا خاتمہ بالخیر ہو اور آخرت میں اللہ پاک ہم سب کی شرم رکھ لے۔آمین ثم آمین!

فقط والسلام

(مکتوب محررہ ۹ اگست ۱۹۸۱ء)

Marfat.com

(۳)

محترم ومکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

گرامی نامہ ملا۔ حضرت شرف الدین یحییٰ منیری رحمۃ اللہ علیہ کے سلسلے میں مجھے تحقیق نہیں ہے۔ ''اخبار الاخیار'' کا قول غالباً صحیح ہوگا۔ وہ بہت تحقیق سے لکھتے ہیں۔

حضرت میر محمد نعمان رحمۃ اللہ علیہ نے سلوک پر ایک رسالہ لکھا تھا۔ مختصر ہے۔ کبھی میں نے شائع کیا تھا۔ اُن کے حالات پر میں نے کوئی کتاب نہیں لکھی۔

فقط والسلام

(مکتوب محررہ ۹ رفروری)

(۴)

محترم ومکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

گرامی نامہ ملا اور دو رسالے موصول ہوئے۔ بہت ممنون ہوں۔ جزاکم اللہ فی الدارین خیراً۔ اللہ تعالیٰ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے میں آپ کے درجات خوب خوب بلند فرمائے۔ اور محمد حیات خان صاحب کو صحت عاجلہ وکاملہ عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین! اپنے حضرت صاحب کو میرا اسلام مسنون عرض کردیں۔ بہت کمزور ہوگیا ہوں۔ گھٹنے میں تکلیف ہے۔ دعاء کی درخواست ہے۔

فقط والسلام۔

(مکتوب محررہ ۱۱ر رمضان المبارک)

(۵)

محترم ومکرم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

اللہ پاک آپ کے درجات خوب بلند فرمائے۔ آمین! فاروقیت کے متعلق آپ نے فرمایا ہے۔ ظاہر ہے کہ حق وباطل کے درمیان فاروقیت کی ضرورت ہے کہ باطل جب تک الگ نہ کیا جائے۔ ایک مجدد کس طرح مجدد بن سکتا ہے۔

Marfat.com

جس رسالے سے متعلق آپ نے دریافت فرمایا؟ (مکتوبات شریف جلد اوّل مکتوب ۵۔۱۶) وہ کوئی رسالہ تھا جو شاید اب ناپید ہے۔ ''مبداء و معاد'' نہیں ہے۔

فقط والسلام

(مکتوب مورخہ ۹ ر ستمبر ۱۹۸۵ء)

(۶)

**باسمہٖ حامدًا و مصلیاً**

عزیز محترم و مکرم ولہ محبکم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہٗ

ابھی گرامی نامہ ملا اور کتابچے موصول ہوئے۔ بہت ممنون ہوں۔ جزاکم اللّٰہ فی الدارین احسن الجزاء۔

مولانا محمد سعید احمد صاحب کے انتقال کی خبر سے بڑا قلق ہوا۔ اناللّٰہ و انا الیہ راجعون اللہ تعالیٰ ان کے درجات خوب خوب بلند فرمائے اور سب عزیزوں کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین! اُن کیلئے ایصالِ ثواب کر رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین ثم آمین! مولانا مسعود احمد صاحب کی خدمت میں میرا اسلام اور تعزیت عرض کر دیں۔ میں بیمار ہوں۔ خط مشکل سے لکھ رہا ہوں۔ آپ کھانے میں احتیاط رکھیں۔ بالکل اُبلا ہوا کھانا کھایا کریں اور شہد ۲ر۳ مرتبہ روز (پانی میں گھول کر) پیا کریں۔ اللہ تعالیٰ شفائے کامل عطا فرمائے۔ آمین

فقط والسلام

احقر

پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں

(مکتوب محررہ ۶ ر مارچ ۱۹۹۶ء)

Marfat.com

## پیر محمد اشرف مجددی

لاہور گلبرگ

آپ کا خط پڑھ کر دلی مسرت ہوئی۔آپ کے بھیجے ہوئے تحائف کتب بھی ملے، جس کا فقیر آپ کا بے حد مشکور ہے۔اتفاق سمجھیں یا دلی مراد جانیں مجھے انہی کتب کی بے حد ضرورت تھی،آپ نے اپنے خط میں فقیر کو بہت بلند مرتبہ دیا ہے، حالانکہ میں اللہ کا بہت گناہگار بندہ ہوں۔آپ ہمیشہ ہمیشہ میری دعاؤں میں شریک ہوتے ہیں۔میری طرف سے جناب پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب مدظلہ العالی کو بہت بہت سلام کہیے گا۔

(مکتوب محررہ ۴ر ستمبر ۱۹۸۹ء از لاہور کینٹ)

## ولی عصر حضرت خواجہ محمد صادق نقشبندی مجددی

یاد آوری کا شکریہ۔مکتوب کے ساتھ چند کتابچے بھی ملے آپ نے عاجز پر نیک گمان کر کے یاد کیا۔اللہ تعالیٰ اجر دے۔بندہ دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کو دین کی خدمت کے لئے پسند فرمائے۔نیکی اور خیر کے کاموں میں مصروف رکھے۔

(مکتوب مورخہ ۲۷ر ستمبر ۲۰۰۳ء جامع مسجد شریف الفردوس، اگہار کوٹلی، آزاد کشمیر)

## حضرت علامہ محمد عبد الحکیم شرف قادری

شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور

①

''اس سے پہلے ''ملفوظات مظہری'' کے تین نسخے موصول ہوئے تھے، کتاب کیا ہے حسنِ صوری و معنوی کا مرقع ہے۔فقیر اس نوازش پر شکر گزار ہے۔''

(مکتوب مورخہ ۱۳ر جولائی ۱۹۹۱ء)

②

گزشتہ دنوں آپ جامعہ تشریف لائے لیکن فقیر ملاقات سے محروم رہا، اس کا افسوس ہے مولائے کریم پھر کوئی سبیل پیدا فرمائے گا۔بعد ازاں ''سوئے جاناں'' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ۲۵ نسخے جناب ملک لیاقت علی مسعودی کی معرفت موصول ہوئے، کرم فرمائی کا شکریہ!

Marfat.com

ماشاء اللہ بہت عمدہ کوشش ہے، زبان و بیان میں بھی پروفیسر صاحب مدظلہ العالی کا رنگ ہے۔ اللہ تعالیٰ شرف قبولیت عطا فرمائے۔

(مکتوب مورخہ یکم جون ۱۹۹۳ء از لاہور)

(۳)

آپ کے ارسال کردہ رسائل موصول ہوئے، الحمد للہ آپ کی لگن، محنت، نفاست اور شائستگی دیکھ کر مسرت ہوتی ہے۔

سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں جب کوئی ایمانی نظر سے غور کرتا ہے تو اس کے سامنے عظمتوں اور رفعتوں کے دروازے کھلتے چلے جاتے ہیں۔

آپ نے ''معارف صاحبکم'' میں تاجدار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک وصف پر غور کیا تو اس میں پوشیدہ اسرار و رموز ایک کے بعد ایک کھلتے چلے گئے اور آپ نے انہیں ایک مقالہ میں قلمبند کر کے شائع کر دیا ـــــ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے اور آپ کی کوششوں کو شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین!''

(مکتوب محررہ ۱۴؍ جولائی ۲۰۰۳ء)

(۴)

آپ کا خیال درست معلوم ہوتا ہے کہ سلسلہ چشتیہ کے معمولات کے سلسلہ میں ''سیر الاولیاء'' اور ''فوائد الفواد'' پر اعتماد کرنا چاہیے۔

بہتر یہ ہے کہ ''الوظیفۃ الکریمہ'' از امام احمد رضا بریلوی کا مطالعہ کریں۔ فقیر آپ کو سلسلہ قادریہ شریفہ کے معمولات کی اجازت دیتا ہے جس طرح فقیر کو حضرت مولانا ریحان رضا خاں بریلوی اور دیگر مشائخ نے اجازت عطا فرمائی۔

(مکتوب محررہ ۱۱؍ اگست ۲۰۰۳ء از لاہور)

(۵)

آپ کا طویل مکتوب موصول ہوا، آپ خوش قسمت ہیں کہ اولیاء کرام بلکہ خود سرکارِ

Marfat.com

دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دیدار سے شادکام ہوئے ہیں۔

(مکتوب محررہ ۶؍رجب المرجب ۱۴۲۴ھ از لاہور)

(۶)

''آپ کا رسالہ ''نزہتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم'' موصول ہوا تھا ـــــ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں آپ نے بڑا اچھا ارمغانِ عقیدت پیش کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے قبول فرمائے اور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بھی پسند فرمائیں۔

(مکتوب مورخہ ۲۲؍دسمبر ۲۰۰۳ء از لاہور)

## پیرطریقت خواجہ ابوالخیر محمد عبداللہ جان مجددی

سجادہ نشین دربار عالیہ مرشد آباد شریف پشاور

(۱)

حضرت مولانا ڈاکٹر محمد سعید احمد صاحب علیہ الرحمہ کی وفات حسرت آیات کے بارے میں پڑھ کر بہت افسوس ہوا۔ قبلہ حضرت صاحب مدظلہ العالی نے حضرت مرحوم کے حق میں خصوصی دعائے مغفرت فرمائی اور جمعۃ المبارک کو بعد از نماز جمعہ حضرت مرحوم کی روح پُرفتوح کو ایصالِ ثواب کیلئے خصوصی مجلس ذکر وفکر ہوئی۔[۱]

(مکتوب مورخہ ۳۱؍مارچ ۱۹۹۶ء پشاور صوبہ سرحد)

(۲)

قبلہ حضرت صاحب مدظلہ العالی کی خدمت اقدس میں آپ کی طرف سے نیا تحفہ ''حسنِ خلق'' مع گرامی نامہ پیش کیا۔ بہت خوش ہوئے اور خصوصی دعا فرمائی۔

(مکتوب مورخہ ۲۵؍مئی ۱۹۹۶ء پشاور صوبہ سرحد)

۱۔ نوٹ:۔ حضرت کے خلیفہ صوفی اسرائیل الخیری نے جواب تحریر فرمایا کیونکہ حضرت کے سارے مکتوبات کے جواب وہی دیتے ہیں۔

Marfat.com

## حضرت شاہ محمد محمود الوری قدس سرہ'

(حضرت صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر کے قلم سے)

آپ کے سفر ہندوستان کے متعلق حضرت قبلہ سے دریافت کرلیا ہے، آپ کی رائے گرامی اور ہدایت یہ ہے کہ اگر وہاں کی فضا پرسکون ہو، اور سیاسی حالات درست ہوں تو آپ ضرور تشریف لے جائیں اور وہاں بزرگانِ دین کے مزارات سے ضرور فیض یاب ہوں۔ ورنہ اگر وہاں حالات مخدوش ہوں تو قرآن کے ارشاد کے مطابق اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالیں''

(مکتوب مورخہ ۴/اکتوبر ۱۹۸۲ء از حیدر آباد، سندھ)

## حضرت سید محمد مختار اشرف الجیلانی علیہ الرحمہ

اولادِ امجاد حضرت غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سجادہ نشین آستانہ عالیہ اشرفیہ، کچھوچھہ شریف، ضلع فیض آباد بھارت

محبی مخلصی   زید حبکم   سلام مسنون!

محبت نامہ پہنچا۔ آپ کی یاد تازہ ہوگئی۔ یہ آپ کی انتہائی عقیدت ومحبت ہے کہ فقیر کو یاد کرلیا۔ آستانہ اشرفیہ پر دعا گو ہوں کہ مالک ومولیٰ آپ کے مقاصد کو پورے فرمائے اور دشمنوں کے شر سے محفوظ فرمائے (آمین) دشمن اگر قوی تو نگہباں قوی تر است۔ گھبرانے کی بات نہیں ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ باعزت رہیں گے۔ بشرطیکہ ایمان کامل ہو۔ تمام عزیزان سلسلہ وپرسانِ حال کو سلام مسنون۔

نوٹ:۔ اس وقت مرادآباد و مختلف مقامات کا پروگرام ہے۔ آخر شعبان تک گھر واپسی ہوگی۔

(مکتوب محررہ ۲۵/جون ۱۹۷۵ء)

Marfat.com

## مولانا محمد منشا تابش قصوری

ناظم شعبۂ فارسی، جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور

(۱)

آپ کی محبت بھری شخصیت نے مجھے خاصا متاثر کیا، پھر قلم کی جولانیاں دیکھیں۔ ہر ایک کتاب اپنے موضوع پر خوب اور محبوب ہے۔

''معارف صاحب کم'' تو اپنی نوعیت میں منفرد و ممتاز ہے۔ بڑے ایمان افروز پیرائے میں اوصاف و کمالات مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نئی جہت سے متعارف کرایا گیا ہے۔ یہ انداز نہایت دلکش، دلپذیر اور اچھوتا ہے۔ راقم اس سے استفادہ کرے گا۔ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔

(مکتوب محررہ ۱۳؍اگست ۲۰۰۳ء از لاہور)

(۲)

نہایت خوبصورت رسالہ ''نزہتِ مصطفےٰ'' صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نظر نواز ہوا۔ صوری و معنوی خوبیوں سے مرصع، اختصار کے باوجود پیار سے بھرپور ہے۔ جمالیات و کمالیات مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خلاصہ نظم و نثر سے معمور اور کلمات طیبات سے قاری مسرور ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ عقیدت و محبت کا یہ نذرانہ یقیناً آپ کے عشق کا مظہر ہے۔ جسے جاودانی قبولیت میسر ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ!

(مکتوب محررہ ۸؍نومبر ۲۰۰۳ء از لاہور)

## مولانا نقیب الرحمن

عیدگاہ شریف، راولپنڈی

''جہانِ امام ربانی'' مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کے عظیم منصوبے کے لئے جس طرح آپ رات دن محبت و عقیدت اور محنت سے کام کر رہے ہیں۔ اللہ کریم آپ کو نمایاں کامیابی سے ہمکنار فرمائے۔ آمین!

(مکتوب محررہ یکم جولائی ۲۰۰۳ء راولپنڈی)

Marfat.com

## ڈاکٹر نور محمد ربانی علیہ الرحمہ، مدینہ منورہ

(۱)

''آپ کا ارسال کردہ گرامی نامہ موصول ہوا، دلی خوشی کا باعث ہوا۔ آپ نے جو شیروانیاں مدینہ منورہ بھیجی تھیں۔ ان کا پتہ مجھے ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب نے بھیجا تھا۔ میں نے ان کو فون کرکے بلا لیا۔ وہ تشریف لائے اور شیروانیاں گھر تک پہنچا دیں۔ آپ نے جو نئی شیروانی سلا کر بھیجی ہے۔ بمع صدری کے وہ شیروانی آج میں نے جمعہ کے روز پہنی ہے اور اسی کے ساتھ میں حرم شریف میں نماز کے لئے گیا۔ سلائی بالکل صحیح ہے۔ میں آپ کیلئے دعا کرتا ہوں۔ اس کرم کے لئے اللہ تعالیٰ آپ کو فلاح دارین عطا فرمائے اور آپ کا صلوٰۃ وسلام حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں پیش کرتا ہوں۔''

(مورخہ ۴رذی القعدہ ۱۴۱۴ھ۔ مدینہ منورہ)

(۲)

''ہم آپ کی کتاب معارف درود (درود مظہری) کی کامیابی اور اس کے مقبول عام ہونے کیلئے بارگاہِ رسالت میں دعا کرتے ہیں۔

عشاء کے فرضوں سے پہلے جو دو رکعت نفل پڑھنے کی ہدایت کی تھی تو اس میں پہلے رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ والضحیٰ اور دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ الم نشرح پڑھیں۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس نماز کی تعلیم فرماتے ہوئے فرمایا کہ:

''اگر تم اس طرح سے نماز پڑھو گے تو کبھی مجھ سے جدا نہ ہو گے۔''

(مکتوب محررہ ۱۰رمحرم الحرام ۱۴۱۵ھ)

(۳)

جناب محترم ایچ آر خاں کے بدست جناب کا ارسال کردہ نوازش نامہ موصول ہوا۔ باعث خوشنودی قلب عاجز ہوا۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کے غلاموں کے صدقے آپ کے

Marfat.com

درجات بلند فرمائے آمین! آپ کی کتاب ''دل کی ٹھنڈک'' صرف دیکھ کر ہی آنکھوں کو راحت نصیب ہوئی۔ پھر انتساب پڑھ کر راحت قلب جان میسر ہوا۔ آپ نے جن اصحاب و اصحابہ رضی اللہ عنہم و عنہما اور بزرگانِ دین، حضرت دباغ، امام غزالی، الخ کے حوالے سے درود کی فضیلت اور اہمیت جس انداز سے بیان کی ہے وہ دل کو موہ لینے والی ہے اور صاحب عقل و خرد کو اس سے استفادہ ہونا چاہیے آپ نے اہم درودوں کو جمع کر کے درود خوانوں پر بڑا احسان کیا ہے۔''

(مکتوب محررہ ۱۹۹۴ء از مدینہ منورہ)

## برادرانِ طریقت کی نظر میں

### محمد عبدالسمیع مظہری علیہ الرحمہ

برادر محترم حضرت شیخ نور اللہ مرقدہٗ (مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ) نے جو بھی باتیں و ارشادات عالیہ صبر و شکر، تسلیم و رضا کے متعلق تحریر فرمائے تھے اس کا پورا عکس آپ کے نامہ میں مرقوم ہے۔ رابطہ پیر کے متعلق جو بھی آپ نے تحریر فرمایا ہے وہ حضرت مرشد کے ایک صاحبزادے نے بھی تحریر فرمایا تھا ـــــ اللہ کا شکر ہے کہ آپ کو حضور سے بہت فیضان حاصل ہوا اور آپ پر اُن کی نظر کرم ہے۔ خانقاہ مسعودیہ مظہریہ کراچی میں کس جگہ ہے، مطلع فرمائیں۔

(مکتوب مورخہ ۲۳؍شوال المکرم ۱۴۱۰ھ، از کراچی) [1]

### نوید عظمت

چکلالہ، راولپنڈی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علٰی رسولہ الکریم

نور دیدۂ محبت و مروت مولانا جاوید اقبال مظہری صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ!

اللہ تعالیٰ دونوں جہان میں آپ کا بھلا کرے۔ آمین!

جناب کی جانب سے ارسال کردہ تحفۂ کتب بمعہ عنایت نامہ مورخہ ۶؍اگست ۱۹۹۳ء

---

[1] موصوف کا پورا کنبہ حضرت قبلہ مسعود ملت سے بیعت ہے۔

Marfat.com

کوموصول ہوا۔ یادآوری کا شکریہ۔ خط پڑھنے کے بعد جوخوشی ہوئی، اُس کیلئے کیا عرض کروں؟ کافی غوروخوض کے باوجود ابھی تک کوئی ایسا لفظ نہیں مل سکا جو جواب میں لکھوں، ارسال کردہ خط کو نہ جانے کتنی دفعہ پڑھ چکا ہوں، صاحب آپ کے یہ الفاظ:

''خط حضرت صاحب قبلہ کو دکھایا، حضرت قبلہ نے مُسرت کا اظہار فرمایا اور دعا سے نوازا۔ آپ کسی قسم کا بار اپنے دل پر نہ لیں۔ احقر آپ کو پہلے ہی معاف کر چکا ہے اور ایک مرتبہ پھر آپ کو دل سے معاف کرتا ہے۔ حضرت صاحب قبلہ کا دل آپ کی طرف سے صاف ہے۔ مولیٰ تعالیٰ آپ کو خوش وخرم رکھے اور خوب خوب نوازے۔''

صاحب یقین جانیں یہ الفاظ میری روح کی گہرائیوں تک اُتر گئے۔ ہر چند کئی دن گزرے، جب بھی خیال آتا ہے ہر بار اک نئی لذت محسوس ہوتی ہے۔ اب تو کچھ معمول سا ہو گیا ہے۔ کاش، ایسی کیفیت لفظوں میں بیان ہو سکتی۔ بھلا ایسا کب ہو سکتا ہے؟

جناب نے جو عظیم احسان میری ذات پر فرمایا اُس کیلئے ساری عمر ممنون رہوں گا۔ ارسال کردہ کتابیں میرے لئے عظیم تحفہ ہیں۔ میری ۲۹ رسال گزری زندگی میں کسی نے اتنی محبت سے نہ نوازا جتنا کرم سرکار نے فرمایا۔ عالی جاہ! دُعا گو ہوں اللہ تعالیٰ اجر کثیر دے۔ آمین! واضح رہے صرف ڈاک ٹکٹ ہی ارسال فرمائے گئے تھے۔ منی آرڈر ارسال نہیں کیا گیا۔

میرے اُستادِ محترم جناب شفیق الرحمٰن قادری صاحب مدظلہ حضرت قبلہ مسعود صاحب کی کتاب (جو آپ نے ارسال فرمائی) کے ہمراہ تشریف لائے، آنکھیں بھیگی ہوئی تھیں، کچھ کہنا چاہتے تھے مگر الفاظ ساتھ نہیں دے رہے تھے۔ بڑی مشکل سے کہا: ''جانِ جاناں'' کیلئے میرے جذبات سے مظہری صاحب کو آگاہ کر دیجئے گا۔ بڑی مشکل سے فرمانے لگے:

''پروفیسر صاحب دور حاضر میں السواد الاعظم اہل سنت و جماعت کے برسرِ پیکار لشکر جرار کے ہراول دستوں میں ہیں۔ حضرت صاحب قبلہ کی شب و روز کی محنت شاقہ نے اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی کے نظریات پر نصف صدی سے پڑی گرد کو دھو ڈالا ہے۔ اعلیٰ حضرت بریلوی کو روشناس کرانے کیلئے ڈاکٹر صاحب کی خدمات کبھی فراموش نہیں کی جا سکتیں۔ زبان وادب کا بڑا ستھرا ذوق رکھتے ہیں اور اپنے انداز تحریر و اسلوب

Marfat.com

نگارش کے تو وہ خود ہی موجد ہیں۔ تحقیقی مواد تاریخی و سوانحی مضامین اس قدر دلچسپ، شیریں اور ذوق افزا بنا کے پیش کرتے ہیں کہ ذوق عش عش کر اٹھتا ہے۔ اور وجدان جھوم جھوم جاتا ہے۔ اور قاری پورے مضمون کو ختم کیے بغیر کنارہ کش نہیں ہوتا۔ قدرت نے حلاوت بیان کی جو دولت آپ کو عطا فرمائی شاید ہی''

......مندرجہ بالا الفاظ کوئی بار عرض کرتے رہے۔

حضرت صاحب قبلہ نے ''جانِ جاناں'' میں، سمندر تحقیق و تجدید کی عمیق گہرائیوں میں غوطہ زن ہو کر جو نادر موتی کتاب میں پروئے ہیں، وہ اپنی نظیر نہیں رکھتے۔ ان کے قلم سے حق کے ماسوا کچھ نہیں ٹپکتا۔ اللہ عزوجل اپنے پیارے محبوب کی زلفوں کے صدقے پروفیسر صاحب کے علم و فضل خصوصاً عمر میں اضافہ فرمائے، حضرت صاحب قبلہ کو فقیر کی باقی زندگی مل جائے اور آپ کا سایہ رحمت عوام اہل سنت پر قائم و دائم رہے۔ آمین ثم آمین!

اُستاد محترم کی گزارش ہے کہ ''جانِ جاناں'' بذریعہ وی پی چار عدد ارسال فرمائیں۔ تاکہ عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اپنے دوستوں کو تحفہ ارسال کر سکوں۔ خیال رہے عید میلاد سے پہلے چاروں کتب موصول ہو جائیں۔ اگر ایسا ممکن نہ ہو تو اطلاع ضرور دیجئے گا۔ اگر پنڈی اسلام آباد میں جناب سید پیرزادہ محمد طاہر مظہری صاحب کے ہاں دستیاب ہوں تو انہیں فون پر ضرور اطلاع دیجئے گا۔

عالی جاہ! حضرت صاحب قبلہ کی خدمت میں قدم بوسی عرض کیجئے گا۔ انشاء اللہ ملاقات ضرور ہوگی۔ آپ آئے مگر شاید قسمت میں ایسا ممکن نہ تھا۔ دُعاؤں میں ضرور یاد فرمائیں نوازش ہوگی۔

تو غنی از ہر دو عالم من فقیر
روزِ محشر عُذر ہائے من پذیر
در حسابم را تُو بینی ناگزیر
از نگاہِ مصطفےٰ پنہاں بگیر (اقبال)

طالب دُعا
احقر: نوید

Marfat.com

## عوام اہل سنت کی نظر میں

### حاجی محمد نواز۔ شورکوٹ ضلع جھنگ

آپ کی عنایت کردہ کتاب مل گئی۔ اتنی اچھی کتاب لکھنے پر میں آپ کو مبارک باد دیتا ہوں، جو کہ میں نے اسی دن یعنی اتوار کو ایک ہی نشست میں پڑھ لی۔ اللہ تعالیٰ آپ کے علم اور عمل میں اور زیادہ برکت دے۔

میرے آقائے نعمت حضرت ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب کی مولائے کریم عمر میں برکت دے جس طرح آپ مجھ جیسے کم علم عمل کی اپنی تصانیف سے رہنمائی کر رہے ہیں اور مریدین کی تربیت کر رہے ہیں یہ اللہ تعالیٰ کی دین ہے، کیونکہ ۱۴ر ذیقعد کو میں آپ کی زیارت کر کے واپس جب کراچی سے شورکوٹ روانہ ہوا تو بار بار دل اس طرف مائل ہو رہا تھا کہ واقعی آپ پندرہویں صدی کے مجدد ہیں۔

(مکتوب محررہ ۳ر جون ۱۹۹۲ء از شورکوٹ، جھنگ)

## مرید طریقت کی نظر میں

### مسرت جہاں مظہری

۷۸۶

بخدمت جناب عزت مآب حضرت پیر و مرشد صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

خدائے بزرگ و برتر کی بے پناہ حمد و ثنا اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کروڑوں درود و سلام کے بعد عرض خدمت ہے کہ ہم تمام لوگ بفضل تعالیٰ خیریت سے ہیں اور دادا پیر صاحب کے فیض سے مالا مال ہو رہے ہیں۔ اللہ کریم ہم پر دادا پیر قدس سرہ العزیز کی نظر اسی طرح قائم رکھیں۔ آمین! اور ان کے فیض سے فیض یاب ہوتے رہیں۔

محترم پیر صاحب آپ کی دعاؤں سے ہم نے اپنی چھوٹی بہن کا نکاح ۲۸ر جون کو کر دیا ہے اللہ تعالیٰ انہیں اپنے گھر میں خوش رکھے۔ آمین! بہن بہت خوش ہے لوگ بھی ابھی تک تو

Marfat.com

اچھے ہیں اور شوہر بھی۔ شوہر کافی محنتی بندہ ہے دو جگہ کام کرتا ہے اور واٹر بورڈ میں الگ کام کرتا ہے۔ امید تو بہت نظر آتی ہے کہ وہ لوگ نبھا دیں گے آگے اللہ مالک ہے۔ آپ بھی ہماری بہن کے لیے دعا فرمائیں۔

امی جان کی طبیعت پہلے سے بہتر ہے بس پسلیوں کے پاس اور پیروں میں جو تکلیف ہے وہ ابھی ختم نہیں ہوئی۔ جس کی وجہ سے امی چلنے پھرنے سے قاصر ہیں۔ آپ دعا فرمائیں کہ اللہ پاک امی کی تکلیف کا خاتمہ فرمائے اور انہیں صحت عطا فرمائے۔ آمین!

محترم مرشد یہ کام کرنے سے کچھ رشتہ دار طرح طرح کی باتیں کر رہے ہیں، کوئی بھی بے بنیاد بات کو پکڑ کر کچھ نہ کچھ کہہ دیتے ہیں۔ بہن کے معاملے میں پہلے جو لوگ شامل تھے بھائی صاحب نے انہیں نکاح میں شامل نہیں کیا اور نکاح بھی دس پندرہ افراد کے درمیان سادگی سے ہوا جیسا کہ آپ کا حکم تھا۔ جن لوگوں کو شامل نہیں کیا وہی باتیں بنا رہے ہیں۔ ہمیں تو اس بات پر فخر رہا ہے کہ ہماری ایک ایسی بہن جو صحیح طور پر بول بھی نہیں سکتی اس کا رشتہ ایک جگہ ہو کر ختم ہونا اور دوسری جگہ فوری طور پر ہو جانا کسی معجزے سے کم نہیں ہے۔ یہ سب کرم تو اسی سلسلہ کا ہے جس سے ہم وابستہ ہیں۔ ورنہ آج کل اچھی اچھی لڑکیاں گھروں میں موجود ہیں اور والدین اچھے رشتہ کے انتظار میں ہیں۔ اللہ پاک ہماری بہن کو بھی عقل عطا فرمائیں اور اپنا گھر بنا سکے۔ آمین!

محترم پیر صاحب! بھائی صاحب نے ہمارے بارے میں کچھ نہ کچھ تو ذکر کیا ہوگا۔ جو پروپوزل آیا ہے۔ ان لوگوں کے کہنے کے مطابق بہت اچھے لوگ ہیں۔ جو بھی ہیں بہر حال ہماری خواہش ہے کہ آپ اس پر غور کریں کہ ہمارے لیے کیا بہتر ہوگا۔ ہم چاہتے ہیں کہ جو فیصلہ ہو وہ آپ کی جانب سے ہو۔ ہم نے ہمیشہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد دادا پیر صاحب کے طفیل مانگا ہے۔ چاہے وہ ہمارے لیے اچھا ہو یا برا۔ بہت سے لوگوں نے امی سے کہا کہ آپ کی لڑکی پر بندش ہے آپ فلاں جگہ جائیں یا فلاں وظیفہ پڑھیں۔ مگر ہم نے الحمد للہ جب بھی کہا یہی کہا کہ ملے گا تو ہمارے دادا پیر صاحب کے طفیل ملے گا ہم کہیں نہیں جائیں گے اور نہ ہی کسی کا دیا ہوا وظیفہ پڑھیں گے۔ ہاں اگر ہمارے مرشد صاحب کہیں گے یا وہ کوئی وظیفہ دیں گے تو ہم کرلیں ورنہ نہیں۔ جب ہمارے سر پر بادشاہوں کا ہاتھ ہے تو ہم

Marfat.com

فقیروں کے پاس کیوں جائیں۔ خیر اللہ تعالیٰ نے ہم پر بڑا کرم کیا اور بہت سی مشکلات کو دور کر دیا ہے۔ انشاء اللہ آگے بھی اللہ تعالیٰ بہتر کرے گا۔ آمین!

آج عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محفل ہے۔ نیت تو ہے کہ شرکت کریں باقی اللہ تعالیٰ کو منظور ہوا تو ضرور پہنچیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ!

دُعاؤں میں ہمیں یاد رکھیں ہماری جانب سے بھابھی صاحبہ کی خدمت میں قدم بوسی اور بچوں کو دعا پیار۔

عرضی گزار

مسرت جہاں مظہری

## دانشوروں کی نظرمیں:

| نمبر شمار | اسمائے گرامی | مقام ترسیل |
|---|---|---|
| ۱ | ارم رشید طاہر خیلی | پشاور |
| ۲ | ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری | کراچی |
| ۳ | ڈاکٹر رشید احمد خاں طاہر خیلی | پشاور |
| ۴ | سعدیہ راشد | کراچی |
| ۵ | سید شبیر حسین شاہ زاہد | اسلام آباد |
| ۶ | مسز صوفیہ دارا | کراچی |
| ۷ | پروفیسر ڈاکٹر ظفر سعید | کراچی |
| ۸ | حکیم عبدالحمید | دہلی |
| ۹ | پروفیسر عبدالرحمٰن قادری | میر پور خاص، سندھ |
| ۱۰ | پروفیسر فیاض احمد خاں کاوش | میر پور خاص، سندھ |
| ۱۱ | پروفیسر محسن احسان | پشاور |
| ۱۲ | بیگم ممتاز مرزا | دہلی |
| ۱۳ | محمد ایوب شاہد | کراچی |
| ۱۴ | حکیم محمد سعید | کراچی |
| ۱۵ | صوفی محمد عبدالستار طاہر | لاہور کینٹ |

Marfat.com

## محترمہ ارم رشید صاحبہ——ماہرتعلیم

صاحبزادی ڈاکٹر رشید احمد خاں طاہر خیلی

آپ کا خط اور کتابوں کا تحفہ موصول ہوا، جو کہ میں نے پڑھیں، اور اس بات کا احساس ہوا کہ ہمارے ملک میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں۔ آپ ہم کو اور بھی اچھی اچھی کتابیں لکھ کر بھیجیں تاکہ اس سے ہم بھی فائدہ اُٹھائیں اور دوسروں کو بھی فائدہ پہنچائیں۔ میں آپ کیلئے دعا کروں گی کہ اللہ تعالیٰ آپ کو اور ہمت دے تاکہ آپ علم کی خدمت کرسکیں۔

(مکتوب مورخہ محررہ ۱۶؍جولائی ۱۹۹۵ء از پشاور)

## ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری، کراچی

قابل مبارکباد ہیں محترم مولانا جاوید اقبال مظہری زیدعنایتہٗ کہ جنہوں نے صلوٰۃ وسلام اور قیام کے حوالے سے ایک مختصر و جامع رسالہ ترتیب دیا۔ اس رسالے کی مقبولیت کا اندازہ فقط اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ جونہی اس رسالہ کی ترتیب کا کام شروع ہوا۔ بارگاہِ رسالت مآب سے فاضل مرتب کیلئے حاضری کا اذن آگیا۔ پھر موصوف نے مدینہ طیبہ کی پُرکیف فضاؤں میں رحمت و نور کی برسات میں نہا کر واپسی میں رسالہ مکمل کر کے شائع کیا۔

اس رسالہ کی اصل محرک محترمہ صوفیہ دارا کے دل کی آواز تھی جو فاضل مرتب نے سنی اور پھر اسے رسالے کی صورت دوسروں تک پہنچانے کا اہتمام کیا۔

ربِ مصطفٰے (عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم) ان دونوں حضرات کے ساتھ ساتھ ہم سب مسلمانوں کو بھی دنیا کی طرح قبر و حشر میں بھی کھڑے ہوکر صلوٰۃ وسلام پیش کرنے کی سعادت نصیب فرمائے۔ آمین!

قبر میں ہو جب بسیرا　　آکہ چمکے نورتیرا
دور ہوجائے اندھیرا　　بھیج کہ نادم یہ تیرا
یا نبی　سلام　علیک　　(علیم)

(محررہ: ۲۰؍ذیقعد ۱۴۱۵ھ/۲۱؍اپریل ۱۹۹۵ء)

Marfat.com

## ڈاکٹر رشید احمد خاں طاہر خیلی

سابق شیخ الجامعہ پشاور یونیورسٹی

آپ کا اقبال بلند ہو، آپ کا ارسال کردہ پیکٹ آج صبح مجھے محسن احسان صاحب نے پہنچایا، میں آپ کا ازحد شکریہ ادا کرتا ہوں اور ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اور ارم رشید کو نیک تمناؤں اور دعاؤں سے یاد کیا، میں آپ کا ازحد ممنون ہوں۔

میں نے تعلیم علی گڑھ یونیورسٹی میں حاصل کی اور یہ زمانہ ۵۱۔۱۹۴۵ء کا تھا جب ہندوستان کی آزادی کیلئے کشمکش زوروں پر تھی جس میں بھرپور حصہ لیا۔ نوابزادہ لیاقت علی خان مرحوم و مغفور کا الیکشن ۱۹۴۶ء میں میں گاؤں گاؤں گھوما۔ میرے ساتھ اس مہم میں دس طلباء بھی شامل تھے۔ اب اس ملک اور قوم کی عنانِ آپ نوجوانوں کے ہاتھ ہے خدا آپ لوگوں کو ہمت دے کہ پاکستان کو پھولا پھلا دیکھ سکوں۔

(مکتوب محررہ مورخہ ۲۰ رمئی ۱۹۹۶ء، از پشاور)

## محترمہ سعدیہ راشد

صدر ہمدرد فاؤنڈیشن پاکستان [1]

(۱)

کتب ''معارف صاحبکم'' اور ''سرکار دو عالم اور خواتین'' ملیں۔ قیمتی دینی تحائف کیلئے میں تہہ دل سے آپ کی شکر گزار ہوں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ شہید پاکستان حکیم محمد سعید کے مکتوبات جمع کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ان کے خطوط یا خطوں کی فوٹو کاپی جو آپ کے پاس ہیں اگر آپ ارسال فرمادیں تو خوشی ہوگی۔ ہمدرد کی تاریخ مرتب کرنے اور شہید پاکستان کے کارناموں کو یکجا کرنے میں یہ خطوط معاون ہوں گے۔

(مکتوب محررہ ۱۶ ر مارچ ۲۰۰۳ء از کراچی)

(۲)

گرامی نامہ موصول ہوا۔ اس کے ساتھ آپ کی تازہ نگارش ''نزہت مصطفےٰ صلی اللہ

[1] حکیم محمد سعید کی صاحبزادی۔

Marfat.com

علیہ وآلہ وسلم'' بھی ملی۔اس ہدیۂ علمی کیلئے شکر گزار ہوں۔

آپ نے صحیح لکھا ہے کہ جتنا ہمارا ظاہر و باطن پاک و صاف ہوگا اتنی ہی زیادہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رفعتِ شان نظر آئے گی۔

(مکتوب محررہ ۱۳؍نومبر ۲۰۰۳ء از کراچی)

## سید شبیر حسین شاہ زاھد

ٹریننگ ڈائریکٹریٹ، نیول ہیڈ کوارٹر، اسلام آباد

۵؍مارچ ۱۹۹۰ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

گرامی محترم جناب جاوید اقبال مجددی مظہری صاحب

السلام علیکم

آپ کا ۳۱؍جنوری کا مرقومہ محبت نامہ مل گیا ہے۔جواب میں کچھ تاخیر ہوگئی ہے۔ معذرت خواہ ہوں۔امید ہے کہ آپ ہر طرح سے بخیر و سلامت ہوں گے اور علم و دین کی ترویج میں مصروف ہوں گے۔

آپ کو میرے نام سے شاعر ہونا لگا ہے جب کہ بقول میر امن: ''نہ میں شاعر نہ شاعر کا بھائی ہوں۔'' لکھنے کے میدان کا راہی ضرور ہوں۔مجھے امید واثق ہے کہ آپ کو صرف نظمیہ کلام سے ہی لگاؤ نہ ہوگا۔بلکہ نثریہ تحریر سے بھی پیار ہوگا۔بہر حال اگر آپ فرمائیں۔تو میں ''عقیدہ ختم نبوت'' پر بڑے سائز کا تمیں صفحات کا ایک مقالہ آپ کو بھجوار ہا ہوں کہ اس موضوع پر بندہ کا لکھنے کا اور مطالعہ کا پچھلے چھ سات سال کا تجربہ ہے۔ایک تو آپ کو میرے اندازِ تحریر سے تعارف ہو جائے گا اور دوسرا ''معیارِ تحقیق'' بھی آپ کے علم میں آجائے گا۔پھر مجھے امید ہے کہ اگر میری اس تحریر نے آپ کی نظر میں کوئی مقام پالیا۔تو اشاعت کے مراحل سے آپ گزار کر میری حوصلہ افزائی خود ہی فرمادیں۔اس سلسلے میں آپ کی بزرگانہ و مشفقانہ رائے کا منتظر ہوں۔

آپ یقیناً امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی احمد سرہندی علیہ الرحمہ سے نسبت کی وجہ

Marfat.com

سے مجددی ہیں اور حضرت مرزا مظہر جانِ جاناں رحمۃ اللہ علیہ یا حضرت شاہ محمد مظہر اللہ رحمہ اللہ علیہ کے توسط و فیض سے مظہری ہیں۔ امید ہے کہ آپ میری تائید یا تصحیح فرمائیں گے۔ اسی تعلق کے حوالے سے جو آپ کو امام ربانی مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ سے ہے۔ میں آپ سے تعاون کرنا چاہتا ہوں۔ اس لئے کہ آپ ابھی تک کے تعارف سے مجھے ایک علم دوست اور علم پرور شخصیت نظر آتے ہیں۔

مجددی صاحب اس وقت امام ربانی پر ایک تحقیقی مقالہ ''اتباعِ محمدی اور ختم نبوت تعلیمات امام ربانی'' زیر تکمیل ہے۔ فل اسکیپ کے بائیس صفحات لکھے جا چکے ہیں۔ گمان غالب ہے کہ تیس پینتیس صفحات تک ضخامت ہو جائے گی۔ جو کتابی سائز کے پچاس پچپن صفحات بنیں گے۔ میں نے اسلام آباد/ راولپنڈی کی متعدد لائبریریوں کی خاک چھانی۔ مگر مجھے امام ربانی علیہ الرحمہ کی صرف دو تصانیف دستیاب ہو سکی ہیں: ''مبداء و معاد اور معارف لدنیہ'' آپ کی ایک شاہکار تصنیف جو دراصل میرے موضوع سے متعلق ہے: ''اثبات النبوۃ'' کا عربی متن کافی تلاش و بسیار کے بعد لاہور کے ایک کرم فرمانے فوٹو اسٹیٹ کروا کے بھیجا ہے۔ حالات و تعلیمات مجدد کے متعلق بھی مجھے اگر چہ آٹھ دس کتابیں ملی ہیں لیکن پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب کی وقیع تصنیف مجھے کہیں سے نہیں مل سکی۔ اور مکتوبات کی تین جلدوں کے علاوہ بھی مجھے حضرت مجدد کی دوسری تصانیف نہیں مل سکی ہیں۔

آپ سے عرض یہ کرنا چاہتا ہوں کہ ''اثبات النبوۃ'' کا اردو ترجمہ اگر آپ ذرا جلدی سے کہیں سے ڈھونڈ کر مجھے بھجوا سکیں تو یہ میرے موجودہ مقالہ میں آپ کی طرف سے بزرگانہ معاونت ہوگی۔ باقی تصانیف کے سلسلے میں اگر آپ علم پروری کرتے ہوئے عنایۃً یا عاریۃً کوشش فرما سکیں۔ تو بندہ بہت ممنون ہوگا۔ آپ کا بھی اور حضرت مجدد کا بھی کہ جن کے توسط نے آپ کو میری معاونت کرنے پر ابھارا ہے۔ یاد رہے کہ ''حضرت مجدد اور حدیث نبوی سے استنباط'' کے موضوع پر میں ایک مستقل تصنیف کا ابتدائی خاکہ تیار کر چکا ہوں۔ درج بالا تین کتب کے علاوہ آپ علیہ الرحمہ کی تصانیف اس کتاب کی ترتیب میں میری بہت زیادہ معاون

Marfat.com

ثابت ہونگی۔اس سلسلے میں ''اثبات النبوۃ'' کے اردو ترجمہ کے ساتھ ساتھ آپ کی رائے کا انتظار کررہا ہوں۔

''جانِ جاناں'' کی پانچ جلدوں کی قیمت چند دنوں تک روانہ کردوں گا۔انشاء اللہ۔ اور آپ کے خط کا منتظر رہوں گا۔سلام اور آداب کے ساتھ اب اجازت چاہوں گا کہ فجر کی نماز کا وقت ہورہا ہے۔

ایک اور خط کی کاپی بھی منسلک کررہا ہوں ،اس سے آپ کو میرے عقائد ،نظریات اور پروگرام کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔

خدا حافظ

آپ کا مخلص

سید شبیر حسین شاہ زاہد (ایم۔اے)

## مسز صوفیہ دارا

کراچی پبلک سکول ،کراچی

محترم جاوید اقبال مظہری صاحب نے کتاب ''صلوٰۃ وسلام'' مجھ ناچیز کی فرمائش پر تحریر کی۔اس کتاب کو پڑھ کر قلب وذہن روشن ہوگئے اور ایک بات جو بہت عرصے سے وضاحت طلب تھی ،معلوم ہوگئی۔آپ نے جس کاوش سے یہ کتاب تحریر فرمائی ہے میں یہ کہنے میں حق بجانب ہوں کہ بلاشبہ آپ شمع رسالت کے جاں نثار پروانوں میں سے ایک ہیں۔اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ اللہ پاک سرکارِ مدینہ حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے طفیل محترم جاوید اقبال مظہری صاحب کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور مسلمانان عالم اس سے مستفیض ہوتے رہیں۔آمین!

سرفراز آفاق میں وہ رہنما مینار ہیں

روشنی سے جن کی ملاحوں کے بیڑے پار ہیں

(مسز صوفیہ دارا۔۱۸؍جنوری ۱۹۹۵ء)

Marfat.com

**پروفیسر ڈاکٹر ظفر سعید**

وائس چانسلر، جامعہ کراچی، کراچی

17th September, 2003

Dear Mazhari Sahib, السلام علیکم

I thankfully acknowledge the comlimentary copies of your following valuable publications which you kindly sent alongwith your letter dated 11.9.2003.

1 Ma'araf-e-Sahibukum
2 Qaseed-e-Mirajia
3. Sarkar-e-Do Aalam aur Khawateen

I appreciate your deep love and attention with our Prophet (P.B.U.H) and the valuable teachings of Islam.

I am sending these publications to our Central Dr.Muhammad Husain Library where the teaching faculty and the students will benefit from the booklets.

Yours sincerely

Prof.Dr.Zafar Saied Saify

**حکیم عبدالحمید**

برادرِ بزرگ حکیم محمد سعید

آپ کے ہمدردانہ جذبات اور تسلی بخش الفاظ نے رنج و غم اور صدمات سے پُر لمحات میں میری دلی و دماغی کیفیت کو بڑی حد تک سہارا دیا ہے۔ آپ جیسے مخلص احباب اس کشمکش اور رنج و غم کے لمحات میں تقویت پہنچانے کا اہم ذریعہ ہوتے ہیں۔ میں آپ کے مخلصانہ جذبات کے لئے شکر گزار ہوں۔"

(مکتوب محررہ ۲۹/اکتوبر ۱۹۹۸ء از دہلی)[۱]

۱۔ حکیم محمد سعید کی شہادت پر خط ارسال کیا تھا جس کا جواب مرحمت فرمایا۔

Marfat.com

## پروفیسرعبدالرحمن قادری

ضلعی ناظم اعلیٰ جماعت اہل سنت پاکستان میر پور خاص، سندھ

قابل صد آفرین و تحسین فخر اہل سنت جناب جاوید اقبال مظہری مدظلہٗ

کتبی تحائف موصول ہوئے۔ کرم نوازی کا شکریہ۔ خاص طور پر کتاب ''معارف صاحبکم'' کا مطالعہ پُر کیف رہا۔ معراج شریف کی شب جاری ہے۔ ''معارف صاحبکم'' کے مطالعہ کے بعد آپ کی یاد کی طرف قلم اُٹھایا۔ دوران مطالعہ فیضانِ مظہری آب و تاب پر نظر آیا۔ اور ''صاحبکم'' کے اسرار و معارف کی برسات دیکھ کر بے ساختہ آپ کی خدمت میں صاحب معارف صاحبکم'' جاری ہوا۔ درحقیقت یہ ثمر ہے آپ کی فرمانبرداری طریقت کا۔ کیوں نہ ہو کہ آپ سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کی طرف عطائے مفتی اعظم ہیں۔

اللہ عزوجل آپ کے قلم کو ابد تک سایۂ مسعود ملت سے فیض یاب رکھے آمین!

(مکتوب محررہ ۲۹ رستمبر ۲۰۰۳ء از میر پور خاص، سندھ)

## پروفیسرفیاض احمد خاں کاوش

میر پور خاص، سندھ

''آفتاب ہدایت'' کا مطالعہ کر کے آنکھیں چکا چوند ہو گئیں ''آفتاب ہدایت'' واقعی ''آفتاب ہدایت'' ہے۔ برادرم جاوید اقبال مظہری مدظلہ نے آپ کی خلافت کا حق ادا کر دیا قلم ایسا رواں کہ جیسے دریا کی روانی۔ اختصار ایسا کہ سمندر ایک بوند پانی۔ شوکت الفاظ ایسی کہ ہر جملہ تاج سلطانی۔ کتاب کیا ہے۔ مدحت مفتی اعظم ہند (شاہ محمد مظہر اللہ) کی سیرت و کردار کا روشن آفتاب ہے جو نصف النہار پر چمک رہا ہے۔

(مکتوب بنام پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد، محررہ ۱۶ ر فروری ۱۹۹۴ء۔ از میر پور خاص، سندھ)

## پروفیسرمحسن احسان

حیات آباد، پشاور

محترمی، السلام علیکم

آپ کا خط اور پارسل مل گیا تھا۔ اسکے علاوہ طاہر خیلی صاحب والا بنڈل بھی موصول

Marfat.com

ہو گیا۔ بے حد شکریہ!

میں نے ان کتابوں کو دیکھا آپ کی مذہب کے ساتھ شدید وابستگی اور خدا اور رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کے ساتھ بے پناہ لگاؤ آپ کے دینی جذبے کی عکاسی کرتے ہیں۔ آپ جیسے نیک پارسا اور صالح جوان ہی کشادہ نظری اور فراخ دلی کے ساتھ دین و مذہب کی صحیح خدمت کر سکتے ہیں۔ اسلام نے ہمیں رواداری، محبت، اخلاص و احترام، صبر و ایثار اور ایسی بہت سی دیگر اقدار پر عمل کرنے کی تلقین کی ہے۔ ہم یہ سب کچھ بھلا بیٹھے ہیں اور بہت ادنیٰ قسم کی خدمات میں نہ صرف اسلام جیسے اعلیٰ مذہب کو بدنام کر رہے ہین بلکہ ملک وقوم کے لئے بھی ندامت کا باعث بن رہے ہیں۔

میں توقع رکھتا ہوں کہ آپ جیسے تازہ فکر رکھنے والے لوگوں کی ایک قلیل جماعت بھی ہمیں تنگ نظری کے دائرے سے باہر نکال سکتی ہے۔

اللہ آپ کو ہمت دے کہ آپ اس نیک کام کو جاری رکھیں اور اخوت و محبت، یک جہتی و برابری کے پیغام کو ہر گھر تک پہنچا سکیں اس کی ہمیں شدید ضرورت ہے۔ ملک اور ملت آجکل عجیب دوراہے پر کھڑے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ آپ محبتوں کے اس پیغام کو پوری توجہ کے ساتھ سننے کی کوشش کریں گے۔

میں تمام کتابیں تو نہیں پڑھ سکا۔ انشاء اللہ آہستہ آہستہ سب ختم کروں گا اور آپ کے خیالات سے مستفید ہونے کی ہر ممکن کوشش جاری رکھوں گا۔

ڈاکٹر مسعود احمد صاحب کی تصانیف کا انتظار رہے گا۔

میری تین کتابیں ''ناتمام، ناگزیر اور نارسیدہ'' چھپ چکی ہیں۔ ''نارسیدہ'' اپریل تک چھاپنے کا پبلشر نے وعدہ کیا ہے۔ ''اجمل و اکمل'' نعتیہ کلام کا مجموعہ بھی وسط اپریل میں چھپ جائے گا۔ خدا کرے آپ خیریت سے ہوں۔

دوستوں کو سلام

فقط

محسن احسان

Marfat.com

## محترمہ ممتاز مرزا مرحومہ (دھلی)

''عزیزم جاوید میاں، دعائیں

تمہارا رجسٹرڈ خط ابھی ابھی ملا۔

مرزا جی جس شان اور آرام سے تھے ویسے ہی چلے گئے، ابھی تھے اور ابھی نہیں۔ وہ ہمیشہ اللہ تعالیٰ سے اور محبوب الٰہی سے دعا مانگتے تھے کہ ''نزع کی تکلیف نہ ہو''۔ سو اللہ نے انہیں اس سے محفوظ رکھا۔ انتقال سے پہلے درود تاج پڑھ رہے تھے۔ بس گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹے میں سب کچھ ہو گیا۔ میں تمہارا شکریہ ادا کر کے اس محبت اور خلوص کی قدر و قیمت کم نہ کروں گی۔ کراچی آنے کا ابھی تو کوئی پروگرام نہیں ہے لیکن اگر کبھی آئی تو تمہارے ہاں ہی ٹھہروں گی۔ ۱۷/اکتوبر کو چہلم ہے۔ وہاں تم قرآن خوانی کروا دینا۔ [۱]

تمہاری خالہ ممتاز

(مکتوب محررہ ۱۳/ستمبر ۱۹۸۲ء از دہلی)

## محمد ایوب شاھد

مدیر اعلیٰ ماہنامہ ''قومی گزٹ''، کراچی

کُل پاکستان انجمن پنجابی سوداگران کا ترجمان

## یہ بڑے نصیب کی بات ھے

جس عمرہ کی سعادت اور روحانیت سے سرشار ہو کر جناب جاوید اقبال مظہری نے بڑی پیاری کتاب ''صلوٰۃ وسلام'' تحریر فرمائی ہے۔ اُسی عمرہ کے دوران ''مسجد نبوی'' میں ان سے میری ملاقاتیں ہوتی رہیں اور وہیں ہمیں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں آنسوؤں کے وہ موتی عطا ہوئے جن سے رنج والم کے بجائے وہ ٹھنڈک ملتی ہے جو صبح صبح پھولوں کے جگر کو شبنم سے حاصل ہوتی ہے۔

ا۔ بھارت کی مشہور شاعرہ تھیں، احقر کی والدہ ماجدہ کے ساتھ اسکول میں پڑھا ہے۔ احقر کی خالہ بھی ہوتی ہیں۔ موصوفہ اور اُن کے شوہر حضرت شیخ نظام الدین اولیاء علیہ الرحمہ کے عاشق صادق تھے۔ ان کا ایک یادگار خط احقر کے نام ہے۔ اقتباس پیش کر رہا ہوں۔ ہاں محترمہ ممتاز مرزا صاحبہ سے حضرت شاہ ابوالحسن زید فاروقی کی صاحبزادیوں نے فارسی پڑھی ہے —— جاوید

Marfat.com

جاوید صاحب نے یہ کتاب عشق رسول میں ڈوب کر لکھی ہے اور درود و سلام باادب کھڑے ہو کر پڑھنے کے سلسلے میں بڑی محکم دلیلیں دی ہیں۔ انہوں نے تحریر فرمایا ہے کہ:

''ہم اکثر کسی کی عزت و احترام میں کھڑے ہو کر ہی اس کا خیر مقدم کرتے ہیں۔''

● ـــــ اسی طرح کسی مرحوم کی یاد میں اس کی یادگار کے سامنے یا غائبانہ، اسمبلیوں میں کھڑے ہو کر عقیدت و احترام کا اظہار کرتے ہیں۔

● ـــــ حد تو یہ کہ غیر ذی روح جھنڈے کی سلامی یا قومی ترانے کے وقت کھڑے ہو کر تحسین و عقیدت پیش کرتے ہیں۔

اور کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہوتا۔

پھر اس عظیم بارگاہِ رسالت کے حضور یا تصور میں کھڑے ہو کر صلوٰۃ و سلام پیش کرنا یوں سمجھ میں نہیں آتا۔ جو ہماری جان بھی ہیں اور ایمان بھی ہیں اور جو حیات بھی ہیں اور حیات کائنات کا اولین سبب بھی ہیں۔

حقیقت تو یہ ہے کہ جس طرح روح کے بغیر جسم مکمل نہیں ہوتا۔ اسی طرح جسم کے بغیر روح مجسم نہیں ہوتی۔ چنانچہ جس کی روح اور جس کے دل میں رسول محترم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے جذبہ احترام و عقیدت ہوگا، اس کا جسم ضرور متاثر و مودب ہوگا۔ اس لئے ضروری ہے کہ جس شخص سے سراپا اظہارِ عقیدت نہیں ہوتا اس کے دل میں محبت کا سوز و گداز پیدا کیا جائے اور جس ہستی کی شفقت و رحمت سارے عالم کے لئے ہے، اس کی خاطر کوئی جبر و جھگڑا نہ کیا جائے جب دلوں میں محبت ہوگی تو جسم خود ہی مودب ہو جائیں گے۔ پھر تو لب بھی گہربار ہو جائیں گے اور آنکھیں اشکبار ہو جائیں گی۔

میں آخر میں اس عاجزانہ عرضداشت کے بعد جناب جاوید اقبال مظہری صاحب کو مبارکباد دیتا ہوں کہ عالی مرتبت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب کی ہدایات اور محترمہ صوفیہ دارا صاحبہ کی تحریک اور سب سے بڑھ کر بارگاہِ رسالت سے ایک بہت ہی لطیف روحانی اشارہ پانے کے بعد انہیں یہ کتاب لکھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ سچ تو یہ ہے کہ ''یہ بڑے کرم کے

Marfat.com

ہیں فیصلے یہ بڑے نصیب کی بات ہے۔"

۵/اپریل ۱۹۹۵ء　　　　　　　　　　　　خیر اندیش۔محمد ایوب شاہد

## حکیم محمد سعید

بانی ہمدرد دواخانہ، ہمدرد یونیورسٹی

سابق گورنر، سندھ

(۱)

"سوئے جاناں" کا ایک نسخہ مجھے مل گیا ہے میں ممنون ہوں۔

حاجیو! آؤ شہنشاہ کا روضہ دیکھو
کعبہ تو دیکھ چکے کعبہ کا کعبہ دیکھو

حبیب لبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاں حاضری کے لئے احترامات و اکرامات پر آپ نے اچھے خیالات پیش کئے ہیں۔"

(مکتوب محررہ ۱۰/اگست ۱۹۹۳ء، از کراچی)

(۲)

"صلوٰۃ وسلام" آپ کی مختصر تالیف خوب ہے"میں نے اسے بیت الحکمۃ کو دے دیا ہے"

(مکتوب محررہ ۱۵/مارچ ۱۹۹۵ء از کراچی)

## صوفی محمد عبد الستار طاہر

معتمد ادارہ مظہر اسلام، لاہور

حضرت صاحب قبلہ نے بڑی محبت اور بڑی دل بستگی کے ساتھ آپ کا بھرپور انداز میں تعارف کرایا ہے۔"ملفوظات مظہری" آپ کے خلوص، محبت، تعلق و وابستگی کی بھرپور آئینہ دار ہے۔"

(مکتوب محررہ ۲۴/مارچ ۱۹۹۱ء از لاہور)

Marfat.com

# ارباب اقتدار کی نظر میں

مکتوبات ارباب اقتدار نے مولانا جاوید اقبال مظہری کی علمی و تحقیقی کاوش کی تعریف کی ہے اور قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

| نمبر شمار | اسمائے گرامی | عہدہ | مکتوب محررہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | احمد حسین (P.A to) | اسپیکر قومی اسمبلی | ۱۶ر جون ۱۹۹۳ء |
| ۲ | جنرل مرزا اسلم بیگ | چیف آف آرمی سٹاف | ۳ر جنوری ۱۹۹۰ء |
| ۳ | اقبال احمد خاں | چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل | ۲۹ر نومبر ۱۹۹۵ء |
| ۴ | اویس احمد غنی | گورنر بلوچستان | ۲۹ر نومبر ۲۰۰۳ء |
| ۵ | محترمہ بے نظیر بھٹو | وزیر اعظم پاکستان | ۳۱ر مارچ ۱۹۹۵ء |
| ۶ | جنرل عبدالوحید کاکڑ | چیف آف آرمی سٹاف | ۲۹ر جون ۱۹۹۳ء |
| ۷ | جنرل عبدالوحید کاکڑ | چیف آف آرمی سٹاف | ۱۱ر اگست ۱۹۹۳ء |
| ۸ | جنرل عبدالوحید کاکڑ | چیف آف آرمی سٹاف | ۲۵ر جنوری ۱۹۹۴ء |
| ۹ | غلام اسحاق خاں | صدر پاکستان | ۳۰ر جنوری ۱۹۹۰ء |
| ۱۰ | فاروق احمد خاں لغاری | صدر پاکستان | ۳۱ر جنوری ۱۹۹۴ء |
| ۱۱ | فاروق احمد خاں لغاری | صدر پاکستان | ۱۵ر جنوری ۱۹۹۵ء |
| ۱۲ | فاروق احمد خاں لغاری | صدر پاکستان | ۶ر دسمبر ۱۹۹۵ء |
| ۱۳ | مولانا کوثر نیازی | وفاقی وزیر مذہبی امور | ۲۹ر جنوری ۱۹۹۴ء |
| ۱۴ | محمد رفیق تارڑ | صدر پاکستان | ۱۲ر ستمبر ۲۰۰۰ء |
| ۱۵ | حکیم محمد سعید | گورنر سندھ | ۲۲ر اگست ۱۹۹۳ء |
| ۱۶ | جنرل محمد ضیاء الحق | صدر پاکستان | یکم مارچ ۱۹۸۱ء |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷ | محمد نسیم (P.A. to) | ائیر چیف مارشل | ۲۵ر جولائی ۱۹۹۳ء |
| ۱۸ | میاں محمد نواز شریف | وزیر اعظم پاکستان | ۱۱ر مارچ ۱۹۹۳ء |
| ۱۹ | وسیم سجاد | قائم مقام صدر پاکستان | ۸ر اگست ۱۹۹۳ء |

چند ارباب اقتدار کے تاثرات پیش کیے جاتے ہیں:

**احمد حسین**

پی۔اے: اسپیکر قومی اسمبلی، اسلام آباد

Dear Sir,

Please accept profound thanks and regards from Speaker for writing him a ltter of congratulation on the historic occassion of restoration of the National Assembly of Pakistan.

Yours faithfully,
Ahmed Hussain.

**لیفٹننٹ جنرل ایم عارف بنگش**

پی۔اے: **جنرل مرزا اسلم بیگ**

چیف آف آرمی سٹاف، پاکستان

مکرمی جاوید اقبال مجددی مظہری

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا خط اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مبارکہ پر لکھی گئی کتاب "جانِ جاناں" جنرل مرزا اسلم بیگ صاحب کو مل گئی ہے۔ انہوں نے کتاب بے حد پسند کی ہے اور اُمید ظاہر کی ہے کہ اس کتاب سے نہ صرف مسلمان فیض یاب ہوں گے بلکہ وہ کروڑوں غیر مُسلم بھی استفادہ کر سکیں گے جن کو اللہ تعالیٰ نے حق قبول کرنے کا جوہر عطا فرمایا ہے۔

مہربانی فرما کر جنرل مرزا اسلم بیگ صاحب کی طرف سے پروفیسر محمد مسعود احمد صاحب کو تاجدارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری پر اتنی اچھی کتاب لکھنے پر مبارکباد

Marfat.com

دیں اور کتاب بھجوانے کا شکریہ ادا کریں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن سے وابستہ رکھے اور ہمارے سینوں کو آپ کی محبت و عشق سے سوزاں و بریاں رکھے۔ آمین

والسلام

**اویس احمد غنی**

گورنر صوبہ بلوچستان

جاوید اقبال مظہری صاحب

السلام علیکم

آپ کی چٹھی اور کتاب ''نزہت مصطفیٰ'' موصول ہوئی جس کیلئے میں شکریہ ادا کرتا ہوں۔ اس تصنیف سے آپ کے عشق رسول کے جذبہ کا بخوبی ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کے اس جذبے کو قائم رکھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں یہ تحریر کرنے کا اجر عطا فرمائے۔

اس وقت مجھے اپنے چچا مرحوم سردار عبدالرب نشتر کا ایک شعر یاد آ رہا ہے جو اس غزل کا حصہ ہے جو انہوں نے اس وقت لکھی جب اُن کی عمر انیس بیس سال کے لگ بھگ تھی اور علیگڑھ میں زیر تعلیم تھے۔ انہوں نے یہ نظم جناب اکبرالہ آبادی کو اصلاح کیلئے پیش کی تو جب اکبرالہ آبادی اس شعر پر پہنچے تو نظریں اُٹھا کر کہا ''میاں! یہ عمر اور یہ سوچ''

شعر کچھ اس طرح تھا کہ:

نہ کیوں ہو فخر مجھ کو اپنی محبت پر
رقیب خدا عاشقِ مصطفیٰ ہوں

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر مسلمان کو پکا مومن اور سچا عاشقِ رسول بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مخلص

اویس احمد غنی

Marfat.com

**عبدالمؤذ بخاری**

پی۔ایس:وزیراعظم پاکستان

**محترمہ بے نظیر بھٹو**

Dear Mr. Javed Iqbal Mazheri,

Thank You so much for forwarding to the Prime Minister a copy of the book (Salat-o-Salam) the other day.

The Prime Minister will read the book with interest and is grateful to you for providing her this kind opportunity.

With regards.

Yours sincerely
Abdul Moiz Bukhari
PS to Prime Minister.

**جنرل عبدالوحید کاکڑ**

چیف آف آرمی اسٹاف پاکستان

(۱)

محترم جاوید اقبال مظہری صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے خط لکھا اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری پر لکھا ہوا مقالہ ارسال کیا۔اس موقع پر آپ کے خیالات اور احساسات یقیناً ایک اچھے مسلمان کے ان جذبات کا اظہار ہیں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کے ساتھ ہم سب کے دل میں موجزن ہیں۔میں خدا تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ وہ آپ کو اس کا اجز عطا فرمائے۔آمین

والسلام
عبدالوحید

Marfat.com

(۲)

جاوید اقبال مظہری صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

کتاب ''جانِ جاناں'' صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم'' کا تحفہ بھیجنے پر جنرل عبدالوحید چیف آف دی آرمی سٹاف آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ مبارک ہم سب کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ اُن کا ذکر اور اُن کی تعریف ہماری زندگی کا ایک اہم سرمایہ ہے۔ پروفیسر محمد مسعود احمد مبارکباد کے مستحق ہیں۔ یقیناً اللہ تعالیٰ ان پر یہ خاص کرم ہے کہ وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں یہ ہدیہ پیش کرنے کے قابل ہوئے۔ بے شک یہ رُتبہ بلند اللہ کے خاص بندوں کو ہی عطا ہوتا ہے۔

جنرل عبدالوحید آپ کے لیے دعا گو ہیں۔

جاوید افضل (پی۔ایس)

**مسرت حسین**

**پی۔ایس: مولانا کوثر نیازی**

**چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل، اسلام آباد**

مکرمی ومحترمی

السلام علیکم

آپ کا خط مورخہ ۴/دسمبر ۱۹۹۳ء موصول ہوا۔ وفاقی وزیر/چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل جناب مولانا کوثر نیازی نے فرمایا ہے کہ آپ نے میری نسبت جن جذبات کا اظہار کیا ہے اور مبارک باد دی ہے اس کیلئے آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور آپ سے دعا کی درخواست کرتے ہیں۔

آپ کا مخلص

مسرت حسین

Marfat.com

## عرفان صدیقی پریس سیکرٹری
## جسٹس ریٹائرڈ، محمد رفیق تارڑ
صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان

محترم جناب جاوید اقبال مظہری صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کی طرف سے ارسال کردہ کتابچہ ''حسن اخلاق'' صدر مملکت کو موصول ہو گیا ہے۔ مجھے صدر مملکت نے ہدایت کی ہے کہ آپ کی اس توجہ فرمائی پر آپ کا شکریہ ادا کیا جائے۔

والسلام

مخلص

عرفان صدیقی

## حکیم محمد سعید
گورنر صوبہ سندھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عزیز محترم!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

تبریک وتہنیت کیلئے ممنون ہوں اور کلماتِ خیر ودعا کیلئے بہ صمیم قلب متشکر۔ اللہ تعالیٰ آپ کو جزائے خیر عطا فرمائیں اور کامیابیوں اور کامرانیوں سے ہمکنار فرمائیں۔

میرا ایمان ہے اور ایقان ہے کہ اللہ سبحانہٗ وتعالیٰ اشرف المخلوقات کی خدمت کیلئے اور اس کے شرف ومجد کیلئے شخصیات کا انتخاب فرماتا ہے اور بہ ہمہ آزمائش ان کو میدانِ فکر وعمل میں مستعد اور مصروف جدوجہد فرما دیتا ہے۔ میری زندگی بہ ہمہ وجوہ آزمائشوں کا عنوان جلی رہی ہے اور موجودہ ذمہ داریاں ایک آزمائش شدید وپیہم ہے۔

مجھے یقین ہے کہ آپ کی دعائیں اور آپ کا پُرخلوص تعاون مجھے حاصل رہے گا اور

Marfat.com

ہم سب مل کر بہ نصرتِ الٰہی افرادِ ملت میں وہ خلوص وانس باہمی اور محبت ومودت قلبی پیدا کریں گے کہ جو عنوانِ معراجِ انسانیت اور وجودِ انسان کا منشائے حقیقی ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنی حمایت ونصرت کے ساتھ مجھے اور آپ کو سرخرو فرمائے۔

بہ احترامات فراواں

آپ کا مخلص

حکیم محمد سعید

**محمد نسیم**

**پی۔اے: چیف آف ائراسٹاف پاکستان**

جناب جاوید اقبال صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کا نامہ بنام چیف آف ائیر سٹاف بمعہ ایک عدد کتاب ''سوئے جاناں'' موصول ہوا۔ یہ کتاب بلاشبہ آپ کی محنت شاقہ اور محبت کا واضح ثبوت ہے۔

میں اپنی اور چیف آف ائیر سٹاف کی طرف سے آپ کو ہدیہ تبریک پیش کرتا ہوں اور آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے اپنی یہ کتاب ہمیں بھجوائی۔

والسلام

آپ کا مخلص

محمد نسیم

**شاھدکمال**

**پی۔اے: میاں محمد نوازشریف**

وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان

Dear Mr. Mazheri,

I am desired to acknowledge with thanks

Marfat.com

the receipt of your letter dated 24 February, 1993 addressed to the Prime Minister alongwith the book entitled "Malfuzat-e-Mazheri".

Yours sincerely,

Shahid Kamal.

## چیئرمین سینیٹ وسیم سجاد

قائم مقام صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان

مکرمی جاوید اقبال مظہری صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

قائم مقام صدر کا عہدہ سنبھالنے پر آپ کی مبارکباد میرے لیے باعث عزت ہے۔ میں خدائے عزوجل کا شکر بجالاتے ہوئے دست بدعا ہوں کہ وہ مجھے ملک وقوم کی طرف سے عائد کی جانے ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اس ضمن میں مجھے آپ کی دعاؤں اور تعاون کی اشد ضرورت رہے گی۔

اللہ تعالٰی پاکستان میں اسلامی جمہوری اقدار کو فروغ دے اور اس مملکت خداداد کو رہتی دنیا تک قائم ودائم رکھے۔ آمین!

مخلص

وسیم سجاد

# سرکاری افسران کی نظر میں

## چودھری محمد اکرم حسن نواز

(پنجاب اسمبلی، لاہور)

پھولوں کی طرح مہکتے بلبل کی طرح چہکتے اور چاندنی کی طرح چمکتے رہو۔ گلہائے عقیدت، گلہائے رنگ رنگ ڈھیروں خلوص وعقیدت بھرا اسلام قبول ہو۔ یقین ہے کہ آپ

Marfat.com

ایسے گلشن میں خوش ہوں گے۔ پاکیزہ ماہنامہ اگست ۱۹۹۵ء میں ذکر ''آپ کی کتاب'' ''درود مظہری'' نظر سے گزرا از راہِ کرم مجھے یہ تحفہ بھیج کر شکریہ کا موقع دیں۔

(مکتوب محررہ مورخہ ۲۶/مارچ ۱۹۹۶ء از لاہور)

**شاہین عزیز نیازی**

کمشنر انکم ٹیکس، کراچی

جاوید اقبال مظہری کی کتاب ''صلوٰۃ وسلام'' پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔ لفظ سعادت میں نے اس لئے استعمال کیا ہے کہ مظہری صاحب کی تصانیف میں عشقِ رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی وہ خوشبو ملتی ہے جو فقط انتہائی دماغ کی کاوش سے حاصل نہیں ہوتی۔ بلکہ یوں لگتا ہے کہ جیسے اس خوشبو کو پھیلانے کے لیے انہیں چن لیا گیا ہے۔ مظہری صاحب کو یہ دولتِ عشق مبارک ہو۔

(مکتوب محررہ مورخہ ۶/اپریل ۱۹۹۵ء)

## سلسلہ نگارش

تقریر کے ساتھ تحریر کے میدان میں بھی انہوں نے قدم رکھا ہے۔ ان کی نگارشات رسائل واخبارات میں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ مثلاً[۱]

★ — ماہنامہ ''ندائے دین'' کراچی
★ — ماہنامہ ''قومی گزٹ'' کراچی
★ — روزنامہ ''جنگ'' کراچی
★ — روزنامہ ''نوائے وقت'' کراچی
★ — روزنامہ ''لیڈر'' کراچی
★ — روزنامہ ''ڈیلی اسٹار'' کراچی
★ — روزنامہ ''ڈان'' کراچی
★ — روزنامہ ''مارننگ نیوز'' کراچی
★ — روزنامہ ''بزنس ریکارڈ'' کراچی
★ — روزنامہ ''ڈیلی نیوز'' کراچی
★ — روزنامہ ''پاکستان ٹائمز'' کراچی
★ — روزنامہ ''دی مسلم'' اسلام آباد[۱]

مولانا جاوید اقبال مظہری نے چالیس سے زائد کتب ورسائل تحریر فرمائے، یہ تمام

۱۔ محمد مسعود احمد، پروفیسر ڈاکٹر: تعارف مؤلف ''ملفوظاتِ مظہری'' محررہ، ۹/صفر المظفر ۱۴۱۱ھ/۳۰/اگست ۱۹۹۰ء

Marfat.com

نگارشات اس عشق ومحبت کا مظہر ہیں جوالفتِ مرشد اور حب مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُن کے قلب میں موجزن ہے۔ بلاشبہ موصوف کی ان کوششوں کے پس منظر میں اُن کے پیرومرشد برحق حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ قدس سرہ العزیز کی باطنی نظر کرم اوروہ بشارتیں ہیں جو انہوں نے موصوف کو بیعت ہونے سے پہلے دیں۔ چنانچہ مورخہ ۱۶راگست ۱۹۶۱ء موصوف کے والد ماجد کے نام ایک مکتوب میں ارشاد فرماتے ہیں:

''جاوید میاں سلمہٗ سے مجھے بھی محبت ہوگئی ہے، وہ اگر اپنی والدہ کے ساتھ آ جائیں تو بہتر ہے لیکن ان کی تعلیم میں نقصان ہو جائے گا۔''

ایک دوسرے مکتوب محررہ مورخہ ۱۵رستمبر ۱۹۶۱ء میں موصوف کو ''بلند اقبال'' فرمایا۔ گویا حضرت مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ کی نظریں دیکھ رہی تھیں کہ ان کا فرزندِ طریقت علمی وروحانی بلندیوں تک پہنچے گا۔

علاوہ ازیں جانشین مفتی اعظم حضرت سیدی مرشدی ومولائی مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب نے موصوف کی سب سے پہلی تالیف ''ملفوظاتِ مظہری'' کے تعارف میں اس عظیم دعا سے سرفراز فرمایا تھا:

''مولائے کریم فاضل مولف کو اس دینی خدمت کا صلہ اور ان کے علم وقلم میں برکت عطا فرمائے۔ اور طالبوں کو ان کے روحانی فیض سے مستفیض فرمائے۔ آمین''

حضرت ولی نعمت کی زبان مبارک سے جاری ہونے والے یہ کلمات طیبات بارگاہِ الٰہی میں مستجاب ہوگئے اور موصوف نے تیرہ سال کے عرصے میں چالیس سے زائد کتب و رسائل اور مقالات تصنیف کر لئے۔

اب ہم ان کے آثار علمیہ کی تفصیلات پیش کرتے ہیں:

## فہرس نگارشات

### ۱۔تصانیف

| نمبر شمار | عنوان | مقام اشاعت | سن اشاعت |
|---|---|---|---|
| ۱ | سوئے جاناں صلی اللہ علیہ وسلم | کراچی | ۱۹۹۳ء |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲ | صلوٰۃ وسلام | کراچی | ۱۹۹۴ء |
| ۳ | درودِ مظہری | کراچی | ۱۹۹۵ء |
| ۴ | عارف کامل | کراچی | ۱۹۹۶ء |
| ۵ | استنِ حنانہ اور عشق رسول ﷺ | کراچی | ۱۹۹۷ء |
| ۶ | مظہر جمال مصطفیٰ ﷺ | کراچی | ۱۹۹۸ء |
| ۷ | آفتابِ ولایت | کراچی | ۲۰۰۲ء |
| ۸ | سرکارِ دو عالم ﷺ اور خواتین | کراچی | ۲۰۰۳ء |
| ۹ | نزہتِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہ سلم | کراچی | ۲۰۰۳ء |
| ۱۰ | معارف صاحبکم | کراچی | ۲۰۰۳ء |
| ۱۱ | مناقب شیر خدا | کراچی | ۲۰۰۳ء |
| ۱۲ | احسانِ عظیم | کراچی | ۲۰۰۳ء |

## ۲۔تالیفات (مطبوعہ)

| نمبر شمار | عنوان | مقام اشاعت | سن اشاعت |
|---|---|---|---|
| ۱۳ | ملفوظات مظہری | کراچی | ۱۹۹۰ء |
| ۱۴ | آفتاب ہدایت | کراچی | ۱۹۹۴ء |
| ۱۵ | دل کی ٹھنڈک | کراچی | ۱۹۹۴ء |
| ۱۶ | شمسِ معرفت | کراچی | ۱۹۹۵ء |
| ۱۷ | حُسنِ خلق | کراچی | ۱۹۹۵ء |
| ۱۸ | خلقِ مظہری | کراچی | ۱۹۹۶ء |
| ۱۹ | نور مجسم ﷺ | کراچی | ۱۹۹۸ء |
| ۲۰ | معمولاتِ طیبات | کراچی | ۱۹۹۹ء |
| ۲۱ | مناقبِ مظہری | کراچی | ۱۹۹۹ء |

Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | مقام اشاعت | سن اشاعت |
|---|---|---|---|
| ۲۲ | محبوب کی باتیں | کراچی | ۲۰۰۰ء |
| ۲۳ | مناجاتِ مظہری | کراچی | ۲۰۰۱ء |
| ۲۴ | ملفوظاتِ مجدد الف ثانی | کراچی | ۲۰۰۱ء |
| ۲۵ | امام احمد رضا اور مسعودِ ملت | کراچی | ۲۰۰۱ء |
| ۲۶ | معارف اسم معظم محمد صلی اللہ علیہ وسلم | کراچی | ۲۰۰۱ء |
| ۲۷ | ارشاداتِ مفتی اعظم | کراچی | ۲۰۰۱ء |
| ۲۸ | وصال مظہری | کراچی | ۲۰۰۲ء |
| ۲۹ | آفتابِ ولایت | کراچی | ۲۰۰۲ء |
| ۳۰ | شب قدر | کراچی | ۲۰۰۲ء |
| ۳۱ | وصال حضرت مجدد الف ثانی | کراچی | ۲۰۰۲ء |
| ۳۲ | قصیدۂ معراجیہ | کراچی | ۲۰۰۲ء |
| ۳۳ | حضرت محبوبِ الٰہی اور ڈاکٹر محمد اقبال | کراچی | ۲۰۰۳ء |
| ۳۴ | مولودِ مسعود حضرت مجدد الف ثانی کی تشریف آوری | کراچی | ۲۰۰۳ء |

## ۳۔ تالیفات (غیر مطبوعہ)

| نمبر شمار | عنوان | | سن تالیف |
|---|---|---|---|
| ۱ | محفلِ سماع | | ۱۹۹۱ء |
| ۲ | حسنِ ازل | | ۱۹۹۴ء |
| ۳ | بچوں کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم | | ۱۹۹۶ء |
| ۴ | سراپائے جانِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم | | ۱۹۹۸ء |
| ۵ | آدابِ دُعا | | ۲۰۰۳ء |

Marfat.com

## ٤۔تقدیمات/تعارف

| نمبر شمار | عنوان | مرتب/مصنف | مقام اشاعت | سن اشاعت |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | شجرہ طیبہ | پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد | کراچی | ۱۹۹۰ء |
| ۲ | Eid of Eids | پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد | کراچی | ۱۹۹۴ء |
| ۳ | تخصصات حضرت مسعود ملت | محمد عبدالستار طاہر | لاہور | ۱۹۹۴ء |
| ۴ | رہبر ملت | شائستہ زریں | لاہور | ۱۹۹۵ء |
| ۵ | کراماتِ مظہری | شیخ محمد الیاس مسعودی | کراچی | ۱۹۹۵ء |
| ۶ | وصال مظہری | صاحبزادہ محمد مسرور احمد | غیر مطبوعہ | ۱۹۹۶ء |
| ۷ | تعارف | ڈاکٹر نور محمد ربانی | کراچی | ۲۰۰۱ء |

## ۵۔زیر تدوین

| نمبر شمار | عنوان | |
|---|---|---|
| ۱ | مخزنِ علم وعرفان | |
| ۲ | حضرت مفتی اعظم اور ہم عصر علماء | |
| ۳ | دلی کے بعض مشائخ نقشبند | |
| ۴ | بزمِ محبوبِ الٰہی | |
| ۵ | مجدد مأۃ حاضرہ (مسعود ملت) | |

## ٦۔مراسلات (انگریزی اخبارات)

| S.No | News Paper | Subject | Volume |
|---|---|---|---|
| 1. | Daily Dawn | Namaz a Plea | 23.10.81 |
| 2. | Daily Dawn | Can we do it? | 5.8.83 |
| 3. | Business Record | Can we Full fil Quaid's dream? | 8.8.83 |
| 4. | Daily News | Independence day | 10.8.83 |
| 5. | Daily News | Haj and unity of Muslim world | 2.9.84 |

Marfat.com

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6. | Daily News | Can't we make Pakistan fortress of Islam? | 11.8.87 |
| 7 | Daily Morning News | Clouds houming over Pakistan | 12.8.87 |
| 8. | Daily Dawn | Unity Justice | 14.8.87 |
| 9. | The Pakistan Times | Symbol of Unity | 21.8.87 |
| 10. | The Muslim Islam | Quaid's call | 10.9.87 |

## ۷۔ مراسلات (اردو اخبارات)

| نمبر شمار | عنوان | اخبار | شمارہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | بارہ ربیع الاول کے دن پوری قوم نماز فجر کے بعد درود وسلام پیش کرے | نوائے وقت | ۲۹ر ستمبر ۱۹۸۱ء |
| ۲ | مسز تھیچر کا تدبر (وزیر اعظم) | جنگ | ۱۴ر اکتوبر ۱۹۸۱ء |
| ۳ | فرزندانِ توحید سے التماس | جنگ | ۲۵ر اکتوبر ۱۹۸۱ء |
| ۴ | ملی جذبۂ اتحاد | جسارت | ۳ر اگست ۱۹۸۳ء |
| ۵ | یومِ دفاع اور ہمارا فرض | جسارت | ۱۳ر اگست ۱۹۸۳ء |
| ۶ | یوم دفاع سے پہلے ایک بات | جنگ | ۳۱ر ستمبر ۱۹۸۳ء |
| ۷ | عالم اسلام سے التماس (نقطۂ نظر) | جنگ | ۳۰ر ستمبر ۱۹۸۳ء |
| ۸ | شریمتی اندرا گاندھی کی جمہوریت پسندی | جسارت | ۲۷ر نومبر ۱۹۸۳ء |
| ۹ | عالم اسلام کے مابین وسیع تر دفاعی معاہدہ | نوائے وقت | ۲۰۰۲ء |

Marfat.com

## ۸۔اخبارات ورسائل میں مطبوعہ مقالات

| نمبر شمار | عنوان | اخبار | شمارہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | حضرت مجدد الف ثانی | جسارت | ۴/دسمبر ۱۹۸۳ء |
| ۲ | شاہ محمد مسعود محدث دہلوی | جنگ | ۲۴/دسمبر ۱۹۹۳ء |
| ۳ | مفتی شاہ محمد مظہر اللہ | جنگ | ۸/اپریل ۱۹۹۴ء |
| ۴ | مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ کی ملی خدمات | نوائے وقت | ۲۰/نومبر ۱۹۹۸ء |
| ۵ | بارگاہِ رسالت میں حاضری | نوائے وقت | ۱۲/نومبر ۱۹۹۹ء |
| ۶ | علم حاصل کرنا واقعی بہت ضروری ہے | نوائے وقت | ۲۷/جون ۲۰۰۱ء |
| ۷ | سرکار دو عالم اور خواتین | نوائے وقت | ۳/اگست ۲۰۰۱ء |
| ۸ | جذبۂ صادق | قومی گزٹ | ۱۹۸۲ء |
| ۹ | مستقبل کے قانون دان اور اُن کا کردار | قومی گزٹ | ۱۹۸۲ء |

## ۹۔مقالات مجلہ ''المظہر''،کراچی

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ | فروری مارچ ۲۰۰۲ء |
| ۲ | صاحبکم | اپریل مئی ۲۰۰۲ء |
| ۳ | حضرت محبوب سبحانی کا شجرہ طریقت | مئی جون ۲۰۰۲ء |
| ۴ | حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ | جولائی ۲۰۰۲ء |
| ۵ | حضرت امام قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ | اگست ۲۰۰۲ء |
| ۶ | حیاتِ مظہری | ستمبر ۲۰۰۲ء |
| ۷ | مراد مفتی اعظم مجدد مأۃ حاضرہ مسعود ملت | اکتوبر ۲۰۰۲ء |
| ۸ | قرآن فہمی | اکتوبر ۲۰۰۲ء |
| ۹ | فضائل شب قدر | نومبر ۲۰۰۲ء |

Marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ | حضرت سید امام علی شاہ علیہ الرحمہ | نومبر ۲۰۰۲ء |
| ۱۱ | حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ | دسمبر ۲۰۰۲ء |
| ۱۲ | حضرت بایزید بسطامی علیہ الرحمہ | جنوری ۲۰۰۳ء |
| ۱۳ | مرادِ رسول حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ | مارچ ۲۰۰۳ء |
| ۱۴ | حضرت ابوالحسن علی خرقانی علیہ الرحمہ | مارچ ۲۰۰۳ء |
| ۱۵ | حیات حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ | اپریل ۲۰۰۳ء |
| ۱۶ | حضرت شیخ ابوعلی فارمدی طوسی | اپریل ۲۰۰۳ء |
| ۱۷ | حضرت خواجہ یوسف ہمدانی علیہ الرحمہ | مئی ۲۰۰۳ء |
| ۱۸ | اسم معظم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | مئی ۲۰۰۳ء |
| ۱۹ | حضرت خواجہ عبدالخالق غجدوانی | جون ۲۰۰۳ء |
| ۲۰ | قصیدۂ معراجیہ | ستمبر ۲۰۰۳ء |
| ۲۱ | آفتاب نقشبند فقیہ الہند علیہ الرحمہ | ستمبر ۲۰۰۳ء |
| ۲۲ | حضرت مفتی اعظم مناقب کے آئینہ میں | اکتوبر ۲۰۰۳ء |
| ۲۳ | مناجات مظہری | اکتوبر ۲۰۰۳ء |
| ۲۴ | حضرت سید امام علی شاہ علیہ الرحمہ | دسمبر ۲۰۰۳ء |
| ۲۵ | ملفوظات سید امام علی شاہ علیہ الرحمہ | جنوری ۲۰۰۴ء |
| ۲۶ | دربار رسالت میں حاضری | فروری ۲۰۰۴ء |
| ۲۷ | مولانا شاہ احمد نورانی | فروری ۲۰۰۴ء |
| ۲۸ | مناقب فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ | مارچ ۲۰۰۴ء |
| ۲۹ | احسانِ عظیم | مئی ۲۰۰۴ء |
| ۳۰ | نور احمد آغا مجددی | مئی ۲۰۰۴ء |

Marfat.com

# خزینۂ تبرکات

مولانا جاوید اقبال مظہری کے پاس درج ذیل تبرکات ہیں:

۱ شیخ محمد عارف قادری ضیائی نے گنبد شریف کا رنگ عطا فرمایا۔

۲ برادرم شیخ شمیم احمد محمودی نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور پر مور کے پروں سے دی جانے والی جھاڑو کے چند پَر عنایت فرمائے۔

۳ ڈاکٹر نور محمد ربانی نے مدینہ منورہ کے غار سجدہ کا پتھر عنایت فرمایا۔

۴ مولانا سید مقصود حسین قادری نوشاہی نے موئے مبارک شریف میں رکھے جانے والے گلاب کے پھول عنایت فرمائے۔

۵ مدینہ منورہ کی عجوہ کھجور کی گٹھلیاں۔

۶ حضرت پیرو مرشد برحق شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ نے اپنی خاص تسبیح عنایت فرمائی اس تسبیح میں سے وہی خوشبو آتی ہے جو حضرت قبلہ کے جسم مبارک سے آتی تھی۔

۷ حضرت قبلہ مسعود ملت نے حضرت مفتی اعظم کی ذاتی چادر عنایت فرمائی، اس چادر کی تاثیر اور فیوض و برکات کا عجیب و غریب عالم ہے۔

۸ حضرت قبلہ مسعود ملت کی عطا کردہ کپڑے کی سفید ٹوپی۔ اس ٹوپی کی خاص فضیلت یہ ہے کہ حضرت مسعود ملت نے مولانا جاوید اقبال مظہری کے سامنے بہت سی ٹوپیاں رکھیں اور فرمایا کہ ان میں سے ایک لے لیں، موصوف نے ایک ٹوپی کا انتخاب کیا اور عرض کیا:

"اس ٹوپی میں سب سے زیادہ نور ہے۔"

حضرت قبلہ مسعود ملت نے تبسم فرمایا اور یہ انکشاف فرمایا کہ میں نے یہ ٹوپی مکہ معظمہ میں قیام کے دوران مسلسل استعمال کی تھی۔

Marfat.com

۹ ۱۹۸۷ء میں حضرت مفتی اعظم علیہ الرحمہ کی قبر شریف سے عطا ہونے والا سکہ۔

۱۰ چادر مزار شریف حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری علیہ الرحمہ

۱۱ چادر مزار شریف حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر علیہ الرحمہ

۱۲ چادر مزار شریف حضرت نظام الدین اولیاء علیہ الرحمہ

۱۳ قادریہ سلسلہ میں حضرت مجدد الف ثانی کے پردادا مرشد حضرت شاہ فضیل قادری کی قبر شریف کا پتھر۔

۱۴ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر شریف کے تبرکات اور چادر شریف

۱۵ حضرت شاہ محمد رکن الدین الوری رحمۃ اللہ علیہ کی دستار مبارک جو مفتی اعظم حضرت علامہ ڈاکٹر محمد مکرم احمد صاحب نے مورخہ ۲۲ اکتوبر ۲۰۰۴ء صحن مسجد فتح پوری دہلی میں مزار مفتی اعظم حضرت شاہ مظہر اللہ رحمۃ اللہ علیہ پر موصوف کے سر پہ باندھی

Marfat.com

# عکس

# نمونہ تحریر

مولانا جاوید اقبال مظہری کا مقالہ ماہنامہ الاشرف جولائی ۲۰۰۴ میں شائع ہوا جس میں انہوں نے سلسلہ عالیہ اشرفیہ کے نامور شیخ طریقت قطب عالم حضرت مخدوم سید محمد طاہر اشرف اشرفی الجیلانی علیہ الرحمہ کے فضائل و کمالات بیان فرمائے۔

Marfat.com

# سلسلہ اشرفیہ کا رخشندہ آفتاب.

از: جاوید اقبال مظہری مجددی

قطب ربانی حضرت ابومخدوم شاہ سید محمد طاہر اشرف اشرفی الجیلانی قدس سرہ العزیز سلسلہ اشرفیہ کے رخشندہ آفتاب ہیں اور کیوں نہ ہوں کہ جن کا سلسلہ نسب چالیس واسطوں سے حضور اکرم ﷺ اور ستائیس واسطوں سے حضور غوث الاعظم رضی اللہ عنہ تک پہنچتا ہو۔ چالیس میں ستائیس جمع کریں (67=27+40) تو کل نمبر ۶۷ ہوتے ہیں جن کے اعداد ۷+۶=۱۳=۴ یعنی (چار) ہوئے جو حضور انور ﷺ تک آپ کے شجرہ نسب کے اعتبار سے ۴۰ یعنی ۴ ہوتے ہیں۔ ... قطب ربانی علیہ الرحمۃ کو یہ بھی اعزاز حاصل ہوا کہ وہ شبیہ غوث الاعظم اعلیٰ حضرت سید شاہ علی حسین اشرفی الجیلانی علیہ الرحمۃ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے اور خرقہ خلافت پایا اور اس نسبت شریفہ کے طفیل دیگر مشائخ سے بھی خلافتیں حاصل فرمائیں۔

حضرت قطب ربانی چونکہ اپنے پیرومرشد کے محبوب تھے اس لئے سارے عالم کے محبوب ہوگئے۔ چونکہ آپ کو سارے سلاسل میں اجازت اور خلافت حاصل ہے اس لئے یہ بات وثوق سے کہی جاسکتی ہے کہ آپ تمام سلاسل کے اما الطریقہ کے بھی محبوب ہیں۔ حضرت قطب ربانی علیہ الرحمۃ آسمان ولایت کے درخشاں ستارے ہیں جب ہی تو اپنے وقت کے ... علماء اور مشائخ نے ان کی قطبیت اور ولایت پر اظہار خیال فرمایا ہے جن میں قطب مدینہ حضرت مولانا ضیاء الدین مدنی علیہ الرحمۃ، صدرالافاضل مولانا نعیم الدین مرادآبادی اشرفی، راقم کے پیرومرشد مفتی اعظم ہند شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمۃ، مبلغ اسلام حضرت علامہ شاہ عبد العلیم صدیقی، مجاہد ملت مولانا عبدالحامد بدایونی، ڈاکٹر فضل الرحمٰن انصاری، تاج العلماء مولانا مفتی محمد عمر نعیمی اشرفی، مفتی ظفر علی نعمانی، مفتی غلام قادری کشمیری، حکیم سید اشفاق احمد اشرفی، علامہ عبدالحکیم شرف قادری، مولانا محمد حسن حقانی اشرفی، مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب کے علاوہ بکثرت علماء و مشائخ قابل ذکر ہیں جبکہ غزالی دوراں علامہ احمد سعید کاظمی نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی۔

حضرت قطب ربانی ابتداہی سے فیض یافتہ مصطفےٰ ﷺ ہیں اس کا ثبوت یہ ہے کہ آپ کی ولادت باسعادت ۱۲ ربیع الاول شریف ۱۳۰۷ھ مطابق ۱۸۸۹ء کو بائیس خواجہ کی چوکھٹ دہلی میں ہوئی۔ ساری بہاریں نسبتوں کی ہیں۔ آج بھی اپنی قبر شریف سے عرفان کی دولت لٹار ہے ہیں۔ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی فاروقی علیہ الرحمۃ نے سچ فرمایا:

"بعد وصال کے ولی سے ولایت چھنی نہیں جاتی بلکہ اس کے روحانی تصرفات میں اور اضافہ ہوجاتا ہے"

Marfat.com

حضرت قطب ربانی کا باطنی فیض ان کے مزار مبارک سے جاری ہے ان کا علمی و روحانی فیض ان کے فرزند دلبند اور جانشین شیخ طریقت حضرت ابو محمد شاہ سید احمد اشرف اشرفی الجیلانی دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے نہ صرف پاک و ہند بلکہ دنیا کے مختلف ممالک میں جاری ہے۔ حضرت سید احمد اشرف الجیلانی کے صاحبزادگان مخدوم زادہ سید محمد اشرف جیلانی اور صاحبزادہ حکیم سید اشرف جیلانی اور دیگر صاحبزادگان اپنے جدامجد اور والد ماجد کے علمی و روحانی ورثہ کے امین ہیں۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس خانوادہ عالیشان کے روحانی فیوض و برکات کو تا قیامت جاری وساری رکھے۔ اس مرحلے پر خواجہ خواجگان دستگیر بے کساں حضرت خواجہ معین الدین چشتی علیہ الرحمۃ کی زبان مبارک سے جاری ہونے والی یہ بیت بے اختیار یاد آ رہی ہے کہ:

الٰہی تا بود خورشید و ماہی
چراغ چشتیاں را روشنائی

Marfat.com

# خلفاء کبار

عکس خلافت نامہ

بنام

## قاری واجد علی مظہری

از

## جاوید اقبال مظہری

۱۴ شعبان المعظم ۱۴۲۵

۳۰ ستمبر ۲۰۰۴ بروز جمعرات

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

برادرم قاری واجد علی مظہری زید مجدہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ماشاءاللہ آپ حافظ قرآن ہیں آپ کے سینے میں قرآن کریم محفوظ ہے جو علوم و معارف کا مخزن ہے۔آپ درس نظامی سے فارغ ہیں اور اہلسنت کے علماء میں سے ہیں۔آپ نے چند سال پہلے فقیر کے ہاتھ پر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ مظہریہ میں بیعت کی جبکہ تقریباً دو سال پہلے فقیر نے خانوادۂ مسعودیہ مظہریہ کے بعض تعویذات کی اجازت دی بفضلہٖ تعالیٰ ان تعویذات میں حق تعالیٰ نے تاثیر عطا فرمائی اور آپ سے رجوع ہونے والی مخلوق نے فوائد حاصل کئے۔یاد رکھئے کہ انسان میں جتنے بھی کمالات ہیں یہ سب حق تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔اور ان کی روح حضور انور ﷺ کی کامل اتباع ہے۔

فقیر کے پاس جو کچھ بھی ہے وہ سب کا سب مرشد کریم شیخ بحر و بر پیر روشن ضمیر حضرت قطب عالم مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ قدس سرہ کا عطا کردہ ہے۔فقیر کو جو کچھ ملا ہے اسی در سے عطا ہوا ہے۔الحمدللہ اس وقت اللہ کی مخلوق آپ کی طرف بیعت کے لئے رجوع ہو رہی ہے چنانچہ فقیر آپ کو آج مورخہ ۱۴ شعبان المعظم ۱۴۲۵ھ / ۳۰ ستمبر ۲۰۰۴ء بروز جمعرات حضرت مرشد کریم کے عرس شریف کے موقع پر سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ مظہریہ میں اجازت وخلافت سے سرفراز کرتا ہے۔جیسا کہ فقیر کو مجدد ملت حضرت قبلہ مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد صاحب نے عطا فرمائی۔

فقیر نصیحت کرتا ہے کہ والدین کی اطاعت کو لازم پکڑیں، بڑوں کا ادب اور چھوٹوں پر شفقت فرمائیں، ہمیشہ عاجزی وانکساری سے رہیں، ہر روحانی وعلمی ترقی کو حق تعالیٰ کی طرف سے جانیں اور شکر ادا کرتے ہوئے آگے بڑھتے جائیں، اپنے غصے پر ہر حالت میں قابو رکھیں، یاد رکھیں غصہ روحانی قوت کو سلب کرتا ہے، اور عفو و درگزر، صلہ رحمی اور معاف کر دینے سے روحانی ترقی میں اضافہ ہوتا ہے۔کوشش کریں کہ ہمیشہ مخلوق کی دلداری ہو کہ دلداری اللہ سبحانہ وتعالیٰ اور حضور انور ﷺ کو پسند ہے، اور حضرت اہل اللہ کی سیرت طیبہ کا عظیم جوہر۔

مریدین کی تربیت توجہ الی اللہ سے کریں، ان کو قرآن و حدیث کی تعلیم دیتے ہوئے حضور انور ﷺ کی پیاری پیاری باتیں بتائیں۔ان کو مکتوبات امام ربانی، مکاتیب مظہری، مکاتیب مسعودی اور دیگر اہل اللہ کے مکتوبات میں سے ملفوظات منتخب کر کے تربیت کریں۔اپنے دادا مرشد حضرت قبلہ مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ قدس سرہ العزیز کو ایصال ثواب کرتے رہیں، خود بھی شجرہ شریف کی پابندی کرتے رہیں اور مریدین سے بھی پابندی کرائیں۔ ہر وقت اپنے دادا مرشد کی طرف متوجہ رہیں کہ دارین میں ہم سب مظہریوں کے وہی مشکل کشا ہیں۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ آپ کو اپنی معرفت عطا فرمائے اور آپ کے قلب کو حضور انور ﷺ کے عشق سے منور فرمائے آمین اور آپ کو حضرت دادا مرشد کے فیض سے مالا مال فرمائے آمین۔

احقر العباد

جاوید اقبال مظہری مجددی

جاوید اقبال

۱۴ شعبان المعظم ۱۴۲۵ / ۳۰ ستمبر ۲۰۰۴ء بروز جمعرات

Marfat.com

# دورۂ ہندوستان

مولانا جاوید اقبال مظہری نے ۸؍اکتوبر تا ۲۳؍اکتوبر ۲۰۰۴ء دہلی، سرہند شریف اور اجمیر شریف کا دورہ فرمایا اپنے پیرومرشد اور حضرات اہل اللہ کی زیارت سے مشرف ہوئے جہاں ان کی دستار بندی ہوئی اور تبرکات سے سرفراز فرمایا گیا جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

☆ حضرت نظام الدین اولیا محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ کی قبر شریف کی دستارِ مبارک جو پیر ضامن نظامی کے پوتے نے مورخہ ۱۰؍اکتوبر ۲۰۰۴ء درگاہ شریف واقع دہلی میں موصوف کے سر پر باندھی اور عطا فرمائی۔

☆ حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ العزیز کی قبر شریف کی چادر جو بوقتِ حاضری حضرت خلیفہ محمد یحییٰ کے فرزند دلبند نے مورخہ ۱۴؍اکتوبر ۲۰۰۴ء سرہند شریف میں عطا فرمائی اور مزار شریف کے احاطہ سے پھول اور تبرکات عطا فرمائے۔

☆ حضرت خواجہ معین الدین چشتی قدس سرہ العزیز کی قبر شریف کی چادر جو بوقتِ حاضری سجادہ نشین سید فرقان علی رضوی چشتی نے مورخہ ۲۱ اکتوبر ۲۰۰۴ء اجمیر شریف میں عطا فرمائی اور مزار شریف کے تبرکات عطا فرمائے۔

☆ پیرومرشد برحق مفتیٔ اعظم ہند حضرت شاہ محمد مظہر اللہ قدس سرہ العزیز کی قبر شریف کی چادر جو سجادہ نشین، مسند نشین مفتیٔ اعظم ہند حضرت شاہ ڈاکٹر محمد مکرم احمد صاحب نے مورخہ ۲۲؍اکتوبر ۲۰۰۴ء عطا فرمائی۔

☆ حضرت شاہ محمد رکن الدین الوری علیہ الرحمہ کی دستارِ مبارک مورخہ ۲۲؍اکتوبر ۲۰۰۴ء بعد نمازِ تراویح حضرت مفتی ڈاکٹر محمد مکرم احمد صاحب نے صحنِ مسجد فتحپوری دہلی میں آستانہ عالیہ مظہریہ پر موصوف کے سر پر باندھی اور خصوصی دعا فرمائی اس موقع پر صاحبزادہ محمد طٰہٰ مسعودی بھی موجود تھے۔

☆ جانشینِ مفتیٔ اعظم حضرت مولانا مفتی ڈاکٹر محمد مکرم احمد صاحب نے ۲۲؍اکتوبر ۲۰۰۴ء کی رات ۱۰ بجے اپنے خاص عملیات اور تعویذات کی اجازت عطا فرمائی۔ اسی وقت سرکارِ دو عالم ﷺ کی قبر شریف کی چادر کا مبارک ٹکڑا، غوث اعظم حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے مزار شریف کی چادر، تسبیح اور حضرت بہلول دانا علیہ الرحمۃ کے مزار مبارک کے تبرکات کی زیارت کروائی۔

Marfat.com

# ملفوظاتِ مظہری

مؤلفہ

## جاوید اقبال مظہری

بی اے، ایل ایل بی

ناشر:

## بزمِ اربابِ طریقت کراچی

اسلامی جمہوریہ پاکستان

Marfat.com

# سوئے جاناں

صلی اللہ علیہ وسلم

جاوید اقبال مظہری
بی اے ۔ ایل ایل بی

مظہری پبلی کیشنز ، کراچی
اسلامی جمہوریہ پاکستان
فون ــــ ۴۹۲۰۵۳۱

Marfat.com

# شمسِ معرفت

## حضرت سیّد امام علی شاہ
## نقشبندی مجدّدی علیہ الرّحمہ

جاوید اقبال مظہری
بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی

ادارہ معارف مجدّد الف ثانی علیہ الرحمہ ہ
کراچی
اسلامی جمہوریہ پاکستان

Marfat.com

# آفتابِ ہدایت

مفتی اعظم ہند حضرت شاہ محمد مظہر اللہ نقشبندی مجددی علیہ الرحمہ

(م ۔ ۱۳۸۶ھ / ۱۹۶۶ء)

* *

مرتبہ

جاوید اقبال مظہری

بی ۔ اے ؛ ایل ۔ ایل ۔ بی

* *

مظہری پبلی کیشنز ، کراچی

(اسلامی جمہوریۂ پاکستان)

Marfat.com

وجعلت قرة عینی فی الصلوٰة (الحدیث)

# دِل کی ٹھنڈک

٭

جاوید اقبال مظہری

بی اے، ایل۔ ایل۔ بی

مظہری پبلی کیشنز ٭ کراچی

اسلامی جمہوریہ۔ پاکستان

فون: ۴۹۴۔۵۳۱

Marfat.com

# صلوٰۃ و سلام

سنہ ۱۴۱۵

جاوید اقبال مظہری

بی اے - ایل - ایل - بی

مظہری پبلی کیشنز کراچی

اسلامی جمہوریہ پاکستان

فون: ۴۹۴۰۵۳۱

Marfat.com

دِل کرو ٹھنڈا مرا، وہ کفِ پا چاند سا
سینہ پہ رکھ دو ذرا، تم پہ کروڑوں دُرود

# دُرودِ مظہری

جاوید اقبال مظہری
بی اے، ایل ایل بی

مظہری پبلی کیشنز ○ کراچی
اسلامیہ جمہوریہ پاکستان

Marfat.com

الا لا ایمان لمن لا محبۃ له (الحدیث)

# اُسوۂ حسنہ اور عشقِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

جاوید اقبال مجدّدی مظہری
بی اے، ایل۔ ایل۔ بی

مظہری پبلی کیشنز۔ کراچی
اسلامی جمہوریہ پاکستان
۱۴۱۸ھ/۱۹۹۷ء

Marfat.com

# حسنِ خلق

## (احادیث کی روشنی میں)

مرتبہ

جاوید اقبال مظہری مجددی
بی۔ اے۔ ایل۔ ایل۔ بی

ادارہ مسعودیہ کراچی
Idara-e-Mas'udia, Karachi

Marfat.com

# نورِ مجسّم صلی اللہ علیہ وسلّم

جاوید اقبال مظہری
بی۔اے، ایل۔ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز۔ کراچی
اسلامی جمہوریہ پاکستان
فون: ۵۸۴۰۷۶۵

Marfat.com

# عارفِ کامل

مفتیٔ اعظم ہند حضرت شاہ مُحمّد مظہر اللہ علیہ الرحمہ

(م-۱۳۸۶ھ / ۱۹۶۶ء)

جاوید اقبال مظہری

بی۔اے، ایل۔ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز

سی، اسٹیڈیم لین نمبر ۱، فیز-۵ خیابانِ شمشیر، ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی۔ کراچی

فون: ۵۸۴۰۷۶۵

Marfat.com

# مظہرِ جمالِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

(حضرت مفتیِ اعظمِ ہند شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ)

جاوید اقبال مظہری
بی اے۔ ایل۔ ایل۔ بی

مظہری پبلی کیشنز
اسلامی جمہوریہ پاکستان
(۱۴۱۹ھ/۱۹۹۸ء)
فون: ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

# ارشادات مفتی اعظم

شیخ الاسلام حضرت شاہ محمد مظہر اللہ قدس سرہ العزیز

مرتبہ

جاوید اقبال مظہری

بی اے، ایل۔ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز کراچی

فون:۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

# حبیب کی باتیں

## صلی اللہ علیہ وسلم

(چالیس احادیث)

جاوید اقبال مظہری
بی اے، ایل ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز

۷۔سی اسٹیڈیم لین نمبر ا، فیز ۵
خیابانِ شمشیر ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کراچی
فون ۵۸۴۰۷۶۵

Marfat.com

# مناقبِ مظہری

(حضرت مفتیِ اعظمِ ہند شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمہ)

جاوید اقبال مظہری

بی۔اے۔ایل۔ایل۔بی

اِدارۂ مسعودیہ کراچی

اسلامی جمہوریہ پاکستان

Marfat.com

# معمولاتِ طیّبات

## حضورِ صلّی اللہ علیہ وسلم

جاوید اقبال مظہری مجدّدی
بی ۔ اے ؛ ایل ۔ ایل ۔ بی

❀

مظہری پبلی کیشنز ۔ کراچی
اسلامی جمہوریہ پاکستان
فون ۔ ۵۸۴۰۷۶۵

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ O (منٰفقون : ۸)
(اور عزت تو اللہ اور اس کے رسول اور مسلمانوں کے لئے ہے مگر منافقوں کو خبر نہیں)

# امام احمد رضا اور مسعود ملت

پروفیسر نبیلہ اسحاق چودھری
شعبۂ اردو زبان و ادب ازہر یونیورسٹی، قاہرہ

مرتبہ
جاوید اقبال مظہری
بی۔اے،ایل۔ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز، ۲۶۰۶/8 - پی آئی بی کالونی کراچی
(اسلامیہ جمہوریہ پاکستان) ۱۴۲۰ھ / ۲۰۰۰

Marfat.com

# مناجاتِ مظہری

از

شیخ الاسلام مفتی اعظم ہند
شاہ محمد مظہر اللہ قدس سرہ العزیز

**تقدیم**

جاوید اقبال مظہری
بی-اے، ایل-ایل-بی

مظہری پبلی کیشنز
اے/۲۶۰۶-پی آئی بی کالونی، کراچی
۱۴۲۱ھ ۲۰۰۰ء

Marfat.com

خصوصی اشاعت برائے امام ربانی کانفرنس
منعقدہ ۱۳ مئی ۲۰۰۱ء کراچی

# ملفوظات حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ

مرتبہ

جاوید اقبال مظہری مجددی
بی اے، ایل - ایل - بی

مظہری پبلی کیشنز
اسلامی جمہوریہ پاکستان

Marfat.com

[illegible]
منعقدہ ۱۱ مئی ۲۰۰۲ء کراچی

# وصال حضرت مجدد الف ثانی

## (امام ربانی شیخ احمد سرہندی فاروقی)

۹۷۱ھ/۱۰۳۴ء


مرتبہ

جاوید اقبال مظہری

بی۔اے، ایل ایل بی



ضیاء الاسلام پبلیکیشنز

فون: ۲۲۱۳۹۷۳-۲۶۳۳۸۱۹


Marfat.com

# آفتابِ ولایت

## شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ

مرتبہ

جاوید اقبال مظہری

بی اے، ایل۔ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز، کراچی

فون: ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

# سرکارِ دو عالم ﷺ

# اور خواتین

جاوید اقبال مظہری

بی۔اے، ایل ایل بی

مظہری پبلی کیشنز

اسلامی جمہوریہ پاکستان کراچی

فون: ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

# نزہتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

جاوید اقبال مظہری
بی اے، ایل۔ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز کراچی
اسلامی جمہوریہ پاکستان
فون ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

# قصیدۂ معراجیہ

## امام احمد رضا علیہ الرحمہ

مرتبہ

جاوید اقبال مظہری مجددی

بی۔اے، ایل ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز کراچی، ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

# معارفِ صحابہ رضی اللہ عنہم



جاوید اقبال مظہری مجددی
بی۔اے، ایل ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز کراچی
فون: ۵۸۴۰۷۶۵

Marfat.com

# مناقبِ شیرِ خدا

سرچشمۂ ولایت مولائے کائنات حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم

جاوید اقبال مظہری نقشبندی مجددی
بی اے، ایل-ایل-بی

مسعودی پبلی کیشنز
٢٠٠٢ء
فون: ٥٨٤٠٩٩٣

Marfat.com

# حضرت محبوب الٰہی
# اور
# ڈاکٹر محمد اقبال

از
جاوید اقبال مظہری
بی اے، ایل ایل بی

مظہری پبلی کیشنز کراچی
فون ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

# وصالِ مظہری

(مفتی اعظم حضرت شاہ محمد مظہر اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا سفر آخرت)

جاوید اقبال مظہری
بی اے ایل ایل بی

مظہری پبلی کیشنز
اسلامی جمہوریہ پاکستان
۲۰۰۲ء
فون: ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

# اسمِ معظم محمد صلی اللہ علیہ وسلم

## مقالہ برائے جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم

جاوید اقبال مظہری

بی اے، ایل۔ایل۔بی

مظہری پبلیکیشنز کراچی

۲۰۰۲

فون: ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

# احسانِ عظیم

جاوید اقبال مظہری
بی اے، ایل۔ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز کراچی
اسلامی جمہوریہ پاکستان
فون ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

ذخیرہ

# مولودِ مسعود

(شیخ احمد سرہندی حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ کی تشریف آوری)

## مقالہ برائے، امام ربانی کانفرنس ۲۰۰۳ء

از

جاوید اقبال مظہری
بی اے، ایل ایل بی

مظہری پبلی کیشنز، کراچی

فون: ۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

دربار رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم
میں
حضرت مجدد الف ثانی کی مقبولیت

# مقالہ
# برائے امام ربانی کانفرنس

مورخہ ۲/اپریل ۲۰۰۴ء بروز جمعۃ المبارک

از

جاوید اقبال مظہری
بی اے، ایل۔ایل۔بی

مظہری پبلی کیشنز کراچی
۵۸۴۰۹۹۳

Marfat.com

# طبیبِ اعظم ﷺ اور امراض قلب

ذخیرہ

جاوید اقبال مظہری

بی اے، ایل ایل بی

مظہری پبلی کیشنز کراچی

فون 5840993

Marfat.com